تازہ مضمون ہوئے گرچہ بہت کم پیدا

(جناب نجم الدین صاحب ثاقب بدایونی قادری المخاطب بہ امام الکلام پہلوان سخن)

جا بجا احکامِ ربانی کا اجرا کر دیا | حق تو یہ ہے تم نے حق کا بول بالا کر دیا
خود پرستوں کو رضائے حق کا جویا کر دیا | منکروں کو روشناسِ حق تعالیٰ کر دیا
عظمتِ ذاتِ خدا کا اسمِ اعظم پھونک کر | چپے چپے پر نشانِ صدق برپا کر دیا
کوششِ پیہم سے کفرِ مادیت توڑ کر | ہر طرف اشغالِ روحانی کا چرچا کر دیا
سرکشوں کا سر خدا کے سامنے جھکوا دیا | ملحدوں کو ذاتِ واحد سے شناسا کر دیا
ذکرِ مولائے جہاں سے دو جہاں تک گونج اٹھا | رتبۂ نامِ خدا بالا سے بالا کر دیا
خلق کا رخ جانبِ نورِ ہدایت موڑ کر | ملتِ بیضا کو اسمِ با مسمیٰ کر دیا

دولتِ صبر و رضا اہلِ جہاں کو بانٹ کر
زندگی کی کلفتوں کو راحت افزا کر دیا
خام کاروں کو رہِ صدق و صفا پر ڈال کر
دین میں مضبوط ایمانوں میں پکا کر دیا

(جناب الطاف احمد صاحب انصاری — از رسالہ پیشوا غوث الاعظم نمبر ۱۹۳۳ء)

۳

دل میں کھنچ جائے کچھ اس طور سے نقشہ تیرا ۔۔۔ ہر دم آنکھوں کو میسر ہو نظارہ تیرا
پھر نظر آئے کہیں وہ رخِ زیبا تیرا ۔۔۔ منتظر دیر سے ہے دیکھنے والا تیرا
اولیا نے ترے قدموں کو لیا گردن پر ۔۔۔ مرحبا صلِ علیٰ رتبۂ والا تیرا
یوسفِ حسنِ ولایت شہِ خوبانِ جہاں ۔۔۔ اک نظر مجھ پہ کہ بیدام ہوں بندہ تیرا
خوف خورشیدِ قیامت سے مجھے کیونکر ہو ۔۔۔ کیا نہیں ہے مجھے دامن کا سہارا تیرا
کون ہے جس کو ترے در سے ولایت نہ ملی ۔۔۔ کون ہے جو نہیں پہچانتا رتبہ تیرا
شب جسے کہتے ہیں وہ زلفِ سیہ ہے تیری ۔۔۔ روز کہتے ہیں جسے ہے رخِ زیبا تیرا
دھوم ہے شرق سے تا غرب یہ کس کی تیری ۔۔۔ شہرہ ہے فرش سے تا عرش یہ کس کا تیرا
تو نے تقدیر ہزاروں کی دعا سے بدلی ۔۔۔ ایک محروم نہ رہ جائے یہ بندہ تیرا
لاتخف اپنے مریدوں سے ہے ارشادِ عظیم ۔۔۔ کس قدر جوش پہ ہے فضل کا دریا تیرا

کچھ خبر فائقِ بیمار کی بھی ہے کہ نہیں
دم شب و روز یہ بھرتا ہے مسیحا تیرا

(مولوی سید شاہ محمد عثمان میاں صاحب حسینی قادری فائق رحمۃ اللہ علیہ)

۴

طالب اے غوث ہے اللہ تعالیٰ تیرا ۔۔۔ واہ کیا مرتبہ ہے افضل و اعلیٰ تیرا
سب گھرانوں سے مقدس ہے گھرانا تیرا ۔۔۔ کل گھرانوں میں ہے اے شمع اجالا تیرا
ندیاں جس سے ہیں بہتیں یہ وہ ہے چشمہ تیرا ۔۔۔ چشمے جس سے ہیں ابلتے وہ ہے رشحہ تیرا

قطب ہو غوث ہو اوتاد ہو ابدال مگر
نہ کیا ہے نہ کریگا کوئی دعوےٰ تیرا

کیا کریں فکر کہ کچھ ہم سے نہیں بن پڑتی
اس لئے ہم لئے بیٹھے ہیں سہارا تیرا

تو وہ مخدوم ہے ہر ایک ہے تیرا خادم
تو وہ مولا ہے کہ ہر ایک ہے بردا تیرا

جدِّ امجد ہے دو جانب سے علیؓ شیرِ خدا
بخدا ہے حسب اچھا نسب اچھا تیرا

تری قدرت تری رنگت تری شوکت تری شان
جلوۂ برزخِ کبریٰ ہی سراپا تیرا

تیرا مردود ہے اے غوث خدا کا مردود
چاہا اللہ کا ہے چاہنے والا تیرا

اولیاء جس کو سمجھتے ہیں کمندِ وحدت
اے مہِ برجِ ولایت وہ ہے بالا تیرا

بے نیازی میں بھی اللہ کو خاطر ہے تری
ناز بردار ہے پیارے مرا پیارا تیرا

نزع میں قبر میں محشر میں مریدوں کیلئے
تو مددگار ہے کافی ہے سہارا تیرا

دین و دنیا میں مریدوں کے ہی سر پر سایہ
میرے مولا مرے صاحب مرے آقا تیرا

پوچھے جائیں گے عمل سے تو سنا دینگے ہم
واسطہ تیرا مدد تیری وسیلہ تیرا

المدد اے شہِ بغداد کہ عاصی تسلیم
بندۂ بے دام و درم کس کا ہے تیرا تیرا

(شاہ غلام جیلانی بادشاہ صاحب قادری بیدک ۔ از دیوانِ تسلیم)

۵

واہ کیا مرتبہ اے غوثؓ ہے بالا تیرا
اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا

تو حسینی حسنی کیوں نہ محیِّ دیں ہو
اے خضر مجمعِ بحرین ہے دریا تیرا

مصطفیٰ کے تنِ بے سایہ کا سایہ دیکھا
جس نے دیکھا مری جاں جلوۂ زیبا تیرا

کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابن ابی القاسم ہے
کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا

سورج اگلوں کے چمکتے تھے چمک کر ڈوبے
افقِ نور پہ ہے مہر ہمیشہ تیرا

مُرغ سب بولتے ہیں بول کے چپ رہتے ہیں　　ہاں اصیل ایک نوا سنج رہیگا تیرا
جو ولی قبل تھے یا بعد ہوئے یا ہونگے　　سب ادب رکھتے ہیں دل میں مرے آقا تیرا
سارے اقطاب جہاں کرتے ہیں کعبہ کا طواف　　کعبہ کرتا ہے طوافِ درِ والا تیرا
اور پروانے ہیں جو ہوتے ہیں کعبہ پہ نثار　　شمع اک تو ہے کہ پروانہ ہے کعبہ تیرا
کس گلستاں کو نہیں فصلِ بہاری سے نیاز　　کون سے سلسلے میں فیض نہ آیا تیرا
مزرعِ چشت و بخارا و عراق و اجمیر　　کون سی کشت پہ برسا نہیں جھالا تیرا
ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر　　بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا
مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائینگے اعدا تیرے　　نہ مٹا ہے نہ مٹیگا کبھی چرچا تیرا
تو گھٹائے سے کسی کے نہ گھٹا ہے نہ گھٹے　　جب بڑھائے تجھے اللہ تعالیٰ تیرا

اے رضا چیست غم از جملہ جہاں دشمن تست
کردہ ام مامنِ خود قبلہ حاجاتے را

(مولانا مولوی احمد رضا خاں صاحب قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ ۔ از حدائق بخشش حصہ اول)

میں ہوں اے غوثِ جہاں والہ و شیدا تیرا　　ذکر عالم میں رہے گا یہی میرا تیرا　　۶
اولیا میں ہو نہ کیوں مرتبہ اعلیٰ تیرا　　کوئی ثانی کوئی ہمسر نہیں شاہا تیرا
حق ہے جو کچھ شرف و قدر تجھے حق نے دیا　　دیکھنا دیدۂ حق بیں سے تماشا تیرا
رونق افزائے گلِ گلشنِ خوبی تو ہے　　رنگ و بو لائے کہاں سے گلِ رعنا تیرا
تپشِ مہرِ قیامت سے نہیں خوف مجھے　　حشر میں سر پہ رہیگا مرے سایہ تیرا
صورتِ شاہدِ مقصود نظر آجائے　　دیکھ لوں آئینۂ روئے مصفا تیرا
چھوڑ کر جائیں کہاں در ترا اے قطبِ زماں　　ہم فقیروں کو دو عالم میں ہے تکیہ تیرا
دستگیری تری ہر حال میں ہو شاملِ حال　　یہی ہم کو ہے سہارا مرے مولا تیرا
کیوں نہ جائیگا ضیا منزلِ مقصود تلک

اس کے ہے پیشِ نظر نقشِ کفِ پا تیرا
(جناب منشی عبدالرحیم صاحب ضیاؔ ۔ از مقاماتِ دستگیری)

۷ نظر میں دل میں ہے تیری صورت لبوں پہ ہر دم ہے نام تیرا
اسی طرح سے رہا ہے اب تک یونہی رہے گا غلام تیرا
بُرا ہوں اچھا بنا دے آقا یہ دل ہے مُردہ تو کر دے زندہ
کہ عبدِ قادر محیِّ دیں ہے جہاں میں مشہور نام تیرا
وہ ساغر جم جہاں نما تھا یہ جامِ غوثی خدا نما ہے
کہ ہر وہ جام منشّی اس کا کہاں یہ عرفاں کا جام تیرا
تری گلی میں پڑا ہوا سگ پچھاڑے شیروں کو ہو کے غالب
رہے ہزاروں پہ کیوں نہ بھاری مُرید تیرا غلام تیرا
ہو کوئی مجذوب کوئی سالک ہو قطب و ابدال یا ولی ہو
ترے ہی در سے ملا ہے سب کو جہاں میں ہے فیضِ عام تیرا
سیاہ کاروں پہ رحم کرنا گناہ گاروں کو بخشوانا
بوقتِ فریاد دستگیری قسم خدا کی ہے کام تیرا
ہمارے مالک جہاں کے آقا لقب ہے تیرا ہی پیرِ پیراں
کھڑا ہوا ہے ترے ہی در پر یہ فضلؔ ادنیٰ غلام تیرا
(جناب مولوی محمد عبدالمقتدر صاحب صدیقی قادری فضلؔ ۔ از اشکِ محبت)

۸
حق ہے یا غوثؓ آشنا تیرا　　ہم سے کیا وصف ہو ادا تیرا
کہدے اب تو زبانِ پاک سے قُم　　دل ہوا کشتۂ ادا تیرا
سر میں ہر اک کے ہے ترا سودا　　دل ہر اک کا ہے مُبتلا تیرا

۸

عرش کے رونق فزا غوث الوریٰؓ　　　دینِ ایماں کی ضیا غوث الوریٰؓ
جانشینِ احمدِ عالی وقار　　　نورِ حق شانِ خدا غوث الوریٰؓ
راحتِ جانِ علیؓ و فاطمہؓ　　　حضرت غوث الورا غوث الوریٰؓ
شبّر و شبیرؓ کے لختِ جگر　　　پیشوائے اولیا غوث الوریٰؓ
مجھ کو یا حضرت نہ بھولیں حشر میں　　　ہوں بڑا ہی پُر خطا غوث الوریٰؓ
میں دکن میں اور تم بغداد میں　　　جینا یہ کس کام کا غوث الوریٰؓ
بس یہی حسرت ہے کہ وقتِ اخیر　　　لب پہ ہو یا پیر یا غوث الوریٰؓ
آپ ہی کے در سے پائینگے حضور　　　دردِ عصیاں کی دوا غوث الوریٰؓ

ہند میں کب تک پکارے یوں ولیؔ
جلوہ دکھلا دو ذرا غوث الورا

(جنابِ ابوالحسنات سید ولی اللہ صاحب ولیؔ حیدرآبادی ۔ از گلزارِ ولی)

۹

واقفِ رازِ خفی غوث الوریٰؓ　　　مصدرِ سرِّ جلی غوث الوریٰؓ
آپ کے جلوے میں جلوہ دیکھ کر　　　ہو گیا قربان جی غوث الوریٰؓ
ہم رہیں ہر دم ترے قدموں کے پاس　　　ہے یہی اپنی خوشی غوث الوریٰؓ
دولتِ دیدار ہاتھ آئے اگر　　　میں بھی کہلاؤں غنی غوث الوریٰؓ
کیوں نہ ہو آلِ رسول اللہ میں　　　اور اولادِ علیؓ غوث الوریٰؓ
سلسلے میں ہم بھی ہیں رکھنا خیال　　　ہو چکے ہیں قادری غوث الوریٰؓ
ہم کو بغدادِ معلی میں ضرور　　　یاد فرماؤ کبھی غوث الوریٰؓ
ہم غلاموں کی تمہارے ہجر میں　　　بے مزہ ہے زندگی غوث الوریٰؓ
رات دن آنکھوں میں بس پھرتی رہے　　　شکلِ انور آپ کی غوث الوریٰؓ
ہے یداللہ فوق ایدیہم سے صاف　　　سلسلے کی راستی غوث الوریٰؓ

آرزو شایق کی پوری ہو ضرور
کب سے ہے وہ ملتجی غوث الوریٰ

(جناب مفتی مولوی میر اعظم علی صاحب شایقؔ - از کلیات شایق)

۱۰
مجھ کو کافی ہے مرے غوث الوریٰ کا آسرا — ہے حقیقت میں یہی تو مصطفیٰ کا آسرا
دھیان زلفِ پیر کا کیونکر نہ ہو روزِ فراق — دھوپ کی شدت میں نعمت ہے گھٹا کا آسرا
کھینچ لائیگا کبھی مقصد خدا کے پاس سے — ہم کو اے دل ہے بہت دستِ دعا کا آسرا
پیر کی فرقت میں موت اچھی نظر آسے نہ کیوں — نزع کی سختی میں ہوتا ہے قضا کا آسرا
خاک اُڑ اُڑ جائے گی ایک روز تو بغداد میں — ہم ہوئے برباد لیکن ہے صبا کا آسرا
پیر کے قدموں کے باعث منزلِ مقصد ملی — گمرہوں کو ہاتھ آیا نقشِ پا کا آسرا
عاشقانِ ناتواں کو ہے بھروسہ آہ کا — جیسے ہوتا ہے ضعیفوں کو عصا کا آسرا
کوئے غوثِ پاک ہے حق میں مرے دار الشفا — مجھ مریضِ زار کو کب ہے دوا کا آسرا

ہے فنا لازم نہ دنیا کو سمجھ دار الخلود
دوپہر کی دھوپ ہے شایق بقا کا آسرا

(ایضاً)

۱۱
پیارے نبی سے ملتا ہے انداز غوث کا — ہے راز احمدی میں نہاں راز غوث کا
اللہ سے عہد اور غلاموں کے واسطے — کس درجہ بے نیاز سے ہی راز غوث کا
پنہاں ہے نورِ احمدِ مختار کا اثر — صورت کرامتوں کی ہے اعجاز غوث کا
پروا نہیں ہے کچھ اسے دونوں جہان کی — جو ہو گیا ہے عاشقِ جانباز غوث کا
وہ شرق میں ہوں خادم اگر غرب میں تو کیا — پھیلا ہے دور تک پر پرواز غوث کا

ہر وقت ہے یہی دلِ شایق کی التجا
یارب مجھے بنا دے تو ہمراز غوث کا

(ایضاً)

کلامِ بلاغت نظام

۱۲

کیا ہے رتبہ اعلیٰ حق نے ایسا غوثِ اعظم کا
سرِ عرشِ بریں ہے بول بالا غوثِ اعظم کا

نبی نے دوشِ غوثِ پاک پر جس دم قدم رکھا
تو سب ولیوں کی گردن پر قدم تھا غوثِ اعظم کا

ہوئے جتنے ولی سب آپ ہی کے زیرِ سایہ ہیں
نہیں چمکا ہے ایسا نام جیسا غوثِ اعظم کا

ہزاروں اولیاء اللہ عالی رتبہ ہیں بےشک
مگر ہے مرتبہ اعلیٰ سے اعلیٰ غوثِ اعظم کا

مرے قالب میں میرے دل میں میرے ہر بُنِ مو میں
بسا ہے شوق کس کا عشق کس کا غوثِ اعظم کا

سہاروں میں سہارا ہے سہارا فخرِ عالم کا
وسیلوں میں وسیلہ ہے وسیلہ غوثِ اعظم کا

وہیں فی الفور کی بس آپ نے اسکی مدد بےشک
کسی نے نام جب لے کر پکارا غوثِ اعظم کا

تصدق غوثیت کے قطبیت کے ہیں دل و جاں سے
یہ کیسا نام ہے پیارے سے پیارا غوثِ اعظم کا

وہ مالک ہیں وہ صاحب ہیں وہ آقا ہیں مرے بےشک
فقیر و عاجز و مسکین ہوں بندہ غوثِ اعظم کا

حقیقت کیا ہے اس کے سامنے فغفور و قیصر کی
کہ اعلیٰ ہے غلام ادنیٰ سے ادنیٰ غوثِ اعظم کا

ہوا جو نام عبد القادر اسکی وجہ یہ پائی
مقرب عبد ہے قادر ہے مولا غوثِ اعظم کا

نہ کیونکر ہم کہیں بغداد کو جنت سے بھی بڑھ کر
کہ اس میں روضۂ انور ہے کیسا غوثِ اعظم کا

اُسے آصف ہے کیا اندیشہ جس کے یہ وسیلہ ہوں
بھروسہ فخرِ عالم کا سہارا غوثِ اعظم کا

(اعلیٰحضرت غفران مکان نواب میر محبوب علیخاں آصف مرحوم مغفور)

۱۳

ہے اب پیش نظر میرے سراپا غوث اعظم کا ۔۔۔ جدھر دیکھوں نظر آتا ہے جلوا غوث اعظم کا

تصور جم گیا آئینہ دل میں ہے جب سے ۔۔۔ نظر ہر چیز میں آتا ہے چہرا غوث اعظم کا

عجب ہے شان حضرت کی کہ میں کچھ کہ نہیں سکتا ۔۔۔ سراپا نقشہ وحدت ہی نقشہ غوث اعظم کا

خدا اور مصطفیٰ کی دید اس کو کیوں نہ حاصل ہو ۔۔۔ تصور میں جو دیکھے روئے والا غوث اعظم کا

خیال روئے والا میں ہوا ہوں محو کچھ ایسا ۔۔۔ سراپا بن گیا ہے میر نقشہ غوث اعظم کا

خدا کے فضل سے سب اولیاؤں میں زمانے کے ۔۔۔ کسی نے بھی نہیں پایا ہے رتبہ غوث اعظم کا

تمنائے زیارت شاد کے دل میں ہے مدت سے

دکھا دے یا الٰہی اس کو روضہ غوث اعظم کا

(یمین السلطنت مہاراجہ سر کشن پرشاد سابق صدر اعظم بہادر شاد ۔ از باغ شاد)

۱۴

مرے لب پر جو نام پاک آیا غوث اعظم کا ۔۔۔ تڑپ کر دل نے اک نعرہ لگایا غوث اعظم کا

غلام شاہ جیلاں کا ذرا رتبہ کوئی دیکھے ۔۔۔ بنا ہے چتر رحمت سر پہ سایا غوث اعظم کا

ہوا سو جان سے قرباں میں نقاش تصور پر ۔۔۔ وہ نقشہ کھینچ کر مجھ کو دکھایا غوث اعظم کا

فلک اس در پہ مجرائی ملک اس در کے شیدائی ۔۔۔ یہ شان غوث اعظم ہے یہ پایا غوث اعظم کا

طریقت میں شریعت میں ولایت میں کرامت میں ۔۔۔ کسی نے مرتبہ اب تک نہ پایا غوث اعظم کا

حکومت پر ہوں نازاں حکمراں میں اپنے نازاں ہوں ۔۔۔ کہ خالق نے گدا مجھ کو بنایا غوث اعظم کا

دعا یہ ہے کہ جب درپیش ہو ہنگامہ محشر ۔۔۔ نہ چھوٹے ہاتھ سے دامن خدایا غوث اعظم کا

معطر ہو گئی محفل گل جنت کی خوشبو سے ۔۔۔ کسی نے جب کوئی قصہ سنایا غوث اعظم کا

نہ اٹھتا ہے اٹھائے سے نہ مٹتا ہے مٹائے سے ۔۔۔ دلوں پر حق نے وہ سکہ بٹھایا غوث اعظم کا

ہوائے گلشن بغداد کے آنے لگے جھونکے ۔۔۔ گل داغ عقیدت رنگ لایا غوث اعظم کا

لیا آغوش میں چشم و دل عشاق نے بڑھ کر ۔۔۔ دو عالم میں نہ جب جلوہ سمایا غوث اعظم کا

لقب حضرت کو قدرت نے دیا محبوب سبحانی ۔۔۔ پسند ایسا ہر اک انداز آیا غوث اعظم کا

محی دین پیغمبر ہوئے غوث الوریٰ ٹھہرے — وقار اللہ نے کیا کیا بڑھایا غوث اعظمؓ کا
کہاں ہیں تشنہ لب سیراب ہونے کو ادھر آئیں — کہ ابرِ فیض ہے ہر سمت چھایا غوث اعظمؓ کا
نظر اسکی ہے آنکھیں اسکی ہیں تقدیر اس کی ہے — جسے اللہ نے جلوہ دکھایا غوث اعظمؓ کا

جلیلؔ اللہ کے دیدار احمد کی شفاعت کو
ہمیں اچھا وسیلہ ہاتھ آیا غوث اعظمؓ کا

(استادِ سخن نواب فصاحت جنگ بہادر جلیلؔ ۔ معراجِ سخن)

۱۵

رسول اللہ کا جلوہ ہے جلوہ غوث اعظمؓ کا — عجب پیارا عجب بانکا ہے نقشہ غوث اعظمؓ کا
زلیخا عاشقِ یوسف تو مجنوں عاشقِ لیلیٰ — طبیعت اپنی اپنی میں ہوں شیدا غوث اعظمؓ کا
ولی وہ ہو گیا جس پر پڑی بانکی نظر ان کی — بڑی سرکار ہے اللہ رے رتبا غوث اعظمؓ
محبت پیر کی دل سے نہ جائے اے مرے خالق — مرے سر میں رہے تا حشر سودا غوث اعظمؓ کا
خبر ہم کو ملی البیضۃ منا بالف سے — کہ بڑھ کر شاہ سے خادم ہے ادنیٰ غوث اعظمؓ کا
ذرا اہلِ نظر سے پوچھئے تو لطف آئیگا — نظر میں ان کے ہے کیا کیا تماشا غوث اعظمؓ کا
اگر سچے ہیں ہم خادم تو کیا ڈر نزع کا ہم کو — رہیگا سامنے اس دم بھی چہرا غوث اعظمؓ کا
جسے چاہا اسی دم بحرِ الفت میں دیا غوطہ — ازل سے تا ابد بہتا ہے دریا غوث اعظمؓ کا
ہمیں کیوں ہو بھلا ڈر گرمیِ خورشیدِ محشر سے — مبارک ہو ہمارے سر پہ سایا غوث اعظمؓ کا
رہے ہر دم ہی پیشِ نظر ایمان ہے اپنا — کہ مصحف سے نہیں کم روئے زیبا غوث اعظمؓ کا

یہ ادنیٰ خاک کا ذرہ وہ نورِ رحمتِ عالم
بیاں ہو وصف شائقؔ سے بھلا کیا غوث اعظمؓ کا

(مولوی میر اعظم علی صاحب شائقؔ مفتی اول بلدہ مرحوم ۔ از کلیات شائقؔ)

۱۶

نظر میں دل میں سینہ میں ہے جلوہ غوث اعظمؓ کا — سراپا ہے مرا آئینہ خانہ غوث اعظمؓ کا

تماشا دیدنی ہوگا عدالت گاہِ محشر میں / جو میرے ہاتھ میں دامن رہیگا غوثِ اعظمؓ کا
یہ وہ آئینہ ہے شانِ خدا ہے آئینہ جس میں / کوئی دیکھے خدا را روئے والا غوثِ اعظمؓ کا
رسول اللہ کو دیکھا نہیں ہے جس نے وہ دیکھے / سراپا برزخِ کبریٰ ہی نقشہ غوثِ اعظمؓ کا
برائے دیدنِ لیلیٰ بباید دیدۂ مجنوں / کوئی دیکھے مری آنکھوں سے جلوہ غوثِ اعظمؓ کا

لحد ہے مردمک پلکیں مثالِ چادرِ گل ہیں
وطن کا دیدۂ حق بیں ہے روضہ غوثِ اعظمؓ کا

(مولوی سید شاہ افتخار علی صاحب چشتی وطن رحمۃ اللہ علیہ۔ از بستانِ تصوف)

۱۷
تجلی خدا ہے روئے زیبا غوثِ اعظمؓ کا / مقدر اس کا جس نے دیکھا چہرہ غوثِ اعظمؓ کا
مری آنکھوں میں کھنچ جائے سراپا غوثِ اعظمؓ کا / نظر آئے مرے دل میں تماشا غوثِ اعظمؓ کا
نہیں جنت کا خواہاں ہوں نہ طالب حور و غلماں کا / الٰہی دے مجھے عشق و تولا غوثِ اعظمؓ کا
مبارک زاہدوں کو ناز اپنے زہد و تقوی پر / گنہ گاروں کو کافی ہے وسیلہ غوثِ اعظمؓ کا
کروں میں ناز جتنا بھی مری قسمت پہ زیبا ہے / خدا کا شکر دامن ہاتھ آیا غوثِ اعظمؓ کا
خیالِ غوثِ اعظم میں بسر ہو زندگی میری / دمِ آخر نظر آجائے چہرہ غوثِ اعظمؓ کا
کوئی شیریں کا عاشق کوئی دیوانہ ہے لیلیٰ کا / بنا دے مجھ کو دیوانہ خدایا غوثِ اعظمؓ کا

نہ گھبرا گرمیٔ خورشیدِ محشر سے تو اے حاذق
بہت کافی ہے تیرے سر پہ سایہ غوثِ اعظمؓ کا

(جناب مولوی سید شاہ یحییٰ بادشاہ صاحب قادری حاذق)

۱۸
تصور مجھ کو رہتا ہے ہمیشہ غوثِ اعظمؓ کا / زباں پر ہے مرے ہر دم وظیفہ غوثِ اعظمؓ کا
حسینانِ جہاں کی گر گئی تصویر آنکھوں سے / نگاہوں میں کھنچا ہے جب سے نقشہ غوثِ اعظمؓ کا
تصدق صورتِ پروانہ کردونگا دل و جاں کو / نظر آئیگا جس دم مجھ کو چہرا غوثِ اعظمؓ کا

جگر بندِ علیؓ و فاطمہؓ لختِ دلِ احمدؐ | تعالیٰ اللہ کیا اعلیٰ ہے رتبہ غوثِ اعظمؓ کا
صفا میں نور میں تابندگی میں روشنائی میں | مہ و خورشید سے بہتر ہے چہرہ غوثِ اعظمؓ کا
نہ ہونگا طالبِ گلزارِ فردوسِ بریں یارب | اگر رہنے کو مل جائے گا کوچہ غوثِ اعظمؓ کا

ازل سے ہم شریکِ کشتگانِ تیغِ الفت ہیں
ہمارے دل پہ ہے محمودؔ قبضہ غوثِ اعظمؓ کا

(جنابِ محمود - از جلوۂ احمدی حصہ سوم)

۱۹

ازل کے دن سے ہوں دلدادہ ایسا غوثِ اعظمؓ کا | رہے گا تا ابد میں سر میں سودا غوثِ اعظمؓ کا
حرم میں دیر میں چشم و نظر میں خانۂ دل میں | غرض ہر شے میں ہے ہر جا پہ جلوا غوثِ اعظمؓ کا
وہیں بس ہو گئیں آسان ساری مشکلیں اسکی | جنہوں نے نام لے کر پکارا غوثِ اعظمؓ کا
یہ ممکن ہے نہیں اس میں خیالِ غیر آ جائے | تصور جس نے ہے دل میں جمایا غوثِ اعظمؓ کا
فلک دربان ہو جس کا ملک قربان ہوں جس پر | یہ وہ ہے مرتبہ اعلیٰ سے اعلیٰ غوثِ اعظمؓ کا
کوئی تصویر جیسے آئینہ میں جلوہ آرا ہو | کھنچا آنکھوں میں ہے اس طرح نقشہ غوثِ اعظمؓ کا
تپشِ خورشیدِ محشر کی اذیت کیا اسے دیگی | رہیگا جس کسی کے سر پہ سایا غوثِ اعظمؓ کا

پئے بخشش غلامی کا لقب سردارؔ اچھا ہے
مجھے کافی ہے محشر میں سہارا غوثِ اعظمؓ کا

(جنابِ شاہ یحییٰ عالم صاحب قادری سردارؔ تلمیذ حضرت جلیل از جلوۂ طور)

۲۰

ہے مری آنکھوں میں جلوہ غوثؓ کا | پتلیوں میں ہے تماشا غوثؓ کا
غوثؓ کی چاہت ہے سینہ میں بھری | کھنچ گیا ہے دل میں نقشہ غوثؓ کا
یا خدا بغداد پہنچا دے مجھے | دیکھ لوں آنکھوں سے روضہ غوثؓ کا
بن گئی دار الشفا اُن کی گلی | دل ہر اک بیمار نکلا غوثؓ کا
بے کہے یا غوثؓ کل پڑتی نہیں | ہے مجھے ہر دم وظیفہ غوثؓ کا

نذرِ عقیدت بحضور غوثِ اعظم — ردیف الف

دیکھ لیتے ہیں تجلّی ذات کی
حق نما ہے روئے زیبا غوثؓ کا

مشکلیں حل ہو گئیں واقف مری
نام جب لیکر پکارا غوثؓ کا

(حکیم امتیاز حسین صاحب واقف تلمیذ حضرت جلیل ۔ از ترانۂ واقف)

۲۱

مشہور ہے یہ سکّے قلم کے سریر کا	ہے دوشِ اولیا پہ قدم دستگیر کا
عالم کو تیغِ فیض سے تسخیر کر لیا	فرزند ہے وہ بادشہِ قلعہ گیر کا
یک پل میں جسکو چاہے اسے بادشہ کرے	یہ اختیار ہے ترے در کے فقیر کا
دل میں سوا خدا کے نہ تھی ماسوا کی جا	کیسا خلوص تھا مرے پیرونکے پیر کا
حاصل ہو سیرِ گلشنِ بغداد کی مجھے	مشتاق ہوں میں خطّۂ جنت نظیر کا
پوچھو معینِ دینؒ سے تم فضلِ محیِ دینؓ	معلوم ہے فقیر کو رتبہ فقیر کا
طفلی میں دیکھو حرمتِ ماہِ صیام سے	دن بھر کیا جناب نے پرہیز شیر کا
بڑھکر ہے بادشاہِ جہاں کے سریر سے	رتبہ مرے حضور کے فرشِ حصیر کا

اُن سے ضیا ہے رونقِ دینِ محمدیؐ
باہر نہ شرع سے ہے قدم دستگیر کا

(جناب عبدالرحیم صاحب ضیا ۔ از مقاماتِ دستگیری)

۲۲

شیفتہ ہے دل ہمارا، پیرؓ کا	یا الٰہی ہو نظارا، پیرؓ کا
مسکن اپنا جلد ہو بغداد میں	ہجر ہے کس کو گوارا، پیرؓ کا
حل ہوئی مشکل وہیں اس شخص کی	نام لیکر جب پکارا، پیرؓ کا
اولیا را ہست قدرت از الٰہ	تیرِ جستہ ہے اشارا، پیرؓ کا
ہر ادا سے شانِ وحدت ہی عیاں	جلوۂ حق ہے نظارا، پیرؓ کا

جس نے دیکھا جان سے شیدا ہوا حق نے کیا نقشہ اُتارا پیر کا
کس کی طاقت کس کا دل کس کا دماغ لکھ سکے احوال سارا پیر کا

شائقِ خستہ ہے کافی روزِ حشر
ہم غلاموں کو سہارا پیر کا

(مفتی میر اعظم علی صاحب شائقؔ - از کلیاتِ شائق)

۲۳

ہر دم زباں پہ نام ہے پیروں کے پیر کا یوں ذکر صبح و شام ہے پیروں کے پیر کا
اللہ جانتا ہے یہ بندوں کی کیا مجال کیا رتبہ کیا مقام ہے پیروں کے پیر کا
قبضہ ہے ملکِ دین پہ اسی شہریار کا ہر جا پہ انتظام ہے پیروں کے پیر کا
جس نے پیا خلوص سے وہ با خدا ہوا وحدت کا جام جام ہے پیروں کے پیر کا
ہر ایک آفتاب کو آخر ہوا زوال شمسِ علیٰ مدام ہے پیروں کے پیر کا
ہر مہر کی اُن کی شکل پہ قربان جان ہے ہر ایک دل سے رام ہے پیروں کے پیر کا
کہتا ہوں نام سنتے ہی اُمّی ابی فداک وہ پیارا پیارا نام ہے پیروں کے پیر کا
ہوتے ہیں فیض یاب ابھی تک ہزار ہا کیا فیض فیضِ عام ہے پیروں کے پیر کا

پوچھے کوئی پتہ تو بتا نا یہی
شائقؔ بھی اک غلام ہے پیروں کے پیر کا

(ایضاً)

۲۴

بغداد کو جاؤں تو میں ہو جاؤں وہیں کا ہو دفن میسّر مجھے اس پاک زمیں کا
مضطر ہوں بلا لیجئے بغداد میں شاہا بر لائیے مقصد دلِ ناشاد و حزیں کا
ہوں نزع میں یا پیر مدد کیجئے میری ہو جائے نہ قبضہ کہیں ابلیسِ لعیں کا
بغداد کی دکھلا کے فضا مست بنا دو ارماں نہ مرے دل میں ہے خلدِ بریں کا

یا غوث اعظمی مجھے بلوائیے بغداد | یا پیر مدد کن کہ نہ ہو جاؤں یہیں کا
چوکھٹ پہ جو سر اپنا رگڑتا ہوں شب و روز | مطلب یہ ہے مٹ جائے جو لکھا ہے جبیں کا

یا غوث پہ ہو خاتمہ بالخیر خدایا
ہے خوف سبھی کو تو دمِ بازپسیں کا

(مولوی سید شاہ قطب میاں صاحب حسینی قادری)

۲۵

وا گیسوئے شہ کی ہے ثنا میں دہن اپنا | منہ بند رکھے نافۂ مشک ختن اپنا
مر کر بھی غمِ شہ میں ہے آوارہ پن اپنا | لاشہ کہیں اپنا ہے کہیں ہے کفن اپنا
ظاہر ہے پس مرگ بھی دیوانہ پن اپنا | تربت نہ سلامت ہے نہ ثابت کفن اپنا
باندھی جو کمر ذوقِ غریب الوطنی نے | کس یاس سے منہ تکتی ہے صبح وطن اپنا
کیا داغِ فراقِ شہِ بغداد سے نسبت | منہ دیکھ ذرا شمع سرِ انجمن اپنا
زائر یہ پکار اٹھتے ہیں بغداد میں جاکر | قربان غریب الوطنی پر وطن اپنا
سن لے اسے جو غوث کی ہے شان کا منکر | ہر شعر ہے اک پاسخ دنداں شکن اپنا
اس دوریٔ بغداد نے رکھا نہ کہیں کا | غربت ہی اب اپنی ہے نہ اپنا وطن اپنا
ہم غوث کے مداح ہیں ہم غوث کے پیرو | شیوا بھی اپنا ہے یہی ہے چلن اپنا
ہے حسرتِ نظارۂ حضرت ابھی باقی | ہم منہ نہ چھپائینگے میانِ کفن اپنا
یا غوث کوئی ضبط کی حد بھی شبِ فرقت | رکتا نہیں اب نالۂ گردوں شکن اپنا
ہو نظرِ ساقیٔ کوثر ترے قرباں | کب تک رہے یوں خشک یہ کام و دہن اپنا
جی بھر کے زیارت کے مزے لوٹتے اے دل | تقدیر سے بغداد جو ہوتا وطن اپنا

مدحِ شہِ بغداد کا یہ فیض ہے زیرکؔ
حورانِ جناں کی ہے زباں پر سخن اپنا

(جناب مولوی سید علی احمد صاحب زیرک مرحوم ۔ از تصورات زیرک المعروف بہ تجلی عرفان)

مئے عشقِ شہِ بغداد پلائے یارب	اپنے محبوب کا متوالا بنائے یارب	۲۶
میری حسرت ہے یہی میری تمنا ہے یہی	زندگی میں مجھے بغداد دکھائے یارب	
یاد حضرت کے سوا دھیان کسی کا نہ رہے	خود مجھی کو تو مرے دل سے بھلائے یارب	
اس طرح سے مری آنکھیں کبھی کر دے پرنور	غوثِ اعظم کا رخِ پاک دکھائے یارب	
میکدہ پیر کا ہے زندہ دلوں کی بستی	مجھ سے ناچیز کو بھی اس میں تو جائے یارب	
مجھ پہ بھی پیر کی وہ مست نگاہیں پڑ جائیں	مجھ سے ہشیار کو متوالا بنائے یارب	
آتشِ ہجر نے اک آگ لگا دی دل میں	آبِ وصلِ شہِ جیلاں سے بجھائے یارب	
خانۂ دل مرا ویران ہے ایک مدت سے	پیر کے فیض سے گلزار بنائے یارب	

اہلِ محشر میں جو بے پردہ ہو شائقؔ کا عمل
دامنِ پیر کے سایہ میں چھپائے یارب

(مفتی میر اعظم علی صاحب شائقؔ ۔ (از کلیاتِ شائقؔ)

کیوں نہ ہر دم میں رہوں محوِ ثنائے محبوبؓ	نخلِ ایماں کی ہے بیخ ولائے محبوبؓ	۲۷
خاص محبوبِ خدا ذاتِ مبارک جو بنی	کیا زباں میری کرے وصف و ثنائے محبوبؓ	
درِ والا کی گدائی پہ نہ کیوں فخر کروں	بڑھ کے شاہانِ جہاں سے ہے گدائے محبوبؓ	
سوزشِ گرمیٔ خورشید کا کیا خوف انھیں	روزِ محشر جو رہیں زیرِ لوائے محبوبؓ	
لطف کیا کیا نہ دکھائیگا بروزِ محشر	سر میں سودائے نبیؐ دل میں ولائے محبوبؓ	
بخدا اس کو میں سمجھونگا ہے آوازِ خدا	گر مرے کان میں پہنچیگی صدائے محبوبؓ	

ہوگیا ہے مرا اب عرشِ معلّٰی پہ دماغ
اے معلّیؔ جو مرے دل میں ہے جائے محبوبؓ

(مولوی حاجی محمد مظفر الدین صدیقی معلّیؔ حیدرآبادی ۔ (از ریاضِ معلّیؔ)

۲۸

تو جو اللہ کے پیارے کا ہے پیارا یا غوثؓ / تیری الفت نہیں کس دل کو گوارا یا غوثؓ

بحرِ توحیدِ الٰہی کا شناور تو ہے / شرک سے تجھ کو ہے یک بخت کنارا یا غوثؓ

اولیا صورتِ انجم ہیں تو ہے مہرِ منیر / کیا ہے رخشاں تری عظمت کا ستارا یا غوثؓ!!

معجزاتِ نبوی سے ہیں کرامات ترے / منکروں کو نہیں جز عجز ہے چارہ یا غوثؓ

خوش نصیبی پہ نہ کیوں فخر ہو ہم کو ہر دم / گر ہو حاصل تری تربت کا نظارہ یا غوثؓ

کیا عجب شوق سے ہو جاتے ترے حلقہ بگوش / دیکھتے تجھ کو جو اسکندر و دارا یا غوثؓ

بوئے گیسو سے خجل ہے نہ فقط مشکِ ختن / منفعل عنبرِ سارا بھی ہے سارا یا غوثؓ

نفع گو لاکھ بھی دنیا کا ہو حاصل کیا ہے / تیرے اعدا کو ہے عقبیٰ کا خسارا یا غوثؓ

میرا سینہ ہو نہ کیوں گنجِ شہود و عرفاں / نظرِ لطف ہو گر تیری خدارا یا غوثؓ

لا نہیں سکتے ہیں پیرایۂ الفاظ میں ہم / ہے فزوں جوشِ عقیدت جو ہمارا یا غوثؓ

اولیا کی بھی قیامت میں شفاعت حق ہے
پادشہ کو ہو نہ کیوں تیرا سہارا یا غوثؓ

(الحاج جناب قادر بادشاہ صاحب بادشہؔ رئیس وانباڑی ضلع شمالی ارکاٹ ـ از گلزارِ بادشہ)

۲۹

ادا حضور کی ہو مجھ سے کیا ثنا یا غوثؓ / کہ تم ہو عاشق و معشوقِ کبریا یا غوثؓ

اطاعتِ نبوی آپ کی اطاعت ہے / رضا ہے آپ کی اللہ کی رضا یا غوثؓ

امید شام و سحر رکھتے ہیں یہی قدسی / کہ آستاں پہ رہیں تیرے جبہ سا یا غوثؓ

اگر نگاہِ کرم تیری اس پہ پڑ جائے / تو خاک سیم ہو ہو جائے مس طلا یا غوثؓ

دیا ہر ایک کو جو چاہا جس گھڑی تم نے / ہے بے حساب ترا ذخرِ سخا یا غوثؓ

دو عالم آپ کا تابع ہے کس کو طاقت ہے / کرے جو آپ کے فرمان سے ابا یا غوثؓ

درِ حضور ہے حاجت روائے اہلِ غرض / مجھے بھی خوانِ کرم سے ہو کچھ عطا یا غوثؓ

ذرا ادھر بھی خدارا اک نظر کیجے / میں کب سے منتظرِ لطف ہوں کھڑا یا غوثؓ

زمیں میں خلد میں جن و ملک میں انساں میں
تمہارے فضل کا شہرہ ہے جابجا یا غوثؓ

شمار تیری کرامات کا نہیں ممکن
کہ ٹھیری خاک بھی در کی تری دوا یا غوثؓ

سیادتِ عُرفا مطلقاً تمہیں کو ملی
تمہیں ہو قافلہ سالارِ اصفیا یا غوثؓ

صلوٰۃ و صوم پہ غرّہ نہیں مجھے اصلا
تمہارے لطف و کرم کا ہے آسرا یا غوثؓ

شمائل آپ کے ہیں سب شمائلِ حسنینؓ
وہی ہے جلوہ وہی ہے تری ادا یا غوثؓ

عیاں ہے آپ کے چہرہ سے شانِ مرتضویؓ
وہی جلال وہی رعب و دبدبہ یا غوثؓ

غضب تمہارا نمونہ خدا کے قہر کا ہے
کرم حضور کا ہے رحمتِ خدا یا غوثؓ

قضا ہے تیری مسخر قدر موافق ہے
کیا خدا نے وہی تم نے جو کہا یا غوثؓ

کرم حضور کا ہے ہر جگہ مرے ہمراہ
یہی ہے زادِ یہی میرا آسرا یا غوثؓ

ولی ہیں جتنے جہاں میں ہر ایک کی گردن
خدا کے حکم سے ہے تیرے زیرِ پا یا غوثؓ

وصال آپ کا موصل ہے وصلِ مولا کا
پھرا جو آپ سے وہ حق سے ہی پھرا یا غوثؓ

وسیلہ جس کو ملے دامنِ کرم کا ترے
زہے نصیب زہے طالعِ رسا یا غوثؓ

فقیرؔ میں ہوں ترا تو ہے میرا شاہنشاہ
ہے اٹھتے بیٹھتے ہر دم مری صدا یا غوثؓ

(جناب مولانا عبدالقادر صاحب قادری بدایونی فقیرؔ علیہ الرحمۃ — از بہارستانِ منقبت)

۳۰

ترا ذرہ مہِ کامل ہے یا غوثؓ
ترا قطرہ یمِ سائل ہے یا غوثؓ

کوئی سالک ہے یا واصل ہے یا غوثؓ
وہ کچھ بھی ہو ترا سائل ہے یا غوثؓ

قدِ بے سایہ ظلِ کبریا ہے
تو اس بے سایہ ظل کا ظل ہے یا غوثؓ

تری جاگیر میں ہے شرق تا غرب
قلمرو میں حرم تا حل ہے یا غوثؓ

ترا مجنوں ترا صحرا ترا نجد
تری لیلیٰ ترا محمل ہے یا غوثؓ

اشارے میں کیا جس نے قمر چاک
تو اس مہ کا مہِ کامل ہے یا غوثؓ

جسے مانگے نہ پائیں جاہ والے — وہ بے مانگے تجھے حاصل ہے یاغوث رضؓ

جو قرنوں سیر میں عارف نہ پائیں — وہ تیری پہلی ہی منزل ہے یاغوث رضؓ

رضا کا خاتمہ بالخیر ہوگا
تری رحمت اگر شامل ہے یاغوث رضؓ

(مولانا احمد رضا خاں صاحب قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ از حدائق بخشش حصہ دوم)

۳۴

صدمہ فرقت میں دل پہ اپنے کب تک اٹھاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ
آتشِ غم سے سینہ ہے بریاں کس کو دکھاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

ہجر الم کو کیونکر سہوں میں ہند میں کب تک روتا رہوں میں
فرماؤ رو رو دردِ الم سے کیا مرہی جاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

کھوگئی پونجی میرے جنم کی، لاج رکھو تم اپنے کیے کی
محشر میں جاکر خالق کے آگے کیا منہ بتاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

مشتاق ولاچار و سرگشتہ ہوکر صحرا الصحرا کب تک پھروں میں
للہ فرمائیے داغ حسرت کیونکر مٹاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

خانۂ حق سب کہتی ہے خلقت اسمیں نشیں ہے آپکی صورت
مجھ کو دکھے گروہ پاک صورت دل میں چھپاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

بارگنہ سے بےدست و پا ہوں منزل کٹھن ہے کس طرح جاؤں
میں ناتواں ہوں یہ سخت بوجھا کیونکر اٹھاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

دل کو نہیں ہے اب تاب فرقت دکھلا دو جلدی وہ پاک صورت
آتشِ غم سے جان و جگر کو کب تک جلاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

یہ لعلؔ عاجز مسکیں گدا ہے جب سے تمہارا شیدا ہوا ہے
کہتا ہے ہر دم مکھڑا بتادو قربان جاؤں یاغوث رضؓ یاغوث رضؓ

(جناب لعل محمد صاحب لعلؔ۔ از دیوان لعلؔ)

ہر لحظہ سوتے جاگتے ہے لب پہ نامِ غوثؓ
اچھا ملا وظیفہ ذکرِ دوامِ غوثؓ

کیونکر نہ اک جہاں ہو دل سے غلامِ غوثؓ
پرتو فگن جہاں پہ ہے لطفِ عامِ غوثؓ

اک لو لگی ہوئی ہے مجھے غوثِ پاک کی
دل میں ہے یادِ غوث تو لب پر ہے نامِ غوثؓ

سینہ شگاف کر کے دکھا دیں اگر کہو
دیکھے نگیں پہ کندہ ہمارے ہے نامِ غوثؓ

ہر لحظہ دل ادب کا ہے پہلو لئے ہوئے
کیا کیا نہیں میانِ حرم احترامِ غوثؓ

ہے بادۂ محبتِ حضرت بھرا ہوا
نامِ خدا یہ دل بھی ہمارا ہے جامِ غوثؓ

پتھر پہ ہو گی مہرِ سلیماں کھدی ہوئی
دل کے نگیں پہ کندہ ہمارے ہے نامِ غوثؓ

دل قدسیوں کے بھی ہمہ تن گوش بن گئے
ادنیٰ سی ہے یہ خوبیِ طرزِ کلامِ غوثؓ

اتنی فروتنی نہیں گردوں کی بے سبب
رہتا خمیدہ پشت ہے بہرِ سلامِ غوثؓ

مستانہ چال ہے جو نسیمِ بہار کی
زیرک یہ سیکھ آئی ہے طرزِ خرامِ غوثؓ

(جناب مولوی سید علی احمد صاحب زیرک مرحوم۔ از تصوراتِ زیرک)

۳۲

جب دوشِ اولیائے زمانہ ہو بامِ غوثؓ
ہو عرش سے بلند نہ کیونکر مقامِ غوثؓ

جس وقت چھوٹے روح سے یہ جسمِ ناتواں
بارِ خدا زباں پہ ہو اُس وقت نامِ غوثؓ

لیتا ہے میرا نطق بھی بوسے زبان کے
آتا مری زباں پہ ہے جس وقت نامِ غوثؓ

ہر ہر قدم پہ کرتی ہیں صدقے ہزار جان
حوریں جو دیکھتی ہیں طرزِ خرامِ غوثؓ

ہیں یہ نواسے ساقیِ کوثر کے میکشو
ہو دور میں ہمیشہ نہ کس طرح جامِ غوثؓ

ہیں اسجدوا پکارتے آگے ملائکہ
کیا اہتمامِ غوثؓ ہے کیا احترامِ غوثؓ

آزاد بندِ غم سے اسیرانِ زلف ہیں
پڑ جائے یا خدا مری گردن میں دامِ غوثؓ

کیوں خوف ہے سحرؔ تجھے بارِ گناہ سے
ڈر کس لئے ہے عام ہے جب فیضِ عامِ غوثؓ

(جناب مولوی سید قطب میاں صاحب حسینی قادری سحرؔ)

۴۳

معراج میں کھلا یہ عروجِ مقامِ غوثؓ — کرسی ہے پایہ عرشِ معلّیٰ ہے بامِ غوثؓ

سنتے ہی ھذہٖ قدمی اذنِ عامِ غوث — روحیں بھی آ کے جھک گئیں بہرِ سلامِ غوثؓ

محمل ہزار لیلیٰ محمل نشیں ہے ایک — برپا ہیں اہلِ دل کے دلوں میں خیامِ غوثؓ

الٹی پھری ہے پاسِ ادب سے کمندِ آہ — پہنچا کر قریبِ کنگرۂ اوجِ بامِ غوثؓ

پیرِ مغانِ میکدۂ عشق الغیاث — رکنے نہ پائے سلسلۂ دورِ جامِ غوثؓ

آنکھوں میں جلوہ دل میں تصور ہے آپ کا — یہ بھی مقامِ غوث ہے وہ بھی مقامِ غوثؓ

کیا خوف ہے تمازتِ خورشیدِ حشر کا — زیرِ لوائے غوث رہیں گے غلامِ غوثؓ

پھیلا کے پانو چین سے سوتے ہیں اہلِ جنوں — چادر ہے اپنی سایۂ دیوارِ بامِ غوثؓ

ہے دور تک رسائیِ تارِ نگاہِ شوق — لائیگا کچھ نہ کچھ تو کسی دن پیامِ غوثؓ

آتے ہی گھر میں چور بھی ابدال ہو گیا — کچھ حصر نیک و بد پہ نہیں فیضِ عامِ غوثؓ

منظورِ سیرِ حسن ہے اے فرطِ بیخودی — بالائے کوہِ طور ہو یا زیرِ بامِ غوثؓ

ثاقب ہوائے شوق میں روحِ رواں مری
اڑ کر بنے کبوترِ دیوارِ بامِ غوثؓ

(جناب نجم الدین صاحب ثاقب بدایونی قادری المخاطب بہ امام الکلام پہلوانِ سخن)

۴۴

تسکین دہ ہے درد میں یادِ لقائے غوث — کیوں ہر مرض کی ہو نہ دوا خاکپائے غوثؓ

سر ہو تو سر میں گیسوئے شہ کی ہوا رہے — دل ہو تو دل میں اپنے سمائے ولائے غوثؓ

پھر جوششِ جنوں میں ہوں صحرا نوردیاں — وحشت پسند پھر ہو ہوائے ولائے غوثؓ

باندھے ہوئے ہے زمزمہ سنجی کی جو ہوا — شاید ہے عندلیب بھی نغمہ سرائے غوثؓ

کیا پوچھتے ہو شانِ گدایانِ غوث کی — شاہنشہِ جہاں ہے اک ادنیٰ گدائے غوثؓ

تڑپائیں ہجر میں کہ رکھیں شاد دید سے — راضی ہیں ہم اسی پہ کہ جو ہو رضائے غوثؓ

ہوگا نہ خوف انہیں تپشِ مہرِ حشر کا — ہونگے میانِ حشر جو زیرِ لوائے غوثؓ

مر جاؤں یا الٰہی اگر ذکرِ غوثؓ میں
اٹھوں بھی قبر سے تو ہو لب پر ثنائے غوثؓ

ارفع ہے اُن کی شان تو ادنیٰ ہے مدح خواں
واصف سے کیا بیان ہو وصف و ثنائے غوثؓ

(حکیم مرزا محبوب علی بیگ صاحب واصف ابوالعلائی ۔ از بوستانِ محبت)

۳۵

المدد محبوبِ یزداں المدد
المدد مطلوبِ سبحاں المدد

المدد اے بادشاہِ انس و جاں
المدد اے ابرِ احساں المدد

المدد اے بیکسوں کے دستگیر
مہربانِ خستہ حالاں المدد

الغیاث اے مرہمِ زخمِ جگر
اے طبیبِ دردِ پنہاں المدد

عشق کے داغوں کی رکھتا ہوں بہار
سینہ وداغ گلستاں المدد

ظاہر و باطن کے محرم آپ ہیں
واقفِ حالِ غریباں المدد

(حکیم امتیاز حسین صاحب واقف ۔ از ترانۂ واقف)

۳۶

المدد یا شاہِ جیلاں المدد
المدد یا پیرِ پیراں المدد

المدد یا اسمِ اعظم المدد
المدد یا نورِ یزداں المدد

المدد اے نورِ چشمِ مصطفیٰ
قرۃ العین کریماں المدد

المدد یا حضرتِ غوث الوریٰ
المدد محبوبِ سبحاں المدد

بند ہے دروازۂ دید و کلام
یا امام و قطبِ دوراں المدد

دُور ہوتا ہی نہیں وہمِ خودی
دستگیر و شاہِ مرداں المدد

ہو رہا ہے خوار قاضی آپ کا
پیرِ پیراں شاہِ شاہاں المدد

(جناب محمد منیر الدین صاحب فاروقی قادری قاضی پربھنی)

۳۶ جناب سید السادات و قبلۂ اوتاد — دکھائیے مجھے للہ روضۂ بغداد
بلائیے مجھے دارالسلام پر حضرت — دکن میں میں رہوں کب تک بخاطرِ ناشاد
سناؤں کس کو یہاں اپنی داستانِ الم — نوائے تلخ سمجھتے ہیں سب مری فریاد
حضور دیدہ کا بھوکا ہوں نام لیوا ہوں — وظیفہ صبح و مسا کا ہے صرف آپ کی یاد
غلام زادہ ہوں اور خانہ زاد والا ہوں — ذریعہ میری نمو کا ہے آپ کی اولاد
غلام آپ کی درگاہ کا مرا آقا — کنیز آپ کی ہے میری مادرِ ناشاد
لگاتا رہتا ہوں ہر وقت نعرۂ یا غوث رضی — غیاثِ خلق و غوثِ اعظم شہِ امجاد
عطا ہوئی ہے لسنِ دوستاں مجھے کیا غم — اگرچہ ہوتے رہیں سینکڑوں ستم ایجاد
ذریعہ آپ ہیں میری خدا شناسی کا — حضورِ آپ کے شاگرد ہیں مرے استاد

قتیلِ عشق کو جز عشق کچھ نصیب نہیں
لپٹتا ہے منیرؔ اب بیاضِ رشد و رشاد

(جناب منیر الدین صاحب قادری فاروقی منیرؔ)

۳۷ جھانکتا جاؤ ہر اُو نافۂ سوارِ بغداد — جھونکتا جا مری آنکھوں میں غبارِ بغداد
سرمۂ چشمِ حقیقت ہے غبارِ بغداد — غازۂ روئے طریقت ہے بہارِ بغداد
جس نے کعبہ میں نہ دیکھی ہو بہارِ بغداد — دیکھ لے دل میں مرے نقش و نگارِ بغداد
میں ہوں وہ بلبلِ خوش عیش بہارِ بغداد — گل تو گل مجھ سے کھٹکتے نہیں خارِ بغداد
کربلا پر مرا سر آنکھ نجف پر صدقے — دل مدینہ پہ فدا جان نثارِ بغداد
جب کھلی آنکھ وہ نقشہ اتر آیا دل میں — ہے مرا تارِ نظر راہ گذارِ بغداد
پاؤں رکھوں سرِ فلک پر بھی زمیں کا کیا ذکر — میرے تلووں میں چبھے تو کہیں خارِ بغداد
قدمِ پاک کے قابل تو کہاں سر میرا — سمِ توسن ہی سہی شاہسوارِ بغداد
دم ہی جائیگا تو جائیگا سرورِ مئے غوث رضی — سر ہی اتریگا تو اترے گا خمارِ بغداد
آنکھیں روضہ پہ ہیں روضہ ہے مری آنکھوں میں — دل ہے بغداد میں دل میں ہے مزارِ بغداد

ہر قدم بڑھ کے یہ کہتا ہے مرا ذوقِ سجود ... سر میں چبھ جائے الٰہی کوئی خارِ بغداد

اہلِ کیں رکھتے ہیں سینہ میں غبارِ بغداد ... قادری میں ہوں مکدّر نہ ہوں مجھ سے کیونکر

ہو گیا دم جو ہوائے شہِ جیلاں میں فنا ... میرے پھولوں میں بھی آئے گی بہارِ بغداد

بخت زوّار سے دھو دھو کے سیاہی شب و روز ... موجزن نیل کا چشمہ ہے کنارِ بغداد

ہوش کے بدلے مرے سر میں ہوائے گیلاں ... گھر نہ کر جائے آنکھوں میں خمارِ بغداد

اُڑ کے پہنچوں گا پسِ مرگ بھی ان شاء اللہ ... خاک مجھ خاک نشیں کی ہے غبارِ بغداد

گھر بھی محبوب کا محبوب ہے سبحان اللہ ... دل خدا والوں کے ہیں آئینہ دارِ بغداد

جیسے بخشی ہے مدینہ کو نبی نے عزت ... یوں بڑھا آپ کے قدموں سے وقارِ بغداد

صفحۂ دل پہ عرب اور عجم کے اب تک ... صورتِ حرفِ مشدّد ہے شمارِ بغداد

یا خدا جلد ہو ثاقب کی تمنا پوری
حلقۂ چشم بنے بابِ حصارِ بغداد

(محمد نجم الدین صاحب ثاقب قادری بدایونی المخاطب بہ امام الکلام پہلوانِ سخن)

۳۸

خجل ہے چہرۂ انور سے چودھویں کا چاند ... فلک کے چاند سے بڑھ کر ہے یہ زمیں کا چاند

جنابِ غوث کے جلوے سے ہے جہاں روشن ... فروغ بخشِ زمیں ہے سپہرِ دیں کا چاند

نبی کے آنکھ کا تارا ہے یہ قمر طلعت ... یہ چاند ہے فلکِ ختمِ مرسلیں کا چاند

ستارہ دیکھیے کب میری آنکھ کا چمکے ... نظر کب آئے اسے آپ کی جبیں کا چاند

یہ تیری الفتِ عارض کا داغِ روشن ہے ... اسی کا نام ہے میرے دلِ حزیں کا چاند

نثارِ روئے منوّر جو ماہِ کامل ہے ... فدائے ابروئے پُرخم ہے تیسویں کا چاند

ضیا میں ہے وہ کفِ دست بھی یدِ بیضا ... یہی ہے غوثِ مکرّم کی آستیں کا چاند

مکانِ گنبدِ والا نہ کیوں منوّر ہو ... چمک رہا ہے یہاں جلوۂ مکیں کا چاند

اُسی کے نور سے روشن ہے عالمِ عرفاں ... وہی ہے معرفتِ ذات کے یقیں کا چاند

وہ رشکِ مہر ہے جو ہے تجلیٔ اول
یہ رشکِ ماہ ہے گوہر اسی حسیں کا چاند
(امیر الشعرا نواب محمد منور خاں بہادر گوہر نائب خاندان کرناٹک)

کلام بلاغت نظام

۳۹

نورِ حق دیکھو نبیؐ کا روئے تاباں دیکھکر — نورِ احمدؐ دیکھو شکلِ شاہِ جیلاں دیکھکر
تو جو اولادِ حسنؓ ہے تو جو اولادِ حسینؓ — کیوں نہ خوش ہوں رتبۂ پیرِ شاہِ مرداں دیکھکر
آپ سے ہوتی تھیں پیہم وہ کراماتیں عیاں — اولیائے عصر بھی ہوتے تھے حیراں دیکھکر
آپ کے اوصاف ایسے ہیں کہ اہلِ شرک و کفر — کوئی منکر ہو گیا کوئی مسلماں دیکھکر
آپ کے چہرے سے وہ نورِ الٰہی تھا عیاں — ہر کس و ناکس کو غش آتا تھا ہاں ہاں دیکھکر
آدمی کیا ہے فرشتے کی بھی آنکھیں کھل گئیں — یہ تجلی دیکھ کر یہ نورِ عرفاں دیکھکر
سر بھی جھکتا ہے کمر کے ساتھ ہی مشتاق کا — دور سے ہی آستانِ قطبِ دوراں دیکھکر
صدقے ہوتا ہے کبھی قربان ہوتا ہے کبھی — روضۂ انور ترا گردونِ گرداں دیکھکر
عشق و شوقِ مصطفیٰؐ و پیرؓ میرے دل میں ہے — وجد میں آتے ہیں مجھ کو اہلِ عرفاں دیکھکر
اس میں ہی رنگِ بہاراں اس میں عشقِ غوثِ پاک — ہے رگِ گل منفعل میری رگِ جاں دیکھکر
یہ تمنا ہے کہ جاؤں سر کے بل بغداد میں — مثلِ رضواں دور سے لے مجھکو درباں دیکھکر
ناامیدی گھٹ گئی میری توقع بڑھ گئی — ہر کسی پہ آپ کے الطاف و احساں دیکھکر
آپ ہی کے ہاتھ میں ہے نبض پیرِ دستگیرؓ — چارہ سازی کیجئے میرا دردِ پنہاں دیکھکر
توشۂ منزل نہیں ہے میں پریشاں ہوں بہت — جمع بے سامانیوں کا اپنے ساماں دیکھکر

کثرتِ عصیاں سے ہے آصف نہایت مضطرب
کیجئے اس پر کرم اس کو پریشاں دیکھکر

(اعلیٰحضرت غفران مکان نواب میر محبوب علیخاں آصفجاہ سادس نور اللہ مرقدہ)

۴۰

اے شاہدِ کون و مکاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ　　اے سجدہ گاہِ قدسیاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

اے بادشاہِ بندگاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ　　اے دستگیرِ انس و جاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

مہرِ منیرِ لامکاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ　　نورِ خدائے دو جہاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

ہر چند ہوں دل سے قریں دوری کا غم جاتا نہیں　　ملتے نہ تا آستاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

تصویر ہے وہ آپ کی تنویر ہے وہ آپ کی　　صورت ہی جو دل میں نہاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

جس کے مربی آپ ہوں پالا ہے جسکو آپ نے　　وہ جا سکے گا پھر کہاں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

کہہ کر میں یا قادرؓ رہوں محفوظ زیرِ ظلِ حق　　قوت دہِ ہر ناتواں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

اے شانِ حسنِ کبریا کہتے تجھے تم کو دیکھ کر　　قطبِ زمانہ الاماں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

ہو جائے یک چشمِ کرم از بہرِ تاج الاولیاؓ

قاضی ہے افقیؔ مدح خواں یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

(مولوی قاضی محمد منیر الدین صاحب قادری فاروقی)

۴۱

محبوبِ خدا کے نورِ نظر یا سیدنا عبد القادرؓ　　اولادِ علیؓ کے لختِ جگر یا سیدنا عبد القادرؓ

جز آپ کے جس کا کوئی نہ ہو وہ جائے کدھر آپ ہی کہدو　　ایسے کی بھلا لے کون خبر یا سیدنا عبد القادرؓ

حق تک تو نہیں ہے میری گذر مجھے پیشِ خدا عصیاں کا ہے ڈر　　اس در کے سوا میں جاؤں کدھر یا سیدنا عبد القادرؓ

ہوئی عمر گناہوں میں میری بسر ہی فکر ہے مجھ کو شام و سحر　　کل حق سے ملوں کیا منہ لیکر یا سیدنا عبد القادرؓ

تھیں پیروں کا حق نے پیر کیا مجھے آپکا دامنگیر کیا　　میں کیوں نہ کروں شکرِ داور یا سیدنا عبد القادرؓ

فرماؤ کبھی تو یاد مجھے دکھلا دو ذرا بغداد مجھے　　تم مظہرِ حق کے ہو مظہر یا سیدنا عبد القادرؓ

تیرا دائم و قائم راج رہے تجھے اپنے غلاموں کی لاج رہے

کل پیشِ نبیؐ پیشِ داور یا سیدنا عبد القادرؓ

(لا اعلم)

۴۲

دل مرا کر دیجئے آباد یا پیرانِ پیرؓ　　ہجر میں مدت سے ہوں ناشاد یا پیرانِ پیرؓ

کس طرح تسکینِ خاطر ہو کہ ہوں میں ہند میں
اور مسکن آپ کا بغداد یا پیرانِ پیر رضؓ

نالہ کش کب تک رہوں؟ جلوہ دکھا کر حسن کا
بند کر بھی دو لبِ فریاد یا پیرانِ پیر رضؓ

جس نے چاہا آپ کو اللہ نے چاہا اسے
آپ کی ہے یاد حق کی یاد یا پیرانِ پیر رضؓ

دھن مجھے ہے آپ ہی کی آپ ہی کا ہے خیال
رات دن ہے آپ ہی کی یاد یا پیرانِ پیر رضؓ

صدمۂ پیہم سے آئی ہے لبوں پر جانِ زار
خاطرِ ناشاد کر دیں شاد یا پیرانِ پیر رضؓ

یادِ حضرت میں جو دم نکلے جمیلِ زار کا
گوشۂ مرقد بنے بغداد یا پیرانِ پیر رضؓ

(جناب تراب علی صاحب جمیل قادری عثمانی تلمیذ جلیل و ثاقب)

۴۳

کیوں نہ ہو عالم غلامِ دستگیر
حق کو جب بھایا ہے نامِ دستگیر رضؓ

جامِ جم میں صرف تھی سیرِ مجاز
حق کو دکھلاتا ہے جامِ دستگیر رضؓ

عرش والے بھی بتا سکتے نہیں
کونسی جا ہے مقامِ دستگیر رضؓ

دیکھنا رتبہ کی رفعت دیکھنا
لامکاں میں ہے قیامِ دستگیر رضؓ

دستگیری اسکی ہوتی ہے یہیں
وقتِ مشکل لے جو نامِ دستگیر رضؓ

بادۂ عرفاں سے وہ رہتا ہے مست
جو کہ پی لیتا ہے جامِ دستگیر رضؓ

یوں ڈرائے گا فرشتوں کو ولی
جانتے ہو ہوں غلامِ دستگیر رضؓ

(ابو الحسنات جناب ولی اللہ صاحب قادری ولی۔ از گلزارِ ولی)

۴۴

اے صبا لادے پیامِ دستگیر رضؓ
ہوں میں مشتاقِ کلامِ دستگیر رضؓ

اولیا جتنے ہوئے ہیں ذی حشم
دوش پر سب کے ہے گامِ دستگیر رضؓ

سو رہینگے بے خبر راحت سے ساتھ
قبر میں ہم لے کے نامِ دستگیر رضؓ

آج کر دے بادۂ عرفاں سے مست ساقیا دے مجھ کو جامِ دستگیرؓ
سرنگوں ہیں بادشاہانِ جہاں دیکھ کر شانِ غلامِ دستگیرؓ
قبر میں آئیں جو پرسش کو ملک ہو ہمارے لب پہ نامِ دستگیرؓ
جاہ و حشمت کی نہیں پروا مجھے
اے تجمل ہوں غلامِ دستگیرؓ

(جناب تجمل مرحوم)

۴۵

دستگیری کیجئے پیرانِ پیرؓ ہیں پریشان آپ کے در کے فقیر
ہیں عدوئے جاں ستاں پیر و جواں ہو رہے ہیں ہم نہایت ہی حقیر
ہے تعجب آپ کے ہوتے ہوئے ہم رہیں ظالم کے پنجے میں اسیر
حملہ آور ہم اب ہیں مرغاں ہوا بازِ اشہب غوثِ اعظم دستگیر
شمعِ حق قندیلِ نورانی ہو آپ ذاتِ عالی سے ہے عالم مستنیر
محیِ دین و مخزنِ نورِ خدا سیّد السادات اور پیروں کے پیر
دیجئے للّٰہ اب عزِ قبول
دست بستہ عرض کرتا ہے منیرؔ

(جناب منیر الدین صاحب قادری فاروقی منیرؔ قاضی پربھنی)

۴۶

مجھ پر رہے چشمِ کرم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ ہوں آپ کا حق کی قسم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ
کیا آپ کے ہوتے ہوئے خدام پر درگاہ کے دنیا کرے جور و ستم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ
بیحد ستانے لگ گیا ہر دم رلانے لگ گیا بغداد سے دوری کا غم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ
بالا رہا اونچا رہا انوار پھیلاتا رہا ہر ملک میں اخضر علم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ
سلطانِ جملہ اولیا مسند نشینِ مصطفٰے عزِ عرب فخرِ عجم یا غوثِ اعظم دستگیرؓ

السحی امام الاولیاء ہر اک ولی با وصفا
ہے آپ کے زیرِ قدم یا غوث اعظم دستگیر

میں نامِ نامی آپ کا رکھتا ہوں لوحِ قلب پر
مانندِ نقشِ سنگ مرتسم یا غوث اعظم دستگیر

عظمت تمہاری فرض ہے سمجھے تمہارے اہلِ دل
رکھتے ہیں اپنے سر کو خم یا غوث اعظم دستگیر

تیرے سوا کوئی نہیں قاصیؔ کے دل پر حکمراں
کعبہ نہیں بیت الصنم یا غوث اعظم دستگیر

(جناب محمد منیر الدین صاحب قادری فاروقی منیرؔ)

۷۴

آئیگی جب تک نہ وہ صورت نظر یا غوث پاک
مٹ نہیں سکتا مرا دردِ جگر یا غوث پاک

ہو تصور میں یہاں تک مجھ کو حاصل محویت
آپ ہی آئیں نظر دیکھوں جدھر یا غوث پاک

جس نے دیکھا خواب میں بھی روئے انور آپ کا
اس کی قسمت پر اسی کی ہے نظر یا غوث پاک

آپ کی فرقت میں دل پر جو گزرتی ہے مرے
آپ کیا اس سے نہیں ہیں باخبر یا غوث پاک

عرضِ حالِ زار کی مجھ کو ضرورت ہی نہیں
منکشف ہے آپ پر سب خیر و شر یا غوث پاک

وہ بھی دن آئے کروں میں صاف با صد اشتیاق
اپنے پلکوں سے تمہاری رہگذر یا غوث پاک

دل میں ارماں ہے یہی دل کی تمنا ہے یہی
میرا سر ہو آپ کا ہو سنگِ در یا غوث پاک

دونوں عالم میں نہ کیونکر اس کا بیڑا پار ہو
جس پہ پڑ جائے تمہاری اک نظر یا غوث پاک

سر وہ کیا سر ہے کہ جس میں آپ کا سودا نہیں
دل وہ کیا جس میں نہیں ہو تم جلوہ گر یا غوث پاک

اور تو حاضر نہیں کچھ رونمائی کے لئے
داغ ہائے دل کے حاضر ہیں یہ ہم گہر یا غوث پاک

مشغلہ میرا یہی ہے ورد ہے ہر دم یہی
رات دن یا غوث الاعظم ہر سحر یا غوث پاک

مدعا ہو جائے پورا اس کا بس اک آن میں
ایک ادنیٰ سا اشارہ ہو جدھر یا غوث پاک

صورتِ انور جو آجائے نظر میں کردوں نذر
اپنی آنکھیں اپنا دل اپنا جگر یا غوث پاک

سیلِ اشکِ تر رواں ہے دیدۂ مشتاق سے
یہ محبت کا تمہاری ہے اثر یا غوث پاک

آپ کا بیمار ہوں کیا ہو مسیحا سے غرض
آپ ہی ہیں دردِ دل کے چارہ گر یا غوث پاک

جس کے دل میں آپ کا ہو عشق الفت آپ کی کیوں دو عالم سے نہ ہو وہ بے خبر یا غوث پاکؒ
رات دن محوِ طوافِ روضۂ پُر نور ہیں اس لیئے گردش میں ہیں شمس و قمر یا غوث پاکؒ

لطف تو جب ہے کہ ہو محمودؔ کا یوں خاتمہ
آپ کا ہو پائے اقدس اس کا سر یا غوث پاکؒ

(ابو الفضل سید محمود بی۔ اے۔ ایل ایل بی عثمانیہ)

۴۸

مظہرِ حق، رہبرِ جن و بشر یا غوث پاکؒ ہیں فدا ماں باپ قرباں آپ پر یا غوث پاکؒ
عرشِ حق ہے دل بناؤ اپنا گھر یا غوث پاکؒ آنکھ میں رہ جاؤ تم مثلِ نظر یا غوث پاکؒ
دل میں عشق پیر ہو آنکھوں میں عشق دید ہو لب پہ ہو یا [illegible] شام و سحر یا غوث پاکؒ
گرمیٔ محشر میں جس دم نفسی نفسی سب کہیں میں پکاروں یا محمد خیر البشر یا غوث پاکؒ
ہجر میں کب تک رہوں رنج و الم کب تک سہوں [illegible] سے کب تک کہوں لیجے خبر یا غوث پاکؒ
آپ کا بیمار ہوں ہیں آپ ہی میری دوا جاؤں کیوں پھر شفا جوئی کے در یا غوث پاکؒ
آنکھ رہتی ہے کشادہ ہر زماں مثلِ صدف آپ اس میں آئیے مثلِ گہر یا غوث پاکؒ
مغفرت کو حق شفاعت کو نبی حامی ہیں جب میرے عصیاں کا مجھے اب کیا خطر یا غوث پاکؒ

جسم سے سوئے عدم جب روحِ فاضلؔ ہو رواں
آپ کے اقدام پر ہو اس کا سر یا غوث پاکؒ

(جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب قادری فاضل۔ از نذرانۂ فاضل)

۴۹

ہوں حزین خستہ جگر بے بال و پر یا غوث پاکؒ کیجیے لطف و عنایت کی نظر یا غوث پاکؒ
آرزو ہے آپ ہوں دل میں بجائے آرزو اور آنکھوں میں مری مثلِ نظر یا غوث پاکؒ
خانۂ دل میں کبھی ہو جائیے رونق فزا گھر نہیں میرا یہ ہے خالق کا گھر یا غوث پاکؒ
لطف گر ہو جائے بن جائے سیہ کاروں کا کام بگڑی بن جائے پڑے جس پہ نظر یا غوث پاکؒ

ہو تصور اس طرح حضرت کے روئے پاک کا — آپ آجائیں نظر دیکھوں جدھر یا غوثِ پاکؒ
آپ کی فرقت میں میں کب تک سہوں رنج و الم — بہہ گیا آنکھوں سے میری ایک اک یا غوثِ پاکؒ
آپ ہی کے روئے انور کا تصور ہے مجھے — آپ ہی کی یاد ہے شام و سحر یا غوثِ پاکؒ
کیوں نہ پہنچونگا لوائے احمدی تک حشر میں — رہبری کو آپ آجائیں اگر یا غوثِ پاکؒ

حشر تک میری ہو سجدے سے اُٹھیگا نہ سر
سر مرا ہو آپ کا ہو سنگِ در یا غوثِ پاکؒ

(جناب مولوی سید شاہ درویش محی الدین صاحب قادری درویش۔ — از غزلیات نعتیہ)

۵۰

سِرِّ ظاہر سِرِّ باطن جسم و جانِ غوثِ پاک — شکل بیچوں شانِ بیچوں شکل و شانِ غوثِ پاکؒ
بے نشاں کا ہے نشاں نام و نشانِ غوثِ پاک — لامکاں کہتے ہیں جس کو ہے مکانِ غوثِ پاکؒ
جو خدا کی ہے زباں وہ ہی محمدؐ کی زباں — جو محمدؐ کی زباں وہ ہے زبانِ غوثِ پاکؒ
ایک موسیٰ اُس پہ بیخود ایسے بیخود سینکڑوں — طور سے بہتر ہے سنگِ آستانِ غوثِ پاکؒ
جو دلوں میں ان کے ہیں اُن کے خزانوں میں نہیں — بادشاہوں سے ہیں بہتر خادمانِ غوثِ پاکؒ
حاجیو تم کو مبارک بوسۂ سنگِ سیاہ — جا کے میں چومونگا سنگِ آستانِ غوثِ پاکؒ

نزع کا جب وقت آئے یا محمدؐ یا خدا
منہ رہے مائلؔ کا سوئے آستانِ غوثِ پاکؒ

(استادِ سخن احمد حسین صاحب مائلؔ۔ — از دیوانِ مائلؔ)

۵۱

قبلۂ اربابِ عرفاں ہے ادائے غوثِ پاکؒ — سُرمۂ چشمِ بصیرت خاکپائے غوثِ پاکؒ
ہے رضا خلاقِ عالم کی رضائے غوثِ پاکؒ — اُس کی قسمت ہی جو ہوست ولائے غوثِ پاکؒ
اُس کی ہر جنبش پہ سو جانیں نچھاور کیجیے — وہ نظر جو ہو گئی محوِ لقائے غوثِ پاکؒ
دولتِ "الفقر فخری" ہے ہر دل اُس کا غنی — ہے سوا رتبہ میں شاہوں سے گدائے غوثِ پاکؒ

نذرِ عقیدت حصّہ دوم — ردیف کاف (مفتوح)

میرے ذوقِ دید کی تکمیل اس صورت سے ہو — کچھ نظر آئے نہ مجھ کو ماسوائے غوثِ پاکؒ

ماہرؔ ناشاد کو دے دولتِ فقر و غنا
غوثِ اعظمؒ کا تصدق اے خدائے غوثِ پاکؒ

(جناب منظور حسین صاحب ماہرؔ القادری)

۵۲

روزِ محشر سایہ گستر ہے جو دامانِ رسولؐ — تابِ دوزخ سے ہیں بے پروا غلامانِ رسولؐ
رہنمائے گمرہاں و سرگروہِ مقبلاں — عاشق و معشوقِ یزداں جانِ جانانِ رسولؐ
مقتدائے سالکاں و مخزنِ اسرارِ حق — بادشاہِ عاشقاں و گنجِ عرفانِ رسولؐ
نورِ چشمِ فاطمہؓ مہرِ درخشانِ علیؓ — غوثِ اعظمؒ شاہِ جیلاں ماہِ تابانِ رسولؐ

حسرتِ محروم ہے امیدوارِ التفات
اس طرف بھی اک نظر اے میر سامانِ رسولؐ

(مولانا فضل الحسن صاحب حسرتؔ موہانی۔ از حدیقہ معرفت)

غوثِ اعظمؒ

۵۳

سُرورِ دلِ مصطفےٰ غوثِ اعظمؒ — تجلّیِ نورِ خدا غوثِ اعظمؒ
ہیں زیرِ قدم تیرے سر اولیا کے — ہے اعلیٰ ترا مرتبہ غوثِ اعظمؒ
تم اچھے ہو اللہ کے ہو پیارے — میں اچھا نہیں ہوں تو کیا غوثِ اعظمؒ
بھلوں کی تو ہوتی ہے ساری خدائی — بُرے کو بھلا کیجئے یا غوثِ اعظمؒ
کہاں چھوڑتے ہیں گنہگار دامن — کہ وابستہ تیرے ہیں یا غوثِ اعظمؒ
کبھی روضۂ پاک پر یاد کیجے — یہ دل اب نہیں مانتا غوثِ اعظمؒ
اغثنی اغثنی اغثنی اغثنی — مدد اپنے خادم کی یا غوثِ اعظمؒ

خبر بھی ہے کچھ حسرتِ بے نوا کی
کہ کیا حال اس کا ہے یا غوثِ اعظمؓ
(حضرت مولانا محمد عبدالقدیر صاحب صدیقی حسرت سابق صدر شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ۔ از نسیم عرفان)

۵۴

مرض دردِ دل کی دوا غوثِ اعظمؓ — کرے کون تیرے سوا غوثِ اعظمؓ
کرم کر برائے خدا غوثِ اعظمؓ — بحقِ شفیع الوریٰ غوثِ اعظمؓ
مددگار کا نام میں نے جو پوچھا — تو ہنس کر خضرؑ نے کہا غوثِ اعظمؓ
جو حلّالِ مشکل کو پوچھا تو بولا — کہ فرزندِ مشکل کشا غوثِ اعظمؓ
یہ کہتے ہیں سب اہلِ عرفاں بیشک — نہیں ہیں خدا سے جدا غوثِ اعظمؓ
تمہیں کو ملا یہ خطابِ معظم — تمہیں کو خدا نے کہا غوثِ اعظمؓ
تو اپنے سوا داد رس عاجزوں کا — بتا دے کوئی دوسرا غوثِ اعظمؓ

گدا تیرے در کا شہیدِ حزیں ہے
اسے قیدِ غم سے چھڑا غوثِ اعظمؓ

(جنابِ شہید مرحوم۔ گلدستۂ شہیدی)

۵۵

ہے پیاری وہ تیری ادا غوثِ اعظمؓ — ہے ہر دل ترا مبتلا غوثِ اعظمؓ
ہے ارفع و اعلیٰ تری ذاتِ والا — بڑا ہے ترا مرتبہ غوثِ اعظمؓ
تو مہرِ ولایت تو بدرِ کرامت — تری ذات نورِ خدا غوثِ اعظمؓ
تو محبوبِ سبحاں تو مقبولِ یزداں — تو منظورِ ذاتِ خدا غوثِ اعظمؓ
تو قطبِ معظم تو غوثِ مکرم — تو سرتاجِ کل اولیا غوثِ اعظمؓ
ملی کس کو یہ عظمت و شان و شوکت — ملا کس کو یہ مرتبہ غوثِ اعظمؓ
تو چشم و چراغِ جنابِ علیؓ ہے — تو ہے سبطِ خیر النسا غوثِ اعظمؓ

یہ دل یہ جگر دونوں تجھ پر سے قرباں
مری جان تجھ پر فدا غوثِ اعظمؓ

ہے بڑھ کر ہر اک بادشاہِ جہاں سے
ترے در کا ادنیٰ گدا غوثِ اعظمؓ

ترے عشق میں میرے لب اور زباں کو
وظیفہ ہے صبح و مسا غوثِ اعظمؓ

تمہیں میرا مطلب تمہیں میرا مقصد
تمہیں ہو مرا مدعا غوثِ اعظمؓ

ہمیں کیا مسیحا سے مطلب کہ کافی
ہے دامن کی تیرے ہوا غوثِ اعظمؓ

جو اہلِ بصیرت ہیں ان کی نظر میں
ہے سرمہ تری خاکِ پا غوثِ اعظمؓ

سرِ روزِ قیامت غلاموں کو تیرے
ہے کافی ترا آسرا غوثِ اعظمؓ

جو آنکھوں کو ہو تیرا شوقِ زیارت
تو سر میں ہو تیری ہوا غوثِ اعظمؓ

وہ مشقِ تصور ہو آنکھوں کو حاصل
نہ دیکھوں ترے ماسوا غوثِ اعظمؓ

تری دولتِ دید جس کو ہو حاصل
کرے لے کے کیا کیمیا غوثِ اعظمؓ

خدایا مری روح جب تن سے نکلے
ہو جاری مرے لب پہ یا غوثِ اعظمؓ

نظر اک عنایت کی محمود پر بھی
کہ ہے تیرے در کا گدا غوثِ اعظمؓ

(ابوالفضل سید محمود قادری بی اے ایل ایل بی عثمانیہ)

۵۶

شہنشہ شفیع الوریٰ غوثِ اعظمؓ
سراپائے نورِ خدا غوثِ اعظمؓ

ہیں رہبر مرے رہنما غوثِ اعظمؓ
ہیں ہادی مرے پیشوا غوثِ اعظمؓ

ہو تم ابنِ مشکل کشا غوثِ اعظمؓ
مری مشکلیں حل ہوں یا غوثِ اعظمؓ

نہ کیوں وردِ ہر دم ہو یا غوثِ اعظمؓ
مرے دردِ دل کی دوا غوثِ اعظمؓ

جو سلطانِ کل انبیا مصطفےٰ ہیں
تو سلطانِ کل اولیا غوثِ اعظمؓ

یہ دل تم پہ صدقے جگر تم پہ قرباں
مری جان تم پر فدا غوثِ اعظمؓ

نہ کیوں بادشاہوں پہ ہو فخر حاصل
ہوں در کا تمہارے گدا غوثِ اعظمؓ

فدا میں کروں نقد سو بار جاں کو
نظر آؤ اک بار یا غوثِ اعظمؓ
قیامت میں حاذق کو پروا ہی کیا ہے
وہ طفلی سے ہے آپ کا غوثِ اعظمؓ
(حضرت مولوی سید شاہ یحییٰ بادشاہ صاحب قادری حاذق)

۵۷

خدا کا ہے تو آئینہ غوثِ اعظمؓ
خدائی کا قبلہ نما غوثِ اعظمؓ
وجودِ محمد ﷺ نما غوثِ اعظمؓ
سراپا ہے خیر الوریٰ غوثِ اعظمؓ
دعائے رسولِ خدا غوثِ اعظمؓ
ادائے علی مرتضیٰ غوثِ اعظمؓ
مرادِ نبوت عمادِ ولایت
محمد کا ہے معجزہ غوثِ اعظمؓ
زباں تیری ہے اور گویا خدا ہے
ترا ہاتھ دستِ خدا غوثِ اعظمؓ
نبیؐ کا نواسہ علیؓ کا نبیرہ
جگر پارۂ فاطمہؓ غوثِ اعظمؓ
نبیؐ تو نہیں ہے نبیؐ کا گنی ہے
فصلّ وسلّم علی الغوث الاعظمؓ
ترا نامِ نامی اور اسمِ گرامی
بڑا اسمِ اعظم ہے یا غوثِ اعظمؓ
اِدھر سے اُدھر کر دیا اک نظر میں
تو ہے چشمِ باطن کشا غوثِ اعظمؓ
سگِ آستانہ گنہ گار عینیؔ
پڑا ہے ترے در پہ یا غوثِ اعظمؓ
(جناب عینی شاہ صاحب قادری چشتی النظامی)

۵۸

میں ہوں آپ کا مبتلا غوثِ اعظمؓ
دکھا دو وہ رُخ چاند سا غوثِ اعظمؓ
مرا مرض ہے لا دوا غوثِ اعظمؓ
ترا در ہے دار الشفا غوثِ اعظمؓ
خدا و محمدؐ علیؓ فاطمہؓ سے
نہ پاتا ہوں تجھ کو سوا غوثِ اعظمؓ
تری شکل میں شانِ احمدؐ ہے پیدا
مجھے اپنی صورت دکھا غوثِ اعظمؓ

مصیبت میں اور بیکسی میں سبھوں کے | بجے آپ حاجت روا غوثِ اعظمؓ
تمہاری عنایت سے چشم کرم سے | ہزاروں ہی ہوئے اولیا غوثِ اعظمؓ
اسی در کی امید رکھتے ہیں سارے | زمانے کے شاہ و گدا غوثِ اعظمؓ
میں لاؤں کہاں آپ سا دو جہاں میں | مددگار و مشکل کشا غوثِ اعظمؓ

فدا ہے فدا زلف و عارض پہ دل سے
یہ کیفی غلام آپ کا غوثِ اعظمؓ

(جناب رضی الدین صاحب کیفی مرحوم ۔ از جلوۂ محمدی حصہ دوم)

۵۹

بنے مظہر کبریا غوثِ اعظمؓ | ہوئے نائب مصطفیٰ غوثِ اعظمؓ
شہنشاہِ کُل اولیا غوثِ اعظمؓ | ملا ایک کے بھی پیشوا غوثِ اعظمؓ
وہ ہو آپ کا حسن یا غوثِ اعظمؓ | خدا جس کا عاشق ہوا غوثِ اعظمؓ
دل و جان تم پر فدا غوثِ اعظمؓ | مرے مرشد و رہنما غوثِ اعظمؓ
مرا حال فرقت سے بیحد برا ہے | خبر لیجے بہرِ خدا غوثِ اعظمؓ
مریضِ جدائی کو جبتک نہ ہو وصل | نہ ہوگی نہ ہوگی شفا غوثِ اعظمؓ
نہیں عیشِ دنیا سے کچھ بھی علاقہ | ہوا جب سے عشق آپ کا غوثِ اعظمؓ
مرے ایک ہی کے نہیں کچھ مسیحا | ہر اک دردِ دل کی دوا غوثِ اعظمؓ
عجب کیا جو آئے نظر حق تعالیٰ | نظر میں ہیں جلوہ نما غوثِ اعظمؓ
ازل سے ابد تک ہوا ہے نہ ہوگا | ولیِ خدا آپ سا غوثِ اعظمؓ
رہے روئے والا تصور میں ہر دم | ہو مقبول یہ التجا غوثِ اعظمؓ
کہاں جاؤں میں چھوڑ کر آپ کا در | کوئی ہے کہیں آپ سا غوثِ اعظمؓ
تمنائے دل ہے کہ جاری ہو یا رب | دمِ واپسیں لب پہ یا غوثِ اعظمؓ

قیامت کے دن فاضلِ بے نوا کو

نہ کیجے فراموش یا غوث اعظم

(جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب فاضل قادری ۔ از نذرانہ فاضل)

۶۰

مرے ہر مرض کی شفا غوث اعظمؓ — مرے دردِ دل کی دوا غوث اعظمؓ
خبر اس کی لی جس نے تم کو پکارا — ہوئی ختم تم پر وفا غوث اعظمؓ
خدائی نہ کیونکر مدد تم سے چاہے — خدا نے تمہیں خود کہا غوث اعظمؓ
نہیں اس کی بخشش میں شک کچھ بھی جسنے — تمھیں یاد دل سے کیا غوث اعظمؓ
مرا دل ہے صدقے مری جان قربان — مری آنکھیں تجھ پر فدا غوث اعظمؓ
خدا کی تجلی نظر آئی تجھ میں — خدا جانے رتبہ ترا غوث اعظمؓ

جمیلؔ اس عنایت کے قابل کہاں تھا
اسے رنگ میں رنگ دیا غوث اعظمؓ

(جناب تراب علی صاحب جمیل عثمانی قادری)

۶۱

تم ہو ہمارے یا غوث اعظمؓ — ہم ہیں تمھارے یا غوث اعظمؓ
تم جن کو چاہیں حق ان کو چاہے — حق کے پیارے یا غوث اعظمؓ
منجدھار میں ہے للہ لگا دو — کشتی کنارے یا غوث اعظمؓ
محتاج سارے پاتے ہیں دولت — آکر دوارے یا غوث اعظمؓ
دنیا کو باندی تم نے بنایا — بنکر دلارے یا غوث اعظمؓ
فرقت میں تیرے عاشق پہ تیرے — چلتے ہیں آرے یا غوث اعظمؓ
امداد کیجے حسرت کا مارا — کب تک پکارے یا غوث اعظمؓ
آنکھوں سے اوجھل کب تک رہینگے — آنکھوں کے تارے یا غوث اعظمؓ
پھرتا ہوں شاداں رہتا ہوں فارغ — تیرے سہارے یا غوث اعظمؓ

جز ذاتِ والا اب کون میری بگڑی سنوارے یا غوثِ اعظمؓ

قاضیؔ مضطر ہے یار و دلبر

کیونکر گزارے یا غوثِ اعظمؓ

(جناب محمد منیر الدین صاحب فاروقی قاضی پربھنی)

۶۲

ہوں خاک تجھ قدم کا یا پیر غوث الاعظم — محتاج تجھ کرم کا یا پیر غوث الاعظمؓ

قادر تجھے کیا رب قدرت ترے میں ہے سب — بر لا تو میرا مطلب یا پیر غوث الاعظمؓ

جگ میں تری کرامت لاحد و لانہایت — جاری ہے تا قیامت یا پیر غوث الاعظمؓ

الحق تو محیؔ الدین ہے قتالِ مشرکین ہے — یہ شیخِ رہِ یقیں ہے یا پیر غوث الاعظمؓ

تجھ در کی بے نوائی تجھ دار کی گدائی — بہتر ز بادشاہی یا پیر غوث الاعظمؓ

گر ہے کمالؔ عاصی تو بخشوا معاصی

دوزخ سے دے خلاصی یا پیر غوث الاعظمؓ

(از حضرت شاہ کمال الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ)

۶۳

تو ہے وہ شہِ جود و الکرم غوثِ اعظمؓ — گدا ہے ترا شاہِ عجم غوثِ اعظمؓ

برائے خدا دو ہمیں اب رہائی — کہ ہیں ہم گرفتارِ غم غوثِ اعظمؓ

ہے کاندھے پہ ہر ایک قطب و ولی کے — تمہارا مبارک قدم غوثِ اعظمؓ

تمہاری تمنا کوئی کا میرے دل سے — نہ ہوگا کبھی شوق کم غوثِ اعظمؓ

غلام آپ کا ہوں مرید آپ کا ہوں — تمہارا ہی بھرتا ہوں دم غوثِ اعظمؓ

مری ناؤ کو اب کنارے لگا دو — کہ ہوں غرقِ دریائے غم غوثِ اعظمؓ

یہی عرض ہے عبدِ قادر وفاؔ کی

کرو مجھ پہ لطف و کرم غوثِ اعظمؓ

(جناب وفا صاحب مرحوم — از مجموعہ نجم الضیاء)

مرج البحرین

٦٤

عطا کن اے خدائے غوثِ اعظمؓ — دلِ دردآشنائے غوثِ اعظمؓ
بنادانی بسے کردم خطاہا — معافی ہو برائے غوثِ اعظمؓ
تعالی اللہ چہ دولت دارم امشب — کہ میرے دل میں آئے غوثِ اعظمؓ
چہ دیدم روئے خوبش سجدہ کردم — مرا کعبہ ہے پائے غوثِ اعظمؓ
نہ من تنہا دریں میخانہ مستم — خدائی مبتلائے غوثِ اعظمؓ
کسے کم دیدہ مثلِ ایں جوانِ شوخ — دلِ عالم فدائے غوثِ اعظمؓ
چناں مائل شدم بر حسنِ جاناں — نہیں دل میں سوائے غوثِ اعظمؓ
بدہ ساقی شرابِ ارغوانی — کہ ہوں محوِ لقائے غوثِ اعظمؓ
چو مجنوں در طریقِ عشقِ لیلے — ہوا ہوں میں فدائے غوثِ اعظمؓ
زلیخا وار بہرِ عشقِ یوسف — رہوں زیرِ قبائے غوثِ اعظمؓ

چرا نالد سحر از مرگِ ہجراں
بقا ہے جب فنائے غوثِ اعظمؓ

(جناب سید قطب میاں صاحب قادری سحر)

٦٥

رئیس الاولیا ہے غوثِ اعظمؓ — امام الاتقیا ہے غوثِ اعظمؓ
ہے اعظم تیرا منصب تیرا رتبہ — لقب تیرا بجا ہے غوثِ اعظمؓ
تری توصیف توصیفِ نبی ہے — تو جزوِ مصطفےٰ ہے غوثِ اعظمؓ
تو ہے لختِ دلِ زہراؓ و حیدرؓ — تو محبوبِ خدا ہے غوثِ اعظمؓ
ہیں تیرے خوشہ چیں سب اہلِ عرفاں — تو سب کا مقتدا ہے غوثِ اعظمؓ
وہی سچا محبِ مصطفےٰ ہے — جسے تیری وِلا ہے غوثِ اعظمؓ

شرف وہ ہے کہ خود لفظِ شرف کو　　شرف تجھ سے ملا ہے غوثِ اعظمؓ

چمن تیرے فیوضِ باطنی کا　　عجب پھولا پھلا ہے غوثِ اعظمؓ

جمالِ پاک سے تیرے سراسر　　عیاں نورِ خدا ہے غوثِ اعظمؓ

ولایت ذات پر ہے تیرے نازاں　　تری ہر دل میں جا ہے غوثِ اعظمؓ

ادب سے سر تمامی اولیا کا　　ترے آگے جھکا ہے غوثِ اعظمؓ

ادا ہو مجھ سے کیونکر وصف تیرا　　مجھے کیا حوصلہ ہے غوثِ اعظمؓ

نہیں کچھ اور ارماں بادشہ کو

ترا شوقِ لقا ہے غوثِ اعظمؓ

(الحاج جناب خطیب قادر بادشاہ صاحب بادشہ رئیس وانیاڑی ضلع شمالی ارکاٹ۔　　از گلزارِ بادشہ)

۶۶

ترے در پہ سائل ہیں شاہانِ عالم　　تو سلطانِ عالم ہے اے جانِ عالم

میں سرکارِ عالی کے قربان جاؤں　　بھکاری ہیں اس در کے شاہانِ عالم

مرے دبدبے والے میں تیرے صدقے　　ترے در کے کتے ہیں شیرانِ عالم

مسلماں مسلماں ہیں تیرے سبب سے　　مری جان ہے تو ہی ایمانِ عالم

تو بحرِ حقیقت تو دریائے عرفاں　　ترا ایک قطرہ ہے عرفانِ عالم

مسیحا خدارا حسنؔ کی بھی سن لے

بلا میں ہے یہ لوثِ دامانِ عالم

(جناب مولانا حاجی محمد حسن رضا خاں صاحب مرحوم بریلوی حسنؔ برادر مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی علیہ الرحمۃ ۔

از ذوقِ نعت و محفل گیارھویں شریف)

۶۷

للہ مرے حال پہ اب کیجئے ترحم اے غوثِ مکرم　　ٹک اپنا جمال آ کے دکھا دو شہِ عالم اے غوثِ مکرم

کس طرح سنبھالوں نہیں دل میرا سنبھلتا بجز وصل تمہارے　　دم بھرتا ہے دم آپ ہی کے وصل کا ہر دم اے غوثِ مکرم

ہر دم ہے دعا حق سے مری اے شہِ جیلاں جب وقتِ نزع ہو | بس وردِ زباں پر یہی نام آپ کا ہو ہم اے غوثِ مکرم
کیا مجھ سے تیر نگہ سے کرو بسمل تا چین ہو دل کو | فرقت میں ہوں آپ کے کب تک یونہی پرغم اے غوثِ مکرم

یکبار کبھی بہرِ خدا لعلِ حزیں کو نزدیک بلا کر
للہ جمال اپنا دکھا دو شہِ عالم اے غوثِ مکرم

(جناب لعل محمد صاحب لعل حیدرآبادی — از دیوانِ [illegible])

68

[illegible] سے فلک میرے مددگار ہیں غوث الثقلین رض | غم مجھے کیا مرے غمخوار ہیں غوث الثقلین رض
نزع کے وقت بھی آئے تو [illegible] اٹھ بیٹھا | کیا مسیحا ہے پئے بیمار ہیں غوث الثقلین رض
خلق بھی عام ہے اخلاق محمد کی طرح | ساری امت کے طرفدار ہیں غوث الثقلین رض
عشق نے احمد مختار کے رتبہ وہ دیا | خلق مجبور ہے مختار ہیں غوث الثقلین رض
میکش میکدۂ عشق تو لاکھوں ہیں مگر | بادۂ عشق سے سرشار ہیں غوث الثقلین رض
جتنے اخیار ہیں سب آپ کے ہیں زیرِ علم | فوجِ ابرار کے سردار ہیں غوث الثقلین رض
کوئی چیز آپ کو مقبول نہیں غیر خلوص | جنسِ الفت کے خریدار ہیں غوث الثقلین رض
آپ کی ذات کریم آپ کا احسان عظیم | ہم خطاکار گنہگار ہیں غوث الثقلین رض
ساری مجلس تو ہوئی جامِ عطا سے سیراب | ایک ہم تشنۂ دیدار ہیں غوث الثقلین رض
لاکھوں قیدی ہوئے حضرت کی عنایت سے رہا | ہم بدستور گرفتار ہیں غوث الثقلین رض
جو میں پاتا ہوں سمجھتا ہوں وہیں سے پایا | درحقیقت مرے سرکار ہیں غوث الثقلین رض
چرخ دشمن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا | میرے حامی و مددگار ہیں غوث الثقلین رض
ضعفِ نقشِ قدم اٹھ نہیں سکتے ہیں قدم | ہم ترحم کے سزاوار ہیں غوث الثقلین رض

عرضِ حاجت کی بھی حاجت نہیں اس در پہ امیرؔ
حال سے تیرے خبردار ہیں غوث الثقلین رض

(استادِ سخن منشی امیر احمد صاحب امیرؔ مینائی مرحوم — محامد خاتم النبیین)

۶۹

دیکھئے جلوۂ جانانۂ غوث الثقلینؓ
دل دو عالم کا ہے پروانۂ غوث الثقلینؓ

کعبۂ دل میں ہے بغداد کی سرحد کی بہار
دونوں آنکھیں ہیں مری جلوہ خانۂ غوث الثقلینؓ

ہے محبان کا دو عالم میں خدا کا محبوب
حق سے بیگانہ ہے بیگانۂ غوث الثقلینؓ

لے چلو اب مجھے بغداد کے آنگن کی طرف
کیا کرے ہند میں دیوانۂ غوث الثقلینؓ

یا خدا دے مجھے دیدار کہ پیاسی ہیں نظر
دیکھ لیں جلوۂ مستانۂ غوث الثقلینؓ

چوم لیتے ہیں بلا ایک با ادب شوق کے ساتھ
میرے دیوان میں ہیں افسانۂ غوث الثقلینؓ

ہو گئی بے خبری دونوں جہاں سے ہاتف
دل کو ہے مستیٔ پیمانۂ غوث الثقلینؓ

(جناب عاشق حسین خاں صاحب ابو العلائی ہاتف ۔ از باغ مدینہ)

۷۰

قبلۂ کون و مکاں حضرتِ غوث الثقلینؓ
کعبۂ امن و اماں حضرتِ غوث الثقلینؓ

صاحبِ جود و کرم عقدہ کشائے عالم
دستگیرِ دو جہاں حضرتِ غوث الثقلینؓ

آشکارا کنِ اسرارِ خداوندِ زمن
واقفِ سرِ نہاں حضرتِ غوث الثقلینؓ

نظرِ لطف و عنایات و کرم ہو جائے
جانبِ خستہ دلاں حضرتِ غوث الثقلینؓ

خامہ تحریرِ محامد میں ترے عاجز ہے
اور قاصر ہے زباں حضرتِ غوث الثقلینؓ

بحرِ عصیاں سے نکالو مجھے زندہ کر دو
اے مسیحائے زماں حضرتِ غوث الثقلینؓ

بوجھ عصیاں کا بس اب مجھ سے نہیں اٹھ سکتا
ہے بہت بارِ گراں حضرتِ غوث الثقلینؓ

فوجِ غم لشکرِ اندوہ نے آ گھیرا ہے
اب سخن جائے کہاں حضرتِ غوث الثقلینؓ

(مولوی سید محمد فخر الدین حسین صاحب بہادر سخن دہلوی تلمیذ غالب مرحوم ۔ از دیوانِ سخن)

۷۱

کیوں نہ اپنا سر جھکائیں اولیا بغداد میں
جلوہ گر ہے جانشینِ مصطفےٰ بغداد میں

عاشقو دیدار کا لوٹو مزا بغداد میں
شکل محبوبی دکھاتا ہے خدا بغداد میں

یہ چمن محبوب کا ہے اور وہ باغ حبیب
روز آتی ہے مدینہ کی ہوا بغداد میں

کچھ نہ پوچھو ہر قدم پر کیا نظر آیا مجھے
دونوں آنکھیں بند کرکے جب چلا بغداد میں

کیوں کروں جا کر در جنت پہ رضواں کو سلام
خلد میں جو ملنے والا تھا ملا بغداد میں

گر تمنائے زیارت مجھ کو لیکر جائے گی
بیٹھ جاؤں گا برنگ نقش پا بغداد میں

چند سانسیں لگ گئی تھیں اس میں غوث پاکؒ کی
بارک اللہ کیا معطر ہے ہوا بغداد میں

ہو کے بے خود اس طرح سجدے پہ میں سجدہ کروں
نقش ہو میری جبیں کا جا بجا بغداد میں

بعد مردن جان و تن کی اس طرح تقسیم ہو
روح یثرب میں رہے لاشہ مرا بغداد میں

وہ بھی دن آئے مرا اللہ پوچھے مجھ سے یوں
تو بہت خوش ہے تجھے کیا مل گیا بغداد میں

اے خدا میں بھی ترے محبوب کا دیوانہ ہوں
گو دکن میں ہوں مگر دل ہے مرا بغداد میں

میں چلا تھا دیکھنے محبوبؒ سبحانی کی شکل
کیا تماشا ہے خدا مجھ کو ملا بغداد میں

لطف ہو اس فرش پر گر پانو رکھدیں غوث پاک
چل کے مائل ہند سے آنکھیں بچھا بغداد میں

(استاد سخن جناب ڈاکٹر احمد حسین صاحب مائل مرحوم۔ از دیوان مائل)

غزل ذو قافیتین

۷۲

جانیوالا ہے مرے دل کا دھواں بغداد میں
آنیوالا ہے اثر اے آسماں فریاد میں

عندلیب گلشن بغداد مجھ سا کون ہے
کس کی خاطر ہے یہاں بن باغباں صیاد میں

گر ہوائے دست وحشت ہے یہی بعد فنا
اڑکے پہنچیں گی کفن کی دھجیاں بغداد میں

تلخیاں بھی ہجر شہ کی ہیں عجب لذت فزا
کیوں قیامت کی نہوں دلچسپیاں روداد میں

سینہ داغ ہجر سے گلزار رضواں بن گیا
بس گئی بوئے گل باغ جناں فریاد میں

دل میں ذکر غوثؒ ہر دم گل کھلاتا ہے نئے
کچھ عجب رنگینیاں رہتی ہیں پنہاں یاد میں

ہے رواں روحوں پہ روحیں کشتگانِ ہجر کی — آ رہا ہے کارواں پہ کارواں بغداد میں
دستگیری کیجئے یا غوثِ اعظم دستگیر — پھنس گیا ہوں بیٹھے بیٹھے کہاں فساد میں

قافیے ہر شعر میں دو دو پھر آتی سادگی
یہ غزل چلکر پڑھو ثاقبؔ جہاں آباد میں

(جناب نجم الدین صاحب ثاقبؔ قادری بدایونی المخاطب بہ امام الکلام بلبلِ ہند(ان سخن)

---

۴۳ — جلوہ افگن ہو جو نورِ شہ جیلاں دل میں — کوئی باقی نہ رہے حسرت و ارماں دل میں
دین و ایماں کی ترقی ہے جو منظور تمہیں — غوثِ اعظم کی محبت ہے نہاں دل میں
حق ہے کہتے ہیں جو سب ساتھ ہی دلہا کے برات — ان کے ہمراہ خدائی کا ہے ساماں دل میں
سوزشِ ہجر نے وہ آگ لگائی حضرت — دل ہے آتش ہیں کہ ہے آتشِ سوزاں دل میں
کبھی بغداد میں بلوا کے دکھا دو جلوہ — رہ نہ جائے پسِ مردن کہیں ارماں دل میں
موت آئے مری یا پیر تو یوں دم نکلے — لب پہ ہو نام ترا اور ترا ارماں دل میں

ظلمتِ قبر سے گھبرائے جو تیرا شائقؔ
شمع روشن ہو ترا چہرۂ تاباں دل میں

(مفتی میر اعظم علی صاحب شائقؔ مرحوم۔ از کلیات شائقؔ)

---

۴۴ — جلوہ افزا جب سے ہیں غوث الوریٰ بغداد میں — بس گئی ہے باغ جنت کی فضا بغداد میں
مژدہ باد اے دردمندانِ محبت مژدہ باد — دردِ دل کی ملتی ہے اچھی دوا بغداد میں
روضۂ پرنور اک زینہ ہے بامِ عرش کا — ڈھونڈنے والوں کو ملتا ہے خدا بغداد میں
جھوٹ کے جھونکے ہیں ہوا کے ہی مسیحائی کی شاں — جاتے ہی بیمار پاتے ہیں شفا بغداد میں
مضطرب دل ہے بہت اب یاد میں محبوب کی — اس کو لے بھی جا اڑا کر اے صبا بغداد میں
زندگی جب تک ہی یہ دل سے نہ جائے یادِ غوثؓ — موت جب آئے تو آئے اے خدا بغداد میں

گر وہاں کی ہے زمیں قسمت میں تیرے اے جمیل
کھینچ ہی لے جائیگی تجھ کو قضا بغداد میں

(میر تراب علی صاحب جمیل قادری عثمانی تلمیذ جلیل و ثاقب)

---

۷۵ کیا غم مری مدد پہ اگر غوثِ پاک ہیں
اللہ بھی ادھر ہے جدھر غوثِ پاک ہیں

حامی مرے شفیق مرے دادرس مرے
ہیں اس طرف رسول ادھر غوثِ پاک ہیں

مجھ کو نہیں سپید و سیاہ جہاں سے کام
میری نظر میں شام و سحر غوثِ پاک ہیں

کر دیں گے ڈوبتی ہوی کشتی کو میرے پار
باندھے ہوئے مدد پہ کمر غوثِ پاک ہیں

کھٹکا نہیں ہے کچھ مجھے آفاتِ دہر کا
آئے کوئی بلا تو سپر غوثِ پاک ہیں

اس نام سے کلیجے میں ٹھنڈک نہ کیوں پڑے
مرہم برائے زخم جگر غوثِ پاک ہیں

شرعِ محمدی کی ہے رونق حضور سے
سرسبز نخلِ دیں کے ثمر غوثِ پاک ہیں

دریائے بے کنار ولایت ہیں آسماں
مثلِ صدف ہے اس میں گہر غوثِ پاک ہیں

ہے کون جو مطیع نہیں دل سے حضور کا
فرمانروائے جن و بشر غوثِ پاک ہیں

پروا نہیں جو کوئی نہیں قدرداں امیر
صد شکر قدردانِ ہنر غوثِ پاک ہیں

(استاد سخن منشی امیر احمد امیر مینائی مرحوم۔ محامد خاتم النبیین)

---

۷۶ یا غوث فداک امی و ابی ہے آپ کی کیسی شان کہوں
ہے قبلہ کہوں یا کعبہ کہوں یا دین کہوں ایمان کہوں

ہے جلوہ تمہارا ہر شے میں اور سارے موجودات کے آپ
ہیں نور کہوں اسرار کہوں یا روح کہوں یا جان کہوں

اوراق جو ارشادات کے ہیں مطلق نجد اجائز ہے انہیں

تفسیر کہوں کہ حدیث کہوں فرقان کہوں قرآن کہوں

جو ادنیٰ گدائے بے ساماں ہے در کا تیرے کونین کا وہ
ہے میر کہوں کہ وزیر کہوں پادشاہ کہوں سلطان کہوں

بغدادِ شریف کا ہر کوچہ فیضانِ قدوم مبارک سے
گلشن ہے کہوں گلزار کہوں یا باغ کہوں بستان کہوں

جس شہر میں آپ کا مولد ہے اس خطۂ پاک و مبارک کو
جنت ہے کہوں فردوس کہوں یا خلد کہوں جیلان کہوں

جو عہد خدا سے تم نے لیا ہے ستر بار ہمارے لئے
رحمت ہے کہوں شفقت ہی کہوں یا لطف کہوں احسان کہوں

نطقؔ آپ کے در پر ہے جو پڑا پاشاہ دو عالم اس کے تئیں
خادم ہے کہوں کہ غلام کہوں یا سگ ہے کہوں سگبان کہوں

(جناب حافظ علیم اللہ صاحب قادری نطقؔ خلیفہ حضرت رزد علیشاہ صاحب)

۷۷

بغدادی پیر میرے جہاں بھر کے پیر ہیں
اور نائب رسولِ خدائے کبیر ہیں

کُل اولیا میں شان نرالی ہے آپ کی
انجم ہیں وہ تو اُن میں یہ بدر منیر ہیں

ہر شعر اُن کے وصف کا گلزار کیوں نہ ہو
یہ باغ پنجتن کے گُل بے نظیر ہیں

شاہی کو کچھ سمجھتے نہیں ایسے ہیں غنی
جتنے جناب پیر کے در کے فقیر ہیں

مجھ کو بھی بحرِ ہجر سے آکر نکالئے
یا غوث آپ سب کے شہِ دستگیر ہیں

شہرت جہاں میں انکے کرشموں کی کیوں نہ ہو
سب پیر ہیں ولیؔ تو یہ پیرانِ پیر ہیں

(ابو الحسنات جناب سید ولی اللہ صاحب قادری ولیؔ ۔ از گلزارِ ولی)

۷۸

عجب رتبہ میں عالی شان محی الدین جیلی ہیں
نبیؐ کے نورِ چشم و جاں محی الدین جیلی ہیں

نہ کیونکر ہو جہانِ درد کو ان کی ہمہ جا کی شفا سمجھیں
ہمارے درد کے درماں محی الدین جیلی ہیں

ہے فرمانِ حکومت ان کا جاری سارے عالم پہ
اگرچہ ساکنِ جیلاں محی الدین جیلی ہیں

ضیائے نور سے ان کے منور سارا عالم ہے
شرف کے نیّرِ تاباں محی الدین جیلی ہیں

ہو کیا خوف اے معلّیٰ مجھ کو شورِ روزِ محشر سے
حمایت پر مری ہر آں محی الدین جیلی ہیں

(مولوی حاجی محمد مظفر الدین صدیقی معلیٰ حیدرآبادی۔ از ریاضِ معلیٰ)

۷۹

اے شہِ جیلاں ترے دربار میں آتا ہوں میں
دوش پر صد بارِ عصیاں باندھ کر لاتا ہوں میں

گوہرِ مقصد سے ہو جاتا ہے دامن پُر مرا
جب ترے دربار میں اے بحرِ فیض آتا ہوں میں

کون سا ہوگا وہ دن یارب کہ لیکے زادِ رہ
یہ کہوں احباب سے بغداد کو جاتا ہوں میں

ہے کئی دن سے جو دل میں آرزوئے پائے بوس
مرتے مرتے اس لئے ہر شب سنبھل جاتا ہوں میں

باز آتا ہی نہیں تڑپنے سے تیری یاد میں
اس دلِ مشتاق کو ہر چند سمجھاتا ہوں میں

دور جس شب سے ہوا ہوں بزمِ پُر انوار سے
شمع کی مثل اے مہِ تاباں گھلا جاتا ہوں میں

سیدِ بغداد کی فرقت میں ترکی روز و شب
خونِ دل پیتا ہوں اور لختِ جگر کھاتا ہوں میں

(ترک علی شاہ صاحب قلندر ترکی۔ از سرمایۂ حیات)

۸۰

نورِ نظرِ سلطانِ اُمم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؓ
سرچشمۂ فیض و بحرِ کرم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؓ

اے حیدرؓ کے پسر اے بنتِ رسولؐ کے لختِ جگر
واقف ہی شرف سے ترے عالم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؓ

اے راحتِ جانِ حسینؓ و حسنؓ نہ ہی تجھ سے علیؓ کا نام
دنیا میں ہے جنت تیرا حرم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؓ

ہر فضل و کمال میں ہو یکتا اور بدل نوال میں ہے یکتا
کیا کوئی کرے اوصاف رقم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؓ

بغداد میں ہند سے آیا ہوں در بارگہ لے آیا ہوں ۔۔۔ اس عاجز پہ ہو نگاہِ کرم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؒ

داماں مرادِ مرا بھر دو انجام بخیر مرا کر دو ۔۔۔ آسان ہو منزل ملکِ عدم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؒ

ہمیں عالم میں اپنا ماویٰ بڑھ کر اس در سے ترے شہا پایا ۔۔۔ تیرے ہی درِ دولت کی قسم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؒ

تری ذاتِ مقدس ہے یکتا اے نورِ نگاہِ حبیبِ خدا ۔۔۔ اے فخرِ نسلِ نبی آدم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؒ

شیئاً للہ شیئاً للہ ہے اشرفیِ مسکیں کی یہ صدا

دیدیجئے کچھ ازراہِ کرم غوثِ اعظم شاہِ جیلاںؒ

(مولوی شاہ ابو احمد محمد علی حسینی اشرفی جیلانی سجادہ نشین حضرت میر سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہٗ ۔ از تحائف اشرفی)

۸۱

خیرِ محض بہ شانِ اثر غوثِ پاکؒ ہیں ۔۔۔ شر سے جو پاک ہو وہ بشر غوثِ پاکؒ ہیں

رکھتا ہوں اپنے سینہ میں آنکھوں میں آپ کو ۔۔۔ روحِ رواں و نورِ نظر غوثِ پاکؒ ہیں

سچی خوشی نہاں تھی جمالِ جمیل میں ۔۔۔ شامِ وصال و عیشِ سحر غوثِ پاکؒ ہیں

نورِ خدا و نورِ نبیؐ نورِ کائنات ۔۔۔ نورِ منیر و شمس و قمر غوثِ پاکؒ ہیں

دونوں نہوں تو جملہ ہو بے ربط و مہملہ ۔۔۔ حق مبتدا ہے اس کی خبر غوثِ پاکؒ ہیں

رونق شجر کی ہے ثمر آبدار سے ۔۔۔ حسنینؓ ہیں نہال ثمر غوثِ پاکؒ ہیں

ہیں ایک جسم ہی سے یہ ارکانِ بندگی ۔۔۔ دل ہیں اگر علیؓ تو جگر غوثِ پاکؒ ہیں

آتے ہیں دست بستہ شہانِ ملکِ خدم ۔۔۔ بزمِ ولا میں تاج بسر غوثِ پاکؒ ہیں

ہیں اصل سے فروع کی سرسبزیاں منیرؔ

شاخیں ہیں سب شیوخ شجر غوثِ پاکؒ ہیں

(جناب محمد منیر الدین صاحب قادری فاروقی منیرؔ قاضی پربھنی)

۸۲

دکھا دو روضۂ اقدس تمہارا یا محی الدینؒ ۔۔۔ دلِ مشتاق ہے مضطر تمہارا یا محی الدینؒ

بتا دو چہرۂ انور خدارا یا محی الدین ۔۔۔ ہمارا دل ہے دیوانہ تمہارا یا محی الدینؒ

میسر ہے اُسے دونوں جہاں کی نعمتیں بیشک
تمہارا جس کو حاصل ہے نظارہ یا محی الدینؓ

ہمارے رنج و غم کے دُور کرنے کو کفایت ہے
تمہارے چشمِ حق بیں کا اشارہ یا محی الدینؓ

مرا دل اور جاں قرباں تمہارے نامِ نامی پر
عجب کچھ ہے تمہارا نام پیارا یا محی الدینؓ

قدم لیتے نہ کیوں پھر دوش پر پیارے ولی اللہ
بلند ایسا ہی رتبہ ہے تمہارا یا محی الدینؓ

ہوئی اک آن میں آسان اسکی مشکلیں ساری
رجوعِ قلب سے جس نے پکارا یا محی الدینؓ

بلا لو جلد اس مخمور کو بغداد میں حضرت
نہیں ہوتا دکن میں اب گزارا یا محی الدینؓ

(جناب مخمور۔ جلوۂ محمدی حصہ سوم)

فریاد بحضور صاحب بغداد

۸۳

گرفتارِ بلا پابندِ غم یا غوثِ اعظمؓ ہوں
کرم فرما کہ مشتاقِ کرم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

بلاؤں پر بلائیں ہیں مصیبت پر مصیبت ہے
ہوئی مدت کہ میں وقفِ الم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

مری قسمت مرقع تنگئی ہے نامرادی کا
میں وہ ناکامِ اندوہ و الم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

ہجومِ صد پریشانی ہے دلپر روح مضطر ہے
وفورِ یاس سے مائل بہ غم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

قوی ہمت ستم پیشہ اُدھر اعدائے ملت ہیں
اِدھر میں خستۂ مشقِ ستم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

مری روزی ترے دستِ گدا پرور کا صدقہ ہے
نمک پروردۂ بابِ کرم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

تمہارا ہی سہارا ہے تمہیں فریادرس ہو گے
تمہیں سے آج خواہانِ کرم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

غلامِ شاہِ بطحے خانہ زادِ خسرو جیلاں
ترے در کی ترے سر کی قسم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

عرب کے تاج والے کی دہائی لاج رکھ لینا
کہ میں مدّاحِ سلطانِ اُمم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

بلائیں دُور ہوں مشکل کشاؓ کی زلف کا صدقہ
رہا ہوں دامِ غم سے یکقلم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

خمِ ابرو کی گردش سے مٹا دے گردشِ قسمت
میں ہر سجدۂ شکرانہ خم یا غوثِ اعظمؓ ہوں

ترے اندازِ بذل و جود سے ہوں نور کا طالب

ترا محتاج بے دام و درم یا غوث اعظمؓ ہوں

(مولوی محمد اظہر الحق صاحب انور قادری بدایونی)

۹۴

غوث اعظمؓ کے جو محشر میں غلام آتے ہیں | کس تمنا سے ملک بہر سلام آتے ہیں
منزلیں روح کی ہیں مکہ، مدینہ، بغداد | راہِ جنت میں یہ دو تین مقام آتے ہیں
غوث کے در سے نہ اٹھنے کا ہو ساماں یا رب | مجھ کو بغداد میں رضواں کے پیام آتے ہیں
حشر میں دیکھتے ہیں قادریوں کی شوکت | قصر فردوس پہ غلماں لب بام آتے ہیں
دل کو ملتی ہے ترے روضۂ انور میں ضیا | روشنی کے لئے قدسی سرِ شام آتے ہیں
نزع میں خاتمہ بالخیر کرا دیں گے مرا | غوث الاعظمؓ ہی بُرے وقت میں کام آتے ہیں
فیض یہ غوث کی درگاہ سے ہوتا ہے نصیب | بنتے ہیں خاص خدا در پہ جو عام آتے ہیں
سلسلہ جنسے ہے تسبیح طریقت کا ملا | بخشوانے کو وہ محشر میں امام آتے ہیں
دلِ عشاق کا کیونکر نہ فلک پر ہو دماغ | غوثؓ کے زیر قدم وقتِ خرام آتے ہیں
قادری سلسلے میں ہونگے وہ قدسی داخل | غوث الاعظمؓ کی جو خدمت میں مدام آتے ہیں

گیارھویں کی کوئی محفل ہے فلک پر شاید
کہ ملک لینے کو حامد کا کلام آتے ہیں

(خان بہادر مولوی حامد بخش صاحب مرحوم و مغفور قادری رئیس اعظم بدایون)

۹۵

ہستی ہے تیری محترم محفل کائنات میں | رفعتیں تجھ کو ملگئیں معرکۂ حیات میں
فضل و کمال کا ترے ذکر ہے عظمتوں کے ساتھ | مجلس حال و قال میں بزم تجلیات میں
عشق کی لذتیں بھی ہیں شوق کی دعوتیں بھی ہیں | آ کہ ہے تیرا انتظار شورش کائنات میں
رنج ہے غم ہے یاس ہے ہجر سے دل اداس ہے | دیکھ کہ ہے عجب سماں معرکۂ حیات میں
پردۂ ناز سے کبھی لطف و کرم کی ہو نظر

روح رضا ہے مضطرب حسرتِ التفات میں

(مولانا احمد رضا خاں صاحب قادری بریلوی ۔ پیشوا غوث الاعظم نمبر ۔ اگست ۱۹۳۳ء)

---

۸۶ کھڑا ہوں دست بستہ در پہ یا غوث الورا دیکھو ذرا دیکھو محی الدینؓ نورِ کبریا دیکھو

گدائے بے سر و ساماں ہوں با حالِ پریشاں ہوں کرم کی اک نظر مجھ پر مرے شاہا ہو تجھے شہ دیکھو

گنوائی عمر غفلت میں لٹی بستی مرے دل کی کروں میں کس سے فریادی مرے مشکل کشا دیکھو

تکے ہیں راہزن سارے کہ لوٹیں نقدِ دل میرا بچا لو یا محی الدین محبوبِ خدا دیکھو

مریضِ عشق ہوں شاہا دوا سے کیا مجھے مطلب دکھا دو آپ کا چہرہ کہ ہو جائے شفا دیکھو

خبر لو یا محی الدینؓ شکستہ ہے دلِ خادم ابھی برباد ہو جائے نہ دیکھے تم ذرا دیکھو

کروں میں کس سے معروضہ جو بر آئے مرا مطلب مرے مولا مرے آقا مرے حاجت روا دیکھو

سوائے جنسِ عصیاں کے نہیں پونجی میں کچھ باقی خطائیں نذر لایا ہوں مرے مولا ذرا دیکھو

غلامِ کمتریں ہے لعلِ عاجز بے نوا خادم
کرم کیجے محی الدینؓ معشوقِ خدا دیکھو

(جناب لعل محمد صاحب لعل ۔ از دیوان لعل)

---

۸۷ نہ کیوں پھر قلب اس کا مثلِ خورشیدِ درخشاں ہو کہ جس کے دل کے آئینہ میں شکلِ شاہِ جیلاںؓ ہو

یہی ہے آرزو میری دمِ آخر خداوندا زباں پہ کلمہ ہو آنکھوں میں شکلِ شاہِ جیلاںؓ ہو

نہ جنت کی غرض مجھ کو نہ دوزخ کی مجھے پروا تمنا ہے کہ ہاتھوں میں محی الدین کا داماں ہو

نہ دیکھو ہند میں بغداد بلوا لو مجھے جلدی کہاں تک تا کجا تا کے یہ دل فرقت سے حیراں ہو

تمہارے ہجر کی سختی سہی جاتی نہیں مجھ سے بڑی مشکل میں ہوں امداد میری شاہِ جیلاںؓ ہو

غلامِ بارگاہِ غوثیہ ہوں مجھ کو کیا ڈر ہے جو عقدہ ہو وہ حل ہو اور جو مشکل ہو آساں ہو

تمنا ہے ولیِ کمتریں کی بس یہی ہر دم

کہ جیسا مدح خواں یاں ہے وہاں بھی وہ ثنا خواں ہو

(ابوالحسنات سید ولی اللہ صاحب ولیؔ — از گلزارِ ولی)

۸۸

دستگیری کا طلبگار ہوں شیئاً للہ　میں بغداد میں ناچار ہوں شیئاً للہ

حالِ دل شرم سے اب تک نہ کہا تھا لیکن　آج میں درپئے اظہار ہوں شیئاً للہ

کرمِ خاص کے لائق تو نہیں میں پھر بھی　آپ کا غاشیہ بردار ہوں شیئاً للہ

مجھ سے اب دین کی پستی نہیں دیکھی جاتی　غلبۂ کفر سے بیزار ہوں شیئاً للہ

پائے رفتن ہے نہ ہے ہند میں جائے ماندن　سخت مشکل میں گرفتار ہوں شیئاً للہ

جلوۂ پاک نظر آئے تو بر آئے مراد　تشنۂ شربتِ دیدار ہوں شیئاً للہ

کیا کروں میری دعا بھی تو نہیں ہے مقبول　میں کہ اک فردِ گنہگار ہوں شیئاً للہ

آپ ہی سنئے کہ اب اور کہوں میں کس سے　بستۂ دامنِ سرکار ہوں شیئاً للہ

غوثِ اعظمؓ سے جو مانگو گے ملیگا حسرتؔ

پس کہو حاضرِ دربار ہوں شیئاً للہ

(جناب فضل الحسن صاحب حسرتؔ موہانی — از حدیقۂ معرفت)

۸۹

طالبِ جلوۂ دیدار ہوں شیئاً للہ　دل سے یا غوث میں لاچار ہوں شیئاً للہ

دستگیری مری فرمائیے سلطانِ عراق　استعانت کا طلبگار ہوں شیئاً للہ

ہائے کیونکر ہو سفر جانبِ بغدادِ شریف　بے زر و بیکس و نادار ہوں شیئاً للہ

لاج رکھنا مرے دامانِ طلب کی یا غوثؓ　آپ کا غاشیہ بردار ہوں شیئاً للہ

کب سے بیٹھا ہوں لئے دل میں تمنائے جمال　میں کہ حسرت کشِ دیدار ہوں شیئاً للہ

زندگی تلخ ہے یا حضرتِ غوث الثقلینؓ　سخت مشکل میں گرفتار ہوں شیئاً للہ

حالتِ دردِ جگر کس سے کہوں کون سُنے　محیِ دیں آپ میں بیمار ہوں شیئاً للہ

لاتخف کہدو کہ ہو خطرۂ عصیاں سے نجات
ہوں مریدوں میں خطاکار ہوں شیئاً للہ

اے ملیحِ عربی بھیک عنایت ہو کہ ہیں
غوثِ اعظمؓ کا نمک خوار ہوں شیئاً للہ

ناؤ منجدھار میں دریا میں ہے جوشِ طوفاں
کیسے یا غوثؓ میں اب پار ہوں شیئاً للہ

تھام لو ہاتھ کہ تا شافعِ محشر پہنچوں
معصیت کیش و گنہگار ہوں شیئاً للہ

اپنی اس عزتِ بالا کی بدولت یا غوثؓ
ہدفِ طعنۂ اغیار ہوں شیئاً للہ

آپ سے یا شہِ جیلاں ہوں مدد کا طالب
میں کہ بے یار و مددگار ہوں شیئاً للہ

قدمِ ناز کی ٹھوکر کا تمنائی ہوں
سر قتادہ پسِ دیوار ہوں شیئاً للہ

ایک حسرت یہ ضیا کی ہے امیرِ بغداد
کاش میں حاضرِ دربار ہوں شیئاً للہ

(جناب ضیاء القادری صاحب بدایونی المخاطب بہ لسان الحسان)

۹۰

یا جیلانی شیئاً للہ یا جیلانی شیئاً للہ
یا جیلانی شیئاً للہ المدد باذن اللہ

آپ کا ہو کر حال تباہ آؤ مدد کو شاہنشاہ
چلاتا ہوں شام و پگاہ یا جیلانی شیئاً للہ

ایک طرف شیطان مرید ایک طرف یہ نفسِ پلید
مجھ کو نہیں ہے کچھ امید تیرے سوا اے عالیجاہ

کب تک ہو یہ آہ و بکا میرے مرض کی کر دے دوا
ایک نظر میرے مولا حال ہوا ہے سخت تباہ

ہو نہ مدد میں کچھ تاخیر دشمن ہیں برنا و پیر
کیجیے مدد یا دستگیر غوثِ اعظمؓ شاہنشاہ

میں ہوں برا پر تیرا ہوں ہوں رسوا پر تیرا ہوں
ہوں کیا کیا پر تیرا ہوں تیرا ہوں دے مجھکو پناہ

کچھ بھی نہیں مجھ میں تقویٰ سب سے برا ہوں سب سے برا
تو اچھا ہے تو اچھا عبدالقادرؓ شاہنشاہ

میرے دل میں ہمت ہو دور یہ ساری کلفت ہو
عزت ہو اور حرمت ہو پاؤں مرادیں حاطر خواہ

آپ کی چشمِ عنایت ہو حال پہ میرے رحمت ہو
آپ نشانِ عظمت ہیں بادشہِ با تخت و کلاہ

مانا ہے یہ سب سے حقیر حسرتِ عاجز پر تقصیر
تیرے در کا پر ہے فقیر یا جیلانی شیئاً للہ

(حضرت مولانا محمد عبدالقدیر صاحب صدیقی قادری حسرت)

۹۱

بیمار ہوں فرقت سے یا غوث الاعظم شیئاً للہ
ہو مجھ کو شربت وصل عطا غوث الاعظم شیئاً للہ

خواہش نہیں دولت شاہی کی ہے آرزو در کی گدائی کی
ہے آپ سے اتنا معروضہ غوث الاعظم شیئاً للہ

دو جگ میں وسیلہ تیرے سوا کوئی نہیں ہے میرے مولا
لو روز قیامت مجھکو بچا غوث الاعظم شیئاً للہ

سب عمر چلی ہے غفلت میں کیا عرض کروں اب میت میں
روشن ہے جان پہ تجھ پر غوث الاعظم شیئاً للہ

ہے بوجھ گناہ سر پہ بھاری اب حاجت سے آہ و زاری
آیا ہوں در دولت پہ شہا غوث الاعظم شیئاً للہ

آوارہ ہوں سرگرداں ہوں مضطر حیران و پریشاں ہوں
بے ہوش بچانے صبر بچا غوث الاعظم شیئاً للہ

بس اتنی دعا ہے فائق کی جب نزع کی حالت ہو طاری
دکھلا دیجے رخ سے زیبا غوث الاعظم شیئاً للہ

(مولوی سید شاہ محمد عثمان میاں صاحب قادری فائقؔ ۔ از افکار غیب)

۹۲

نبی کی آنکھ کا تارا محی الدین جیلانیؒ
مرے اللہ کا پیارا محی الدین جیلانیؒ

پکارے اولیا سارے جو دیکھی شان محبوبی
اداؤں نے تری مارا محی الدین جیلانیؒ

پکاروں میں تجھے کس نام سے مشکل کشائی کو
ترا ہر نام ہے پیارا محی الدین جیلانیؒ

بہار باغ کثرت ہے گل گلزار وحدت ہے
ترا ہر ایک رخسارا محی الدین جیلانیؒ

سو بغداد سر ہے ہادی میں بیخود ہوں آتے ہیں
خودی کا ہے یہ نقارا محی الدین جیلانیؒ

دکھاتا ہے دکھاتا ہے محمدؐ کو محمدؐ کو
ترے چہرے کا نظارا محی الدین جیلانیؒ

جو دو عالم کے پیارے ہیں وہ اللہ اور محمدؐ ہیں
تو ان پیاروں کا ہے پیارا محی الدین جیلانیؒ

جو ہم مرتے ہیں تو مرتے ہیں کس پر تجھ پہ مرتے ہیں
یہ جینے کا ہے کفارا محی الدین جیلانیؒ

صدا مائل کی سنکر تو جو پھر انجان ہو جائے
کہاں جائے وہ بیچارا محی الدین جیلانیؒ

(ڈاکٹر احمد حسین صاحب مائلؔ ۔ از دیوان مائل)

کلامِ فصاحت التیام

۹۳

نظر میں روز و شب ہے جلوۂ محبوب سبحانی　　یہی خورشید تاباں ہے یہی ہے شمع نورانی

مخالف اب ہوا ہے اور کشتی میری طوفانی　　مدد کر ہاں مدد کر غوث اعظم قطب ربانی

ہو اولاد علیؓ ہو تم تو ہو آل پیمبر بھی　　شرافت کو بھی تم سے فخر ہے یا قطب ربانی

ترے دست کرامت میں ہے آثار ید اللّٰہی　　ترے ناخن میں ہے تاثیر صد مہر سلیمانی

شریعت میں طریقت میں ولایت میں کرامت میں　　نہیں اس عہد سے اب تک کوئی بھی آپ کا ثانی

نہ مانے جو ترا کہنا تو اس بدبخت کی قسمت　　نہ سمجھے جو ترا رتبہ تو اس ناداں کی نادانی

محبت شمع سے پروانے کو ہے گل سے بلبل کو　　مجھے ہے عشق تیرا یا محی الدین جیلانیؓ

غلاموں کا ترے ہے مرتبہ شاہوں سے بھی بڑھ کر　　کہ رکھیں در پہ ان کے قیصر و فغفور پیشانی

پریشاں اس پریشانی کو کر دے مہربانی سے　　ہوئی ہے جمع میرے قلب میں از حد پریشانی

بچائے رکھے اسے یا پیرؓ اپنی دستگیری سے　　کہ تیرے ہاتھ ہے اس ملک و دولت کی نگہبانی

نہیں کچھ عرض کی حاجت مجھے سب تجھ پہ روشن ہے　　مرا داغ درونی اور میرا درد پنہانی

ترا ہی نام کا ہے جزو میرے اسم میں شامل　　رکھے کی لاج تیرے ہاتھ ہے محبوب سبحانیؓ

رہے دم میں ہے جب تک دم کہے جاؤں کہے جاؤں　　محی الدین جیلانی محی الدین جیلانیؓ

یہ آصف ہی بہت عاصی ہے الٰہی بخش دے اس کو

طفیل سرور عالم طفیل قطب ربانیؓ

(اعلیحضرت غفراں مکان نواب میر محبوب علیخاں آصف جاہ سادس آصف نور اللہ مرقدہ)

اے غوثِ پاک تیرا نام نامی | نہیں پنہاں تری ذاتِ گرامی
نہ پہنچا طائرِ ادراک واں تک | تعالی اللہ تری اعلٰی مقامی
بہت کی جستجو راہِ طلب میں | نہ رہبر ہی ملا ایسا نہ حامی
بس اب سیراب جامِ دید کر دے | رہیگی تا کجا یہ تشنہ کامی
زمانہ چاہیئے اس پختگی کو | کہ الفت میں رہے باقی نہ خامی
بشر کا ذکر کیا اے غوثِ اعظمؓ | ملک بھی آستاں کے ہیں سلامی

وسیلہ حشر میں ہے مغفرت کا
بشارت کو ترے در کی غلامی

(نواب بشارت جاہ بہادر۔ از رہبر دکن۔ مورخہ ۱۱۔ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ)

۹۵

ہے دل کو آرزو غوث الورٰیؓ کی | نظر کو جستجو غوث الورٰیؓ کی
جو صورت تھی نبیؐ کی ہو وہی شکل | بلا شک ہو بہو غوث الورٰیؓ کی
دلِ مردہ میں تازہ جان آجائے | جو سن لے گفتگو غوث الورٰیؓ کی
وہ بحرِ فیض تھے بحرِ دو جہاں میں | نہ کیوں ہو آبرو غوث الورٰیؓ کی
کرامت سے کہا اک چاند کر دے میں | ہے شہرت کو بکو غوث الورٰیؓ کی
کھلے وقتِ سحر جب آنکھ یارب | ہو صورت روبرو غوث الورٰیؓ کی

مرے دل کی کلی ہاشم کھلی ہے
صبا لائی جو بو غوث الورٰیؓ کی

(نواب ہاشم جاہ بہادر۔ از رہبر دکن مورخہ ۱۵۔ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ نمبر ۲۵۵ جلد ۱۳)

۹۶

یہ دل محبوب سبحانی کے صدقے | محی الدین جیلانیؓ کے صدقے
نثارِ رتبۂ ابوذر ہمہ روئے | فرشتے قبر نورانی کے صدقے
تمہارے لطفِ پنہانی کے قرباں | تمہارے اسمِ لاثانی کے صدقے
تمہاری ذات سے ہے نظمِ عالی | جہانبانی کے سلطانی کے صدقے
سبک روحی ہیں کب ہے لذتِ درد | دمِ بسمل گراں جانی کے صدقے
یہ دل ہوا ورِ جوشش قلزمِ عشق | یہ کشتی موجِ طوفانی کے صدقے
مرے دل پر چلے وہ خنجرِ عشق | ملک ہوں جسکی قربانی کے صدقے
یہ زیبا ہے جو ہوں لوح و قلم بھی | تمہارے اسمِ لاثانی کے صدقے

فدائے شمع پروانہ ہوئے داغ
ہم اپنے قطب ربانی کے صدقے

(استادِ سخن فصیح الملک جناب داغ دہلوی مرحوم - ازمہتابِ داغ)

۹۷

محیطِ فیضِ رحمانی محی الدین جیلانیؓ | تمہارا کون ہے ثانی محی الدین جیلانیؓ
تمہیں ہو خلق کے سرور تمہیں ہادی تمہیں رہبر | تمہیں محبوبِ سبحانی محی الدین جیلانیؓ
شریعت کو کیا تازہ طریقت کو کیا زندہ | مسیحائی میں لاثانی محی الدین جیلانیؓ
چراغِ کعبۂ عرفاں فروغِ دیدۂ ایماں | امام و قطبِ ربانی محی الدین جیلانیؓ
بلا شبہ ہے آئینہ جمالِ کبریائی کا | تمہاری شکل نورانی محی الدین جیلانیؓ
تمہارے ہاتھ میں رکھی ہے خلاقِ دو عالم نے | ہر اک مشکل کی آسانی محی الدین جیلانیؓ
وہ لاکھوں تاجداروں سے ہے بڑھکر جسکو حاصل ہے | تمہارے در کی دربانی محی الدین جیلانیؓ
ازل سے آپ کے حصہ میں تائیدِ الٰہی سے | دو عالم کی ہے سلطانی محی الدین جیلانیؓ
تمہارے اک اشارے سے قلوبِ خلق پر کیا کیا | کھلے اسرارِ پنہانی محی الدین جیلانیؓ
ہزاروں سینے تم نے بھر دیئے علمِ لدنی سے | رہے تعلیمِ روحانی محی الدین جیلانیؓ

مدد کو آئیے جلدی کہ گرداب حوادث میں
مری کشتی ہے طوفانی محی الدین جیلانی رض

تمہارے چشم و ابرو سے تمہارے روئے نیکو سے
ظہورِ نورِ ایمانی محی الدین جیلانی رض

خزانہ تم ہو عرفاں کا تمہارا ہی مقولہ ہے
درِ گنجِ خدا دانی محی الدین جیلانی رض

جلیلِ خستہ پر ایسی عنایت ہو کہ محشر میں
نہ ہو اس کو پشیمانی محی الدین جیلانی رض

(استادِ سخن نواب فصاحت جنگ بہادر جلیل۔ ازمعراجِ سخن)

۹۸

قدِ محبوبِ سبحانی قدم تک سر سے لاثانی
سراپا شانِ رحمانی مجسم نورِ یزدانی

مرے محبوبِ سبحانی تری صورت ہے نورانی
یہ عارض اور یہ پیشانی دو عالم میں ہے لاثانی

رخِ محبوبِ سبحانی نبی کی شکلِ نورانی
گلِ گلزارِ عرفانی چراغِ نورِ ربانی

جو چاہے فضلِ ربانی کرے ان کی ثنا خوانی
کہ ہیں محبوبِ سبحانی محی الدین جیلانی

جو کی ان کی ثنا خوانی ہوئی مقبولِ یزدانی
سخن گوئی سخن دانی سخن سنجی سخن دانی

ہمارا بخت یاور ہے ترقی پر مقدر ہے
کہ وہ در اور یہ سر ہے وہ چوکھٹ ہے یہ پیشانی

کھلا جب پیر کا پنجہ وہ مظہر ہے یداللہ کا
اگر ہاتھ اس کا ہاتھ آیا تو پایا دستِ یزدانی

مئے عرفانِ محبوبی پلا دے تا کھلے ساقی
خدا فہمی خدا یابی خدا بینی خدا دانی

بتا دو صاحبِ عرفاں کہ دل کا ہے یہی ارماں
ملی ہے صورتِ انساں تو سیرت بھی ہو انسانی

جو دل میں عشق تیرا ہے تو سر میں تیرا سودا ہے
مرے مالک مرے مولا مرے معشوقِ یزدانی

ہو کیوں طے کڑی منزل کہ پیشِ ہادیِ کامل
نہایت سہل ہے مشکل نہیں دشوار آسانی

بچا کر مکرِ دشمن سے فریبِ نفسِ پرفن سے
رہِ عقبیٰ کے رہزن سے کرو میری نگہبانی

جو بد ہوں نیک خو کر دو مجھے تم سرخ رو کر دو
مجھے ذی آبرو کر دو نہ پانی پر پھرے پانی

دو عالم میں نہ ہو خفت رہے ہر اک جگہ حرمت
تمہارے ہاتھ ہے حضرت مری عزت مری پانی

عطا فرمائیے حضرت مجھے دارین کی نعمت
طفیلِ شافعِ امت حبیبِ خاصِ یزدانی

جیوں تیرے غلاموں میں مروں تیرے غلاموں میں　　اٹھوں تیرے غلاموں میں قیامت میں ہے یہ بانی

ہیں آنکھیں فرشِ رہ آؤ نگاہوں میں سما جاؤ　　کرم بندے پہ فرماؤ کرو تشریف ارزانی

وہ تیرا جلوہ جانانہ وہ تیری چال مستانہ　　خدا خود جس کا دیوانہ خدائی جس کی دیوانی

گلِ گلزارِ حضرت کے رسا ہیں سونگھنے والے

چمن میں نکہتِ گل سے ہو کیونکر پریشانی

(شاہ وجیہہ الدین عثمانی رسا مرحوم)

۹　شاہِ عرفاں نورِ ایماں عبد القادر جیلانی رض　　تیرے صدقے تیرے قرباں عبد القادر جیلانی رض

ہجر میں تیرے کیوں نہ مروں جب تو نہ ملے کس طرح جیوں　　تو ہی مرا دل تو ہی مری جاں عبد القادر جیلانی رض

دن کو شب کو دور سے تیری قبر پہ صدقے ہوتے ہیں　　مہرِ منور ماہِ تاباں عبد القادر جیلانی رض

زاہد میکش ملا صوفی ابرِ رحمت جسے کہیں　　ہے وہ تمھارا سایۂ داماں عبد القادر جیلانی رض

سیرت میں تمثالِ محمد صورت میں تصویرِ علی رض　　کیوں نہ خدائی تم پہ ہو قرباں عبد القادر جیلانی رض

بر میں جامۂ معشوقی ہے سر پہ تاجِ محبوبی　　میرا بانکا شاہِ خوباں عبد القادر جیلانی رض

حشر سے جب میں خلد میں جاؤں پیچھے پیچھے تیرے چلوں　　ہاتھ ہوں میرے تیرا داماں عبد القادر جیلانی رض

سر سے قدم تک نورِ محمد اللّٰھم صلِ علیٰ　　قبلۂ عرفاں کعبۂ ایماں عبد القادر جیلانی رض

گن گن کر ایک ایک اٹھا دے میرے دل کے ساتوں حجاب

مائل کی ہو مشکل آساں عبد القادر جیلانی رض

(ڈاکٹر محمد حسین صاحب مائل حیدرآبادی۔　　از دیوانِ مائل)

۱۰　فروغِ نورِ ایمانی محی الدین جیلانی رض　　ضیائے چشمِ نورانی محی الدین جیلانی رض

تمھیں ہو ہادیٔ دوراں تمھیں سرور تمھیں سلطاں　　تمھیں محبوبِ سبحانی محی الدین جیلانی رض

تمھیں ہو صاحبِ عرفاں تمھیں ہو رونقِ ایماں　　تمھیں مقبولِ یزدانی محی الدین جیلانی رض

خدا کے فضل و قدرت سے ہیں جتنے اولیا کی ... تمھیں حاصل ہے سلطانی محی الدین جیلانیؒ
ابھی تک جاری و ساری ہے دنیا کے رگ و پے میں ... تمھارا فیضِ روحانی محی الدین جیلانیؒ
سہارا بے سہاروں کا وسیلہ بے وسیلوں کا ... تمھاری ذات لاثانی محی الدین جیلانیؒ
تمھارے در کی دربانی بھی مل جائے تو یہ سمجھوں ... ملی مجھ کو سلیمانی محی الدین جیلانیؒ
نہ کیوں ہو محو دل جیسے تصور خواب میں بھی گر نظر آئے ... تمھارا حسن لاثانی محی الدین جیلانیؒ
تمنا ہے تو بس یہ ہے جو ارماں ہے تو بس یہ ہے ... ترے در پر ہو پیشانی محی الدین جیلانیؒ
نظر میں یوں سما جاؤ جدھر دیکھوں نظر آئے ... تمھاری شکل نورانی محی الدین جیلانیؒ
مجھے بیخود بنا دو مست کردو بے خبر کر دو ... پلا کر جامِ عرفانی محی الدین جیلانیؒ
نہیں کچھ عرض کی حاجت کہ تم پر آشکارا ہے ... مرا سب دردِ پنہانی محی الدین جیلانیؒ
جو سچ پوچھو مقدر ہے اسی کا جس نے دیکھی ہے ... تمھاری شکل نورانی محی الدین جیلانیؒ
بوقتِ نزع بھی پیہم زباں پر ہو یہی جاری ... محی الدین جیلانی محی الدین جیلانیؒ
تمنائے دلی یہ ہے کہ ہو پیشِ نظر ہر دم ... تمھارا روئے تابانی محی الدین جیلانیؒ
قیامت میں وسیلہ مغفرت کا بنگئی تم سے ... مری وابستہ دامانی محی الدین جیلانیؒ
جو آجائے ادھر بھی اک نسیم لطف کا جھونکا ... تو زائل ہو پریشانی محی الدین جیلانیؒ
علیؓ کے تم ہو پوتے تم کو آساں ہے بھی آساں ہے ... مری مشکل کی آسانی محی الدین جیلانیؒ

ہو محمود حزیں پر بھی کرم کی اک نظر ایسی
مٹے سب اس کی حیرانی محی الدین جیلانیؒ

(ابو الفضل سید محمود قادری بی اے ایل ایل بی عثمانیہ)

۱۰۱

خدا کے عرش کا تارا محی الدین جیلانیؒ ... شہ کونین کا پیارا محی الدین جیلانیؒ
رسولؐ اللہ کا نور نظر اللہ کا مظہر ... علیؓ کا تو جگر پارا محی الدین جیلانیؒ
مچی نورانیت کی دھوم جب تیری ولایت کا ... بجا عالم میں نقارا محی الدین جیلانیؒ

تو محبوبِ خدا چہرہ ترا ماہ منوّر ہے
ترا رخسار مہ پارا محی الدین جیلانی رضؓ

ترے در پر جو آیا چین پایا ہو گئی تسکیں
پھرا برسوں تک آوارا محی الدین جیلانی رضؓ

عقیدہ ہے مرادر پر ترے آنا عقیدت سے
گناہوں کا ہے کفارا محی الدین جیلانی رضؓ

نہ جانیں تو نہ جانیں چند ناداں مرتبہ تیرا
تو اک عالم کا ہی پیارا محی الدین جیلانی رضؓ

رسول اللہ کا اللہ کا جلوہ نظر آیا
ہوا جب تیرا نظارا محی الدین جیلانی رضؓ

درِ مقصد سے بھر دے فاضلِ مسکیں کا بھی دامن
کھڑا ہے در پہ بیچارا محی الدین جیلانی رضؓ

(جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب قادری فاضل۔ از نذرانۂ فاضل)

۱۰۲

غوثِ اعظم رضؓ سا جسے راہنما ملتا ہے
دم میں وہ منزلِ مقصود سے جا ملتا ہے

غوثِ اعظم رضؓ سے پیمبر کا پتا ملتا ہے
شہِ کونین کے ملتے ہی خدا ملتا ہے

نہ جدا ہو کبھی دل سے مرے اے الفتِ پیر
زندگی کا ترے رہنے سے مزا ملتا ہے

جستجو سے ہو نہ برداشتہ خاطر اے دل
لاکھ میں ایک کہیں مردِ خدا ملتا ہے

حشر کا روز ہے سرگرمِ حمایت ہیں پیر رضؓ
آج عشاق کو اُلفت کا صلہ ملتا ہے

قادری ہوتے ہی قدرت ہوئی ایسی حاصل
بادشاہی کا فقیری میں مزا ملتا ہے

دائمی زیست کے پیاسے جو چلے آتے ہیں
تیرے صدقے میں اونھیں آبِ بقا ملتا ہے

چور نے آپ کے باعث سے ولایت پائی
ہم گنہ گاروں کو اب دیکھئے کیا ملتا ہے

دل میں ہے یاد تو آنکھوں میں تصور ہر دم
پیر کے ہجر میں بھی لطف سوا ملتا ہے

مہرِ پرنورِ مدینہ ہو کہ بغداد کا چاند
دونوں جلوؤں میں وہی نورِ خدا ملتا ہے

سرگریباں میں رکھ دیکھئے دل میں فاضل
کوئے جاناں کا اسی گھر سے پتہ ملتا ہے

(ایضاً)

۱۰۳

ہو مرہمِ زخمِ مظلوماں یا عبد القادر جیلانی
ہو راحتِ جانِ محبوباں یا عبد القادر جیلانیؒ

تصویرِ حسنؓ تو ہو حسینؓ حیدرؓ کے تمہیں ہو نور العین
لاریب ہو محبوبِ سبحاں یا عبد القادر جیلانیؒ

مُردوں کو کیا تم نے زندہ ہے خوب لیا اعجاز نیا
ہیں تم سے مسیحا کے قرباں یا عبد القادر جیلانیؒ

تم رحمتِ حق محبوبِ یزداں تم عقدہ کشائے ہر دو جہاں
تم شاہِ زمن سلطانِ زماں یا عبد القادر جیلانیؒ

شمشیرِ حزیں ہے خستہ جگر ہو جائے کرم کی اس پہ نظر
ہے تیری عنایت کا خواہاں یا عبد القادر جیلانیؒ

(خان بہادر محمد عبد الکریم خان شمشیر ۔ از متاعِ المعرفت ۱۳۴۲ھ)

۱۰۴

غوث الوریٰؓ ہیں سب کے شہِ دستگیر بھی
سرتاج اولیا بھی ہیں پیروں کے پیر بھی

دُہرا شرف انہی کو خدا سے ہوا عطا
معشوق بھی ہیں عاشقِ ربِّ قدیر بھی

غوث الوریٰؓ کے نقشِ کفِ پا کے سامنے
ذرّہ مری نظر میں ہے بدرِ منیر بھی

اوصافِ شانِ شاہ کا ادنیٰ یہ وصف ہے
بے مثل بھی ہیں آپ ہی اور بے نظیر بھی

غوث الوریٰؓ کے خاص غلاموں میں نام ہے
ہے کتنا خوش نصیب ولیؔ حقیر بھی

(جناب ابوالحسنات سید ولی اللہ صاحب قادری ولیؔ ۔ از گلزارِ ولی)

۱۰۵

میں ہوں بہت حیران و پریشاں عبد القادر جیلانیؒ
کیجے میری مشکل آساں عبد القادر جیلانیؒ

صدقے تجھ پر میرے دل و جاں عبد القادر جیلانیؒ
جانِ مریداں پیرِ پیراں عبد القادر جیلانیؒ

میرا جینا مرنا جو کچھ ہے وہ تیرے دم سے ہے
جسم ہوں میں اور تو ہے مری جاں عبد القادر جیلانیؒ

سایۂ رحمت ابرِ کرامت نامِ خلقت جانے پناہ
بیشک تیرا سایۂ داماں عبد القادر جیلانیؒ

نورِ علیؓ دلبندِ پیمبرؐ جانِ خدائی شانِ خدا
نام ترا محبوبِ سبحاں عبد القادر جیلانیؒ

قلبِ منوّر منزلِ داور جانِ مطہر نورِ الٰہ
چہرہ انور ماہِ تاباں عبد القادر جیلانیؒ

تیری محبت تیری الفت جب تک دل میں کامل ہو
کامل ایماں ہو نہ مسلماں عبدالقادر جیلانی رض

قبر سے اُٹھکر عاشق تیرا حشر میں جبدم آئیگا
ہاتھ میں ہوگا تیرا داماں عبدالقادر جیلانی رض

نزع میں ہے یہ فاضلِ مسکیں گھات میں ہے شیطانِ لعیں
کر دے اسکی مشکل آساں عبدالقادر جیلانی رض

(جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب قادری فاضل۔ از نذرانۂ فاضل)

---

۱۰۶ تو غوثِ مکرم ہے اللہ کا پیارا ہے
سب جگ کا اُجالا ہے اور میرا سہارا ہے

دل نذر میں دیدونگا محبوب کو دے دونگا
یارب مجھے ملجائے محبوب جو میرا ہے

سب پیر ہیں عالم میں تو پیر ہے پیروں کا
ہیں سارے محب حق کے محبوب تو حق کا ہے

محبوبِ خدا تو ہے اور شان تری ارفع
اور سب کے قیاسوں سے رتبہ ترا اعلیٰ ہے

جو فضل کے ساتھی ہیں ہو فضل و کرم اُنپر
سب تیرے یہ خادم ہیں ان سب کا تو آقا ہے

(جناب مولوی محمد عبدالمقتدر صاحب صدیقی قادری فضل۔ از اشکِ محبت)

---

۱۰۷ خاتونِ قیامت کے دلبر یا حضرت غوث الصمدانی رض
سلطانِ رسل کے لختِ جگر یا حضرت غوث الصمدانی رض

کیا کر سکے کوئی تمھاری ثنا رتبہ ہو سمجھ سے جسکا ورا
سبطین نبی کے نورِ نظر یا حضرت غوث الصمدانی رض

الفت میں رہوں میں تمھاری فنا ہر دم ہو تصور دلمیں جما
دم بھر نہ جدا ہو رُخ سے نظر یا حضرت غوث الصمدانی رض

کیوں بھول گئے شاہا مجھکو وقت میں تڑپتا ہوں کچھ تو
اکبار تو اب آجاؤ نظر یا حضرت غوث الصمدانی رض

تم پاس ہو جو جانِ جہاں سب میری مصیبت ہو آساں
دل میں رہو میرے شام و سحر یا حضرت غوث الصمدانی رض

دنیا کے پڑا ہوں جھگڑے میں بے طرح پھنسا ہوں کچھ خبر لے
للہ چھڑاؤ اب آکر یا حضرت غوث الصمدانی رض

بیکس بے بس بیچارہ ہوں مفلس ہوں غریب تمھارا ہوں
بھولو نہ مجھے میرے سرور یا حضرت غوث الصمدانی رض

قدموں کے پاس بلالو مجھے بیتاب بہت ہوں دوری سے
فرماؤ کرم کی ایک نظر یا حضرت غوث الصمدانی رض

مرقد کی ہو کیوں وحشت مجھ کو محشر کی ہو کیوں دہشت مجھ کو
جب آپ ہوں پیچھے تھامے مرے یا حضرت غوث الصمدانیؓ
حاذق کی دعا ہے بس اتنی جب نکلے تن سے جانِ حزیں
زانو پہ رہے سر رُخ پہ نظر یا حضرت غوث الصمدانیؓ

(حضرت مولوی سید شاہ یحییٰ بادشاہ صاحب قادری حاذق)

۱۰۸

مہِ تابانِ وحدت آفتابِ برجِ عرفانی — جنابِ قطبِ ربانی محی الدین جیلانیؓ
کیا دامانِ امیدِ گدا کو پُر گہر دم میں — ترا دستِ عطا ہے یا ہے شاہا ابرِ نیسانی
مگر آپ کی صورت میں حسنِ یوسفی چمکا — بہت مدت سے پنہاں پردے میں تھا ماہِ کنعانی
نگاہِ فیض سے ابدال کر دیتے ہیں چوروں کو — درِ شہ پر نہیں سائل کو محرومی و حیرانی
تصرف آپ کا ہے انفس و آفاق میں جاری — ولایت آپ کی ہے فرش سے تا عرش [illegible]
لگا دھبہ نہ دامن پر تعلق ہائے دنیا کا — فرشتوں سے زیادہ ہے تمہاری پاک دامانی
بہت ڈوبے ہوؤں کو آپ نے شاہا نکالا ہے — کنارے سے لگا دیجے مری کشتی ہے طوفانی
نہیں کیا خوف ہے آفاتِ ارضی و سماوی کا — اغثنی جب کہا جاتی رہی اک دم میں پریشانی

نظرِ لطف و کرم کی کیجے مشکل کشائی سے
یہ عارف بھی تمہارا ہے شہا اک بندۂ جانی

(از مثنوی معدن فیض)

۱۰۹

مرحبا کیا غوثِ اعظمؓ پیر ہے — سب ولی اللہ کے وہ میر ہے
جس نے کھینچا تھا وہی عاشق ہوا — کیا محی الدینؒ کی تصویر ہے
مارتے ہی مردے زندہ ہو گئے — اُن کی ٹھوکر میں عجب تاثیر ہے
کیمیا سے کون رکھتا ہے غرض — خاک اس در کی تلے اکسیر ہے
کافروں کا کفر غارت ہو گیا — چمکی جب محبوبؒ کی شمشیر ہے
دور ہوں افسوس اپنے پیر سے — آہ! کیا الٹی مری تقدیر ہے

خوف کیا ہے دوست تجھ کو حشر کا
تیرا حامی غوثِ اعظم پیر ہے

(جناب دوست مرحوم)

۱۱۰

[illegible] ہیں عیاں دولتِ روحانی کی — واہ کیا بات ہے اس چہرۂ نورانی کی
شوق دیکھے تجھے کس آنکھ سے یہ مہرِ جمال — کچھ نہایت ہی نہیں تیری درخشانی کی
مجھے وہ سگ بھی ہے افضل جسے غوث ہو نصیب — آستانِ حرمِ یار پہ دربانی کی

رشکِ شاہی ہو نہ کیوں اپنی فقیری حسرت
کب سے کرتے ہیں غلامی شہِ جیلانی کی

(مولانا فضل الحسن صاحب حسرت موہانی ۔ از حدیقہ معرفت)

۱۱۱

علیؑ کے لعل زہراؓ کے دلارے — رسولؐ اللہ کی آنکھوں کے تارے
نمونے شیوۂ خلقِ حسنؓ کے — نمایاں ہیں تری سیرت میں سارے
حسینؓ ابنِ علیؓ کی شانِ تسلیم — تری جانب کو کرتی ہے اشارے
کبھی اے بادشاہِ اہلِ عرفاں — نظر ہم پر بھی اک ہو جائے بارے
کسی کی اور کیا پروا ہو ان کو — جنھیں کافی ہوئے تیرے سہارے

کرو حسرت حضورِ میرِ بغداد
جمالِ نورِ مطلق کے نظارے

(ایضاً)

۱۱۲

ٹل گئی آئی بلا زائل پریشانی ہوئی — دافعِ غم مدحِ زلفِ شاہِ جیلانی ہوئی
مہرباں جس پر ہوا وہ بادشاہِ اہلِ دل — کشورِ دل کی میسر اس کو سلطانی ہوئی
دی وہ رفعت وصفِ حضرت نے زمینِ شعر کو — آسماں کو بار رہا جس سے پریشانی ہوئی

جبہ سائی جس نے کی اس آستانِ پاک پر
مطلعِ نورِ سعادت اسکی پیشانی ہوئی

جب ہوئی آراستہ بزمِ حسینانِ جہاں
شمعِ محفل صورتِ محبوبِ سبحانی ہوئی

ان کے دیوانوں کی مستانہ ادائیں دیکھکر
گلشنِ فردوس میں ہر حور دیوانی ہوئی

ہاں بڑھی رونق دکانِ معرفت کی آپ سے
جنسِ عرفاں کی زمانہ بھر میں ارزانی ہوئی

غوثِ اعظم کو ملا رتبہ فنا فی اللہ کا
ذاتِ حضرت کی خدا کی ذات میں فانی ہوئی

بھر دیئے لاکھوں کے دامن گوہرِ مقصود سے
ذاتِ اقدس فیض میں بخشش میں لاثانی ہوئی

میری بگڑی بھی بنے میرا بھی بیڑا پار ہو
دستگیرِ خلق ہو یہ بات ہے مانی ہوئی

مدحِ دندانِ مبارک جب سنائی بزم میں
ہر طرف سے مرحبا کی گوہر افشانی ہوئی

(جناب محمد منور خاں صاحب گوہر — از رہبر دکن سالگرہ نمبر ۱۳۵۲ھ)

قادری ترانہ

۱۱۳

پیروں میں پیر محی الدین عبدالقادر جیلانی رض

نورِ الٰہی ۔ نورِ محمدؐ ۔ نورِ محمد ہاد

نوروں میں نور محی الدین عبدالقادر جیلانی رض

باغِ رسالت ۔ زینتِ گلشن ۔ اہلبیتِ اطہار

پھولوں میں پھول محی الدین عبدالقادر جیلانی رض

اشرف و اکرم ۔ حسنی حسینی ۔ سید السادات

خوباں میں خوب محی الدین عبدالقادر جیلانی رض

قَدَمِی هٰذِہٖ عَلٰی رَقَبَةِ كُلِّ وَلِیِّ اللّٰہ

شانوں میں شان محی الدین عبدالقادر جیلانی رض

حق کا پیارا ۔ راج دلارا ۔ قدرت کا دمسا

شیروں میں شیر محی الدین عبد القادر جیلانی رضہ

ملک و دولت - جاہ و حشمت - امر رب کے کاج

شاہوں میں شاہ محی الدین عبد القادر جیلانی رضہ

صدق مجسم - غوث الاعظم - ہادیٔ الیاس

شیخوں میں شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضہ

(جناب مولوی محمد الیاس برنی صاحب قادری ناظم دار الترجمہ)

قصیدہ مدحیہ

۱۱۱

مقام بیخودی میں دورِ دوراں کا کسے غم ہے / وہ دنیا اور دنیا ہے وہ عالم اور عالم ہے

نہ پوچھو منزلت ہم بادہ خوارانِ محبت کی / ہر اک ٹپکا ہوا ساغر ہمارا ساغرِ جم ہے

نرالا ہے سرور اپنا انوکھا ہے خمار اپنا / سوا ہے اس قدر ہی کیف مستی جس قدر کم ہے

ازل کہتے ہیں جس کو اپنے نشے کی ترنگیں ہیں / ابد ہے نام جس کا اپنی کیفیت کا عالم ہے

زمیں ہے اپنے میخانے کا پایاندار چھوٹا سا / فلک زینہ ہے کرسی ہے ستون چھت عرش اعظم ہے

جہات ستہ دیواریں اسی ایوانِ عالی کی / مکانِ لامکاں بھی ایک شیشے کی طرح خم ہے

جو سطح بحر پر دو کشتیاں اپنے پیالوں کی / تو دورِ مہر و مہ خوانِ گزک کی طرح پیہم ہے

حیات و موت دو موجیں ہیں اپنے ساغرِ مے کی / عدم ہے بیخودی ہستی خودی کا اپنی اک دم ہے

بہارِ ہشت جنت چار چھینٹے اپنے دامن کے / شراب آتشیں کا اک دھواں تا جہنم ہے

وہ اک چھوٹا ہوا ساخم ہے جس کو گور کہتے ہیں / صدائے صورِ محشر ایک شورِ خیر مقدم ہے

فنا کیسی بقا کس کی کہاں کا عالم برزخ / وہ ہا و ہوئے مستانہ یہ بدمستی کا عالم ہے

کہاں کا دیر کعبہ کیا وہاں بھی ہم یہاں بھی ہم / برہمن راز سے واقف نہ زاہد اپنا محرم ہے

ہماری جنت خم ہے سنگ اسود نام ہے جس کا / ہمارے جام کا ہلکا سا چھینٹا آب زمزم ہے

ہمیں سے دونوں عالم ہیں ہمیں ہیں دونوں عالم میں / سوا و ماسوا کس کا جو کچھ ہے ہم میں منضم ہے

نہ ساقی سے جدا ہم ہیں نہ ہم سے ہے جدا ساقی
ہوئے فانی تو پھر باقی کہاں تفریق یا ہم ہے

سرورِ جامِ وحدت نے بنایا ایسا متوالا
خوشی کی ہے خوشی باقی نہ غم کا اب کوئی غم ہے

ملایا ہم کو ساقی سے تصدق پیرِ بادہ کے
وہ پیرِ بادہ جن کا نامِ نامی غوثِ اعظم ہے

وہ پیرِ بادہ یعنے محیِ دینِ احمدِ مرسل
مریضانِ معاصی کے لئے عیسیٰ مریم ہے

وہ پیرِ بادہ یعنے عبدِ قادر سید و سلطاں
علی کی جان محبوبِ شہنشاہِ دو عالم ہے

وہ پیرِ بادہ یعنے خواجہ و مخدومِ ہر خواجہ
گدا ایک ایک ان کے در کا رشکِ خسرو جم ہے

وہ پیرِ بادہ درویش و فقیر و شیخ و مولانا
خدائی میں معظم ہے مکرم ہے مفخم ہے

وہ پیرِ بادہ یعنے بادشاہِ عالمِ علوی
درِ والا یہ جس کے سرِ شہانِ دہر کا خم ہے

ولی ایسا ولایت جس نے ادنیٰ چور کو بخشی
غریب ایسا غنا جس کی خدائی میں مسلم ہے

وفورِ بے خودی میں ایک مستانہ غزل پڑھ دو
طبیعت کی یہ خواہش دل کا یہ عزمِ مصمم ہے

غزل

۱۱۵

مری چشمِ حقیقت بیں میں جائے غوثِ اعظم ہے
حریمِ دل درِ دولت سرائے غوثِ اعظم ہے

عجب دلکش عجب پیاری ادائے غوثِ اعظم ہے
خدائی کیا خدا بھی مبتلائے غوثِ اعظم ہے

وہ سر ہے سر کہ جس سر میں ہوائے غوثِ اعظم ہے
وہ دل ہے دل کہ جس دل میں ہوائے غوثِ اعظم ہے

فنا کہتے ہیں جس کو وہ بقائے غوثِ اعظم ہے
بقا اک موجۂ بحرِ فنائے غوثِ اعظم ہے

اٹھائیں کس طرح سر خشتِ خم سے جوشِ مستی میں
تصور میں ہمارے نقشِ پائے غوثِ اعظم ہے

نہ کوثر کی اسے پروا نہ وہ تسنیم پر مائل
جو سرشارِ مئے حبِ ولائے غوثِ اعظم ہے

ہو الظاہر ہو الباطن کے معنی کیوں نہ ہوں روشن
سویدا دل میں آنکھوں میں ضیائے غوثِ اعظم ہے

مریدی لا تخف اللہ ربی سے ہوا ظاہر
غلاموں پر عجب بذل و عطائے غوثِ اعظم ہے

ہجومِ حسرتِ بغداد کا مسکن بنا ہے دل
یہ گھر اللہ کا مہماں سرائے غوثِ اعظم ہے

وہی بندہ ہوا ان کا جو گزرا اپنی ہستی سے
خودی نا آشنا بر آشنائے غوثِ اعظم ہے

نہ کیوں محبوب ہوں دونوں کہ ہیں محبوب کے مسکن
نظر میں غوثِ اعظم دل میں جائے غوثِ اعظم ہے

جو وہ شہِ پاک پر کھڑا تقریرِ ختمِ رسالت کا
تو گردن اولیا کی زیرِ پائے غوثِ اعظمؓ ہے

اتر آتا ہے استقبال کو عرشِ معلّٰے سے
کہ جنبش میں لبِ معجز نمائے غوثِ اعظمؓ ہے

ادب سے پڑھ دے ثاقبؔ اور اک مطلع قصیدے کا
یہ مجمع مجمعِ اہلِ ولائے غوثِ اعظمؓ ہے

مطلعِ ثانی

۱۱ گدائے غوث ہیں شاہوں سے اپنی شان کیا کم ہے
یہی کاسہ گدائی کا ہمارے کاسۂ جم ہے

وہ نورِ محض تھا جس نے جلایا طور کا سینہ
ہمارے دل میں جس کی ضو ہے وہ نورِ مجسّم ہے

نبی کا دل علیؓ کی جان ہو حسنین کے پیارے
تمہاری ذاتِ عالی موجبِ فخرِ دو عالم ہے

شفا بخشِ مریضانِ معاصی کون ہے تم سا
مسیحا جن کے تم ہو پھر انہیں کیا موت کا غم ہے

خدا شاہد تمہیں ہو ناخدائے کشتیٔ امت
کہ برّ و بحر میں جاری تمہارا حکم محکم ہے

حقیقت میں خدائی کی حقیقت تم پہ ہے روشن
تمہاری طرح اسرارِ خدا سے کون محرم ہے

تمہیں نے پار کی اک عمر کی ڈوبی ہوئی کشتی
تمہارے دستِ قدرت میں نظامِ عالم ہے

تمہیں نے لب ہلا کر سینکڑوں مُردے کئے زندہ
کرامت بھی یہ اعجازِ مسیحائی سے کیا کم ہے

تمہارا نام لے لونگا لحد میں بھی دمِ پرسش
تمہارا بندۂ بے دام ہوں کس بات کا غم ہے

تمہارے عشق میں جو مر مٹے ہیں موت سے پہلے
قضا ان کے لئے باقی معلّق ہے نہ مبرم ہے

عجب تاثیر رکھتا ہے تمہارا ذکر یا مولا
ہمارے حق میں ہے اکسیر منکر کے لئے سم ہے

ہزاروں کوہِ غم پامال ہو جاتے ہیں دم بھر میں
تمہارا نام بھی نامِ خدا کیا اسمِ اعظم ہے

ہوئی ہے قلبِ ماہیت تمہارے اک اشارے سے
کیا لڑکی کو لڑکا یہ خبر مشہورِ عالم ہے

ہزاروں کورِ مادر زاد بینا کر دئے تم نے
جمالِ پاک کی یہ نور افزائی مسلّم ہے

بنا ناچور کو ابدال تھی اک بات ادنیٰ سی
کرشمہ چشمِ رحمت کا تمہاری یہ کم از کم ہے

اڑا کر رنگِ رخ کی طرح یہ پہنچا ناتوانی میں
الٰہی دور ہی بغداد سے اب ناک میں دم ہے

الٰہی جیتے جی آجائے جنت کا مزہ مجھ کو
کہ میرے حق میں اب یہ ہند کا خطہ جہنم ہے

الٰہی اب دکھا دے روضۂ محبوبِ سبحانی — تمنائے دلِ حسرت زدہ تجھ سے یہ پیہم ہے

الٰہی بانیٔ محفل کو رکھ اپنی حفاظت میں — دعائے ثاقبِ محزوں یہی ہر لحظہ ہر دم ہے

الٰہی جو شریکِ بزم ہیں اُن سب پہ رحمت کر

ترے نزدیک یہ ادنیٰ سے ادنیٰ کم سے بھی کم ہے

(جناب محمد نجم الدین صاحب ثاقب قادری بدایونی المخاطب بہ امام الکلام پہلوانِ سخن)

۱۱۷

غوث دوسرا دل میں آجا بغداد و مدینہ دل کر دے — وہ ذوالکرمی سج دھج دکھلا گھائل کر دے بسمل کر دے

اے ابرِ عطائے ذوالمننی چھا لے برسا کی بدلی — بغداد کے جلووں سے روشن یہ محفل کی محفل کر دے

اے پیرِ مغاں آ میری طرف رندوں میں لٹا صہبائے نجف — شیشے بھر دے ساغر بھر دے میخانۂ جیلاں دل کر دے

ہے فرقتِ جیلاں شاق مجھے بغداد کا رکھ مشتاق مجھے — ہاں داغِ جدائی غم پہ غم دل کو ہدفِ ملِ کر دے

اے مقصدِ آقا بہرِ خدا کر جنبشِ لب کو وقفِ دعا — تا بابِ اجابت اے تو رسا فریادِ لبِ سائل کر دے

اے مستِ شرابِ جامِ فنا ہاں ایک نگاہِ ہوش رُبا — دنیا کی محبت دل سے مٹا دنیا سے مجھے غافل کر دے

مایوس ہو رکھ حق پہ نظر تکمیلِ عقیدت غوث سے کر — قدرت ہے یہ عبدالقادرؒ میں ناقص کو کامل کر دے

لب پہ ہو ہوالقادر کی صدا دلمیں ہو ولائے غوث ورا — اے رحمتِ عالم بہرِ خدا ذاکر کر دے شاغل کر دے

ہے بحرِ حوادث میں بیڑا بغداد سے آ طوفاں سے بچا — سیلاب کی اوٹھتی موجوں کو آغوشِ لبِ ساحل کر دے

مائل بہ جفا ہیں اہلِ ہوا ہے غم سے پریشاں حالِ ضیاؔ

دامانِ کرم کی دیکھے ہوا آسان ہر اک مشکل کر دے

(جناب لسان الحسان ضیاء القادری بدایونی ضیاؔ)

۱۱۸

وقفِ غمِ پیہم ہے یا غوث یہ شیدائی — ہاں اک نگہِ رحمت یا سیدی مولائی

کیا صورتِ دلکش ہے کیا شانِ دل آرائی — دیوانہ ہے اک عالم دنیا ہے تماشائی

تو حسن میں لاثانی ہے اے شہِ جیلانی — اللہ رے یہ سج دھج اللہ رے یکتائی

غوث دوسرا ہو تم محبوب خدا ہو تم　　کیا رنگ ولایت ہے کیا شان دل آرائی
مردوں کو کیا زندہ راہب ہوئے شرمندہ　　تھی جنبش لب گویا اعجاز مسیحائی
اک سجدہ قضا کر دے اک فرض ادا کر دے　　سر رکھ دے اسی در پر اے ذوق جبیں سائی
بغداد کے ہر یا لے بغداد میں بلوا لے　　بے چین ہیں متوالے بیخود ہیں تمنائی
دل میں غم عصیاں ہے سر پر ترا داماں ہے　　ہے یاس و تمنا میں اک معرکہ آرائی
آفات کو رد کر دو للہ مدد کر دو　　دیکھو مری ہو جائے دنیا میں نہ رسوائی
بغداد سے سینہ تک سینہ سے مدینہ تک　　اے نور نجف تیری ہے انجمن آرائی
تیری منی سج دھج تیری حسنی صورت　　صورت گر عالم کو محبوب پسند آئی
جیلاں کی ہواؤں سے فردوس بنی تربت　　اک نیند کے جھونکے میں گزری شب تنہائی
ہر آہ سے پیدا ہو آواز ہو القادر　　بیتابی دل کیوں ہو ممنون شکیبائی
دجلے سے اٹھیں لہریں بغداد قریب آیا　　کب تک ارے سودائی یہ بادیہ پیمائی

رگ رگ سے ضیا جاری یا غوثؓ کے نغمے ہیں
ہر تار نفس ہے اک بجتی ہوئی شہنائی

(جناب لسان الحسان ضیاء القادری بدایونی ضیاء)

۱۱۹

بھلا مدحت گری اُن کی بھلا اُن کی ثنا خوانی　　کہ لا سکتے نہیں دونوں جہاں جن کا کوئی ثانی
یہ میری بیکسی، یہ کس مپرسی، یہ پریشانی　　نہیں فریاد رس، فریاد ہے یا غوث صمدانیؓ
ذرا اقدس کا صدقہ، بن گئی بگڑی ہزاروں کی　　مری بگڑی بھی بن جائے ذرا یا شاہ جیلانیؒ
کسی سے کیا کہوں میں حال اپنا، درد دل اپنا　　گزارش آپ سے ہے آپ ہیں محبوب سبحانیؓ

خیالی خوف کیا محشر کا مجھ کو میرے حامی ہیں
شہنشاہ ولایت غوث اعظم قطب ربانیؓ

(محمد عبدالحمید خاں خیالی حیدرآبادی)

۱۲۰

تمہاری صورتِ انور پہ صدقے جسم بھی جاں بھی
نہ تنہا جسم و جاں قرباں تم پر دین و ایماں بھی

جو دیکھی شکلِ انور ہو گئے سو جان سے شیدا
ملک بھی جن بھی انساں بھی پری بھی حور و غلماں بھی

لقب ہے آپ کا مِیراں محی الدین جیلانیؒ
غیاثِ خلق بھی غوثِ زماں محبوبِ سبحاں بھی

وہ پایہ تم نے پایا ہے وہ رفعت تم کو حاصل ہے
کہ جس کے سامنے خم گنبدِ گردونِ گرداں بھی

کیا اس طرح زندہ سینکڑوں مردوں کو ٹھوکر سے
ثنا خواں جس کے عیسیٰ بھی خضر بھی آبِ حیواں بھی

بچا لینا مری کشتی کہ ہیں درپے تباہی کے
ہوا بھی دوریٔ ساحل بھی تاریکی بھی طوفاں بھی

خدا کے فضل سے سب آپ ہی کے زیرِ فرماں ہیں
ولی بھی غوث بھی ابدال بھی اقطاب و ارکاں بھی

جو آ جائے نظر وہ صورتِ انور فدا کر دوں
یہ دل بھی یہ جگر بھی اور یہ آنکھیں بھی یہ جاں بھی

نہیں کچھ عرض کی حاجت کہ تم پر آشکارا ہے
مرا مقصد بھی میرا مدعا بھی میرا ارماں بھی

کرم کی اک نظر محمودؔ پر فرمائیے شاہا
کہ ہے بیکس بھی بے [illegible] پریشاں بھی

([illegible] صفائیؔ [illegible] محمود قادری بی اے ایل ایل بی عثمانیہ)

۱۲۱

مرا دل شاہِ جیلانی کے صدقے
یہ آنکھیں شکلِ نورانی کے صدقے

تصوّر پیر کا ہٹنے نہ پایا
نظر کی اس نگہبانی کے صدقے

جسے چاہا بنایا قطب دم میں
عطائے قطبِ ربانی کے صدقے

ہوئی اس نام سے آسان مشکل
میں ایسے مشکل آسانی کے صدقے

شبیہ غوثؒ پر ہر اک فدا ہے
ہے عالم حسنِ لاثانی کے صدقے

شرف رکھتا ہے شیروں سے بھی بڑھ کر
سگِ درگاہِ جیلانی کے صدقے

جمیلؔ آ کر پھرا خالی نہ کوئی
یہ دل محبوبِ سبحانی کے صدقے

(میر تراب علی صاحب جمیلؔ عثمانی قادری)

۱۲۲

وظیفہ جب سے اپنا نامِ یا غوثِ اعظمؓ ہے — خدا کی یاد میں گویا زباں مصروف ہر دم ہے

مجھے کی زندگی ہے قدر کے قابل ہی جو دم ہے — لبوں پر رات دن وصف و ثنائے غوثِ اعظمؓ ہے

بشر کیا بلکہ جن کیا ملک کا سر یہاں خم ہے — زمیں پر عرشِ اعلیٰ آستانِ غوثِ اعظمؓ ہے

تپش دل میں خلش سینے میں لب پر آہ ہر دم ہے — ق — طبیعت مضطرب ہے جان مضطر چشم پُرنم ہے

خدا وہ دن کرے بغداد کو جاؤں شفا پاؤں — کوئی پوچھے تو لوں کہہ دوں کہ اب ہر رنج و غم کم ہے

سرِ عجز آستانِ شہ پہ رکھ کے مرنیوالوں کو — درِ فردوس سے پیدا صدائے خیر مقدم ہے

سبوئے اُلفت کا نشہ کم نہیں ہے ہوشیاری سے — ہوا ہوں باخبر جب سے کہ مدہوشی کا عالم ہے

کلیجے سے لگا رکھوں نہ کیونکر آپ کے غم کو — جدائی میں یہی اک مونس و غمخوار و ہمدم ہے

مطیع اپنا کیا یا غوث کہہ کر نفسِ سرکش کو — خدا کی شان نامِ پیر کیا ہے اسمِ اعظم ہے

مرے آنسو کا قطرہ قدر میں بڑھ کر ہے موتی سے — خزانہ گوہرِ یکتا کا میری چشمِ پُرنم ہے

حبیبِ حق کے [illegible] آیا [illegible] یارہ بھی حیرانِ فاضل

فراقِ ہجر [illegible]

(جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب قادری فاضل — از نذرانہ فاضل)

۱۲۳

مدت سے میرے دل میں تمنائے غوثؓ ہے — اور سر میں اک زمانے سے سودائے غوثؓ ہے

رخسارِ پاک کا جو تصور ہے رات دن — آنکھوں میں پھر نظر میں تماشائے غوثؓ ہے

منعم نہیں ہے دل میں زر و سیم کی ہوس — اکسیر مجھ کو خاکِ کفِ پائے غوثؓ ہے

سچ ہے کہ دو جہاں میں وسیلہ نجات کا — حُبِّ رسول اور تولائے غوثؓ ہے

مطلب نہیں ہے اس کو حسینانِ دہر سے

یٰسیں نیازی دیکھئے شیدائے غوثؓ ہے

(از غلام یٰسین خاں صاحب صدیقی — از کلام یٰسین نیازی ۱۳۵۱ھ)

۱۲۴

بغداد کے اُو داتا کچھ راہِ خدا دیدے — صدقہ درِ دولت کا کچھ راہِ خدا دیدے
سائل کوئی یاں آکر محروم نہیں جاتا — ہے نام ترا آقا کچھ راہِ خدا دیدے
یہ حکم ہے قرآں میں سائل کو نہ دے جھڑکی — در پر ہے فقیر آیا کچھ راہِ خدا دیدے

یٰسین بھی آیا ہے شاہا ترے کوچہ میں
خالی نہ اُسے پلٹا کچھ راہِ خدا دیدے

(غلام یٰسین خاں صاحب یقین۔ از کلام یٰسین نیازی)

۱۲۵

پلا دو جامِ عرفانی محی الدین جیلانیؒ — کہ ہو دفع پریشانی محی الدین جیلانیؒ
امامِ قطبِ ربانی محی الدین جیلانیؒ — علی سیرت حسن ثانی محی الدین جیلانیؒ
نمودِ سرِّ پنہانی محی الدین جیلانیؒ — طلسمِ گنجِ حقانی محی الدین جیلانیؒ
فیوضِ نفسِ رحمانی محی الدین جیلانیؒ — عطا و فضلِ ربانی محی الدین جیلانیؒ
جمالِ روئے نورانی محی الدین جیلانیؒ — صفائی قلبِ عمرانی محی الدین جیلانیؒ
تمہارے نام پر مردانِ حق گردن جھکاتے ہیں — کہ ہو محبوبِ سبحانی محی الدین جیلانیؒ
تمہارا نام لیوا ہوں تمہیں پر جان دیتا ہوں — محی الدین جیلانیؒ محی الدین جیلانیؒ
کرم فرمایئے وقتِ مدد ہے المدد شاہا — رہے کب تک یہ حیرانی محی الدین جیلانیؒ
دل و جاں آپ پر صدقے نہیں ہے آپ سا کوئی — ہمارے پیر لاثانی محی الدین جیلانیؒ
میسر درسِ اقدس سے ہوئی اربابِ حکمت کو — خدا فہمی خدا دانی محی الدین جیلانیؒ
کیا ظلمت کدہ روشن ضیائے نورِ انور سے — چراغِ بزمِ روحانی محی الدین جیلانیؒ
محی ملت و دین و علوم و سیرتِ قدرت — کمالِ فضلِ انسانی محی الدین جیلانیؒ
گلِ شادابِ گلزارِ محبت پیکرِ خوبی — بہارِ باغِ رضوانی محی الدین جیلانیؒ
کمالِ عشق و عرفاں سے فنائے ذاتِ حق ہو کر — ہوئے محبوبِ سبحانی محی الدین جیلانیؒ

علیمِ خستہ جاں کے واسطے شمعِ حقیقت ہے

تمہارا روئے نورانی محی الدین جیلانیؒ

(جناب محمد نیر الدین صاحب قادری فاروقی نیرؔ)

۱۲۰

غوثؓ کے چاہنے والے کو خدا ملتا ہے　　کوئے جاناں کا اسی در سے پتہ ملتا ہے

بے قراروں کا تماشا ہے ترے کوچے میں　　لطف نالوں میں تڑپنے میں مزا ملتا ہے

در ترا چوم کے کر لیتے ہیں روضہ کا طواف　　تیری طاعت میں عبادت کا مزا ملتا ہے

میری عرضی شہ بغداد کو پہنچے کیونکر　　نہ تو قاصد نہ کبوتر نہ ہما ملتا ہے

یا یا اللہ کو جس نے تمہیں پایا یا غوثؓ　　راستہ کعبہ کا بغداد سے جا ملتا ہے

غوثؓ کے وصف میں حل ہوتی ہے مشکل اپنی　　سننے والوں کو مزہ ہم کو صلا ملتا ہے

بارگاہ شہ جیلاںؓ میں حاضر ہے غریب
دیکھئے ہاتفؔ محتاج کو کیا ملتا ہے

(جناب ہاتفؔ مرحوم)

۱۲۷

یا غوث اعظمؓ امداد کیجے　　ہم عاجزوں کا دل شاد کیجے

بھولے ہیں راہ شرع نبیؐ ہم　　تم رہنما ہو ارشاد کیجے

بستی ہمارے دل کی ہے ویراں　　آباد کیجے آباد کیجے

محبوب سبحاں فریاد رس ہیں　　اے اہل حاجت فریاد کیجے

شرع نبیؐ کے پھیلے ہیں دشمن　　ان ملحدوں کو ناشاد کیجے

زندہ کئے جو دین محمدؐ　　پھر اک کرشمہ ایجاد کیجے

بے توشہ راہ میں ہوں مسافر
مسکینؔ کی کچھ امداد کیجے

(حضرت مسکین شاہ صاحب علیہ الرحمۃ ۔ از حلیہ محمدی)

۱۲۸

مجھے ہے کام ہجرِ پیر میں آنسو بہانے سے — نکلتی ہے تب ہجراں کی گرمی اس بہانے سے

غلاموں کو نہ ترساؤ جمال اپنا دکھانے سے — گھٹا چھائی ہے غم کی چاند سی صورت دکھانے سے

تمہیں پڑنا ہے جب تک بلاؤ گے نہ پاس اپنے — تمہارے روٹھنے والے نہ مانیں گے منانے سے

میں مرتا جاؤں تم ہر دم لبوں سے قُم کہے جاؤ — مجھے ہو کام مرنے سے تمہیں مطلب جِلانے سے

یقیں ہے نزع میں تشریف لاؤ گے مگر آقا — نہ جب تک دم نکل جائے نہ ترکو تم ستانے سے

میں مرجاؤں گلی میں آپ کے حضرت یہی بس ہے — غرض دفن و کفن سے ہے نہ لاشے کو اٹھانے سے

اسی کا مجھ کو رونا ہے کہ ہوں میں دور قدموں سے — بلا لو پاس بدتر حال ہے صدمہ اٹھانے سے

مرا ہے اعتقاد ایسا ہی ہے بات ایماں کی — ہوئے ہیں اولیا سب بہرہ ور تیرے گھرانے سے

فرشتوں کو جواب صاف دوں گا قبر میں شائق
غلامِ غوثِ اعظم ہوں ڈرونگا کب ڈرانے سے

(جناب منشی میر اعظم علی صاحب مرحوم شائق۔ از کلیات شائق)

۱۲۹

بھلا کس رو سے ہو وصف جنابِ غوثِ صمدانیؓ — سراپا سے عیاں ہے جن کے سب انوار ربانی

ہے کیسی شان و شوکت ہے یہ کیا توقیر و عظمت ہے — دلوں میں جس کی ہیبت ہے خرد کو جس میں حیرانی

علیمِ ظاہر و باطن وسترِ واجب و ممکن — وہ ہیں مولائے انس و جاں نہیں ان کا کوئی ثانی

خدا کے دوست آتے ہیں جو کچھ مشکل ہو لاتے ہیں — یہاں تعلیم پاتے ہیں رہ و رسمِ خدادانی

لقب ہے محی دیں تیرا مکاں تیرا مکیں تیرا — امام المرسلیں تیرا ہے جد یا شاہِ جیلانی

بھلا کیا لطف جینے میں اور ایسے کھانے پینے میں — نہ ہو جب دل میں سینے میں تری تصویر نورانی

ہو بڑھ کر اس سے کیا عزت ہنر کافی ہے یہ نسبت
تجھے کہتی ہے جو خلقت مریدِ شاہِ جیلانی

(مولوی سید شاہ محمود میاں صاحب قادری علیہ الرحمہ۔ از توشۂ عقبیٰ)

سلطانِ اولیا

۱۳۰ مسند نشینِ مسندِ عرفانِ اولیا — پیرانِ پیر غوثِ جہان جانِ اولیا

ذاتش کہ ہست ظلِ سراجِ منیر بدر — آں غوثِ پاک شمعِ شبستانِ اولیا

سبطِ رسولؐ سبطِ علیؓ۔ دلبرِ حسنؓ — قطبِ عراق خسروِ خوبانِ اولیا

رو بیت کہ نورِ صاحبِ قراں ازو نمود — آں مصحفِ جمال تو قرآنِ اولیا

رنگِ نگارِ روئے حسنؓ طلعتِ حسینؓ — گلدستۂ بہارِ گلستانِ اولیا

درویش و پادشاہ و فقیر و گدا نواز — مخدوم و خواجہ سرورِ سلطانِ اولیا

خواہی چو قربِ حق بدرِ غوث ما بیا — معراجِ قرب عرشۂ ایوانِ اولیا

برگردنِ شرف قدمِ نازِ تو نہاد — قایم زاتباعِ تو ایمانِ اولیا

نازم ضیاؔ کہ از کرمِ غوثِ مقتدر
من نیز زیرِ سایۂ دامانِ اولیا

(جناب لسان الحسان ضیاء القادری بدایونی ضیاؔ)

نوٹ۔ یہ غزل دیر سے وصول ہوئی اس لئے آخر میں درج کی گئی۔

دست پیر از غائبان کوتاہ نیست
دست او جز قبضۂ اللہ نیست (رومی)

مرتبہ

ابوالفضل سید محمود بی۔ اے۔ ایل ایل بی

(عثمانیہ)

هو القادر

محبوب جہاں ہے رب کا پیارا تو ہے
ہر بیکس و بے بس کا سہارا تو ہے
کیا خوف اگر چرخ ہے درپے اپنے
ہر طرح مددگار ہمارا تو ہے

(صاحبزادہ نواب کاظم جاہ بہادر کاظمؔ)

ترجمہ قصیدۂ خمریہ حضرت سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نشۂ جامِ عشق نے بے خود و مست کر دیا
شعلۂ دل فروز نے نور سے دل کو بھر دیا

شاہدِ حسن و عشق! آ مجمعِ عام میں بھی آ
بادہ کشوں کے آفتاب! آ مرے جام میں بھی آ

ہم نے تو جام بھر لیا ساقی کے فیضِ عام سے
مانگ لو تم بھی میکشو آج حیاتِ تام سے

سارے جہاں کے میکشو آؤ کہ صلائے عام ہے
حسن کے میکدے میں آج عشق کا اہتمام ہے

شیشے کی مہر کھل گئی خوب پیو پلائے جاؤ
عالمِ وجد و کیف میں ساقی کے راگ گائے جاؤ

اے مرے میکشو اٹھو دیر کرو نہ زینہار
ساقی پلا رہا ہے لو جام پہ جام بار بار

مجھ سے ہے جو بچی ہوئی جھوٹی شراب پی بھی لو
سوچتے کیا ہو شیخ جی بادۂ ناب پی بھی لو

تم بھی بلند رتبہ ہو تم میں کوئی کسر نہیں
میرے مقام تک مگر عرش کا بھی گذر نہیں

کون مرا شریک ہے عالمِ عز و جاہ میں
میرا مقام خاص ہے قرب کی بارگاہ میں

آپ کو کیا بتاؤں میں اپنے مقام کا پتہ
کافی ہے ذی حیات کو مجھی کے نام کا پتہ

شیخ ہوں سب شیوخ کا کون ہے اب مرا نظیر
تم ہی کہو کہ لوگ سب کہتے ہیں کس کو دستگیر

تاجِ کمال سر پہ ہے خلعتِ خاص بر میں ہے
فضلِ خدا سے سارا فضل آج ہمارے گھر میں ہے

سرِّ قدیم کائنات مجھ پہ ہے سب کھلا ہوا
رب سے ملا ہوا ہوں میں مجھ سے ہے رب ملا ہوا

نقش ہے آج ہر جگہ نام مرا جہان پر
حکم مرا زمین پر حکم مرا زمان پر

آتشِ قلب سے مرے بحر بھی آب آب ہو
سوزِ درونِ عشق سے ماہی کا دل کباب ہو

میرے جگر کی آگ سے سنگ بھی پارہ پارہ ہو
طور کے طور جل اٹھے کوہ بھی اک شرارہ ہو

گر گئیں لاکھ بجلیاں ہاتھ مرے جہاں اٹھے
مردے ہزار جی اٹھے میری ذرا سی بات سے

میرے ہی روئے پاک پر شمس و قمر کی ہے نظر
دیتے ہیں رات دن مجھے لیل و نہار کی خبر

میرے مرید عیش کر تو تو میرا مرید ہے　　تیرے لئے ہر ایک دن فضلِ خدا سے عید ہے
میرے مرید ڈر نہیں میرا خدا رحیم ہے　　تجھ کو کوئی خطر نہیں میرا خدا رحیم ہے

رتبے سے میرے ربط کیا دہر کے عزّ و جاہ کو　　رکھے گا کون عقلمند کوہ کے آگے کاہ کو
جتنے ولی جہاں میں ہیں چلتے ہیں اپنی چال پر　　نشو و نما میری ہوئی شارعِ دین کے چال پر
جوہرِ زندگی مرا پیرویٔ رسول ہے　　میرے کمال کی بنا پیروی رسول ہے
نقشِ قدم حضور کا باعثِ صد کمال ہے　　بس یہی میرا حال ہے بس یہی میرا قال ہے

کوئی ہو لاکھ عیب جیں میرے مرید ڈر نہیں　　میں ہوں سپر ترے لئے تجھ کو کوئی خطر نہیں

ڈھونڈ کر اولیا میں سب مثل مرا بتا دو　　میری طرح جہان میں کوئی مجھے دکھا تو دو
کرتا ہوں صبح و شام میں اپنے نبی کی پیروی　　سارے جہاں کے اولیا کرتے ہیں میری پیروی
میں ہوں شبیہ ہو بہو جدِّ ملک خصال کی　　میں ہوں مثالِ بے مثال قادرِ بے مثال کی
مجھ سے ہے دین کی زندگی کہتے ہیں محیِ دیں مجھے　　خاتمِ کائنات کا حق نے کیا نگیں مجھے

(جناب ابو الاعظم مولوی سید احمد حسین صاحب امجد از ریاضِ امجد حصہ دوم)

مخمس

۲　اے غوث پاک عرش جناب و فلک سریر　　خاصانِ حق میں آپ کی ہے ذات بے نظیر
ہوتے ہیں فیض یاب ہر اک مفلس و امیر　　یوں التجا جناب میں کرتا ہے یہ حقیر
امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ
اچھا ہوں یا برا ہوں مگر میں تمہارا ہوں　　مسکین و بے نوا ہوں مگر میں تمہارا ہوں

سرتا بپا خطا ہوں مگر میں تمہارا ہوں — جویندۂ عطا ہوں مگر میں تمہارا ہوں

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

رو رو پکارتا ہوں میں یا غوث الغیاثؓ — ناچار و بے نوا ہوں میں یا غوث الغیاثؓ

آفت میں مبتلا ہوں میں یا غوث الغیاثؓ — فریاد کر رہا ہوں میں یا غوث الغیاثؓ

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

بنتِ رسولِ پاک کے نورِ نظر ہیں آپ — خیبر شکن علیؓ ولی کے پسر ہیں آپ

ابنِ حسنؓ حسینؓ کے لختِ جگر ہیں آپ — مشہورِ دو جہاں میں شہِ بحر و بر ہیں آپ

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

وہ دن خدا دکھائے کہ سرکار کا غلام — گوشہ نشین ہو کے کرے یادِ حق مدام

دشمن کا ہو نہ خوف نہ کچھ دوستوں سے کام — ہو جائے لطفِ خاص سے بر وائنہ المرام

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

غوثِ دو کون مظہرِ شانِ خدا ہیں آپ — نورِ نگاہ حضرتِ خیر الوریٰ ہیں آپ

فرزندِ خاصِ حیدرِ مشکل کشا ہیں آپ — مخصوص میری دردِ جگر کی دوا ہیں آپ

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

گھبرا رہا ہے دل میں کدھر جاؤں کیا کروں — کس طرح اپنے قلب کو سمجھاؤں کیا کروں

کیونکر نجات فکر سے میں پاؤں کیا کروں — کب تک میں صبح و شام یہ غم کھاؤں کیا کروں

امداد کیجئے مری یا پیر دستگیرؓ

(مولوی سید شاہ ابو احمد محمد علی حسین جیلانی اشرفی — از تحائف اشرفی)

خمسہ بر غزل امیر مینائی مرحوم

مظہرِ رحمتِ غفار ہیں غوث الثقلینؓ — نائبِ سیدِ ابرار ہیں غوث الثقلینؓ

بندے قادر کے ہیں مختار ہیں غوث الثقلینؓ — اے فلک میرے مددگار ہیں غوث الثقلینؓ

غم مجھے کیا مرے غمخوار ہیں غوث الثقلینؓ

نظرِ لطف و کرم ہوتی ہے سو غم کی دوا — ہر مرض کے لئے اک آپ کا آنا ہے شفا

معجزہ حضرتِ عیسیٰؑ کا کرامت ٹھہرا — نزع کے وقت بھی آئے تو مریض اٹھ بیٹھا

کیا مسیحائے بیمار ہیں غوث الثقلینؓ

عام فیضان ہے خورشیدِ منور کی طرح — دشمنوں پر بھی کرم رحمتِ داور کی طرح

قوت و بذل و سخا حضرتِ حیدرؓ کی طرح — خلق بھی عام ہے اخلاقِ پیمبر کی طرح

سارے ہی امت کے طرفدار ہیں غوث الثقلینؓ

وہ عبادت کی ہوئے عبدِ محبوبِ خدا — مظہرِ حق ہوئے اپنے کو مٹایا ایسا

اتباعِ نبوی کا بھی ملا خوب صلا — عشق نے احمدِ مختار کے رتبہ وہ دیا

خلق مجبور ہے مختار ہیں غوث الثقلینؓ

دورِ اول تو ہیں سب عشق کا لیتے ساغر — ظرف پاتے نہیں رہ جاتے ہیں بس شرما کر

جھک نہیں اس میں بلند حوصلہ بھی ہیں اکثر — میکشِ میکدۂ عشق تو لاکھوں ہیں مگر

بادۂ عشق سے سرشار ہیں غوث الثقلینؓ

حق تعالیٰ نے عطا کی ہے وہ قدرت پیہم — گردنیں اولیاء اللہ کی ہیں زیرِ قدم

ملک و جن و بشر پہ ہے حکومت ہر دم — جتنے اخیار ہیں سب آپ کے ہیں زیرِ علم

فوجِ ابرار کے سردار ہیں غوث الثقلینؓ

دشمن و دوست پہ ہے ایک طرح فیضِ عمیم — آپ کی ذاتِ ہمایوں سے عیاں شانِ رحیم

آپ کے صدقہ میں ملجاتی ہیں جنّاتِ نعیم — آپ کی ذات کریم آپ کا احسان عظیم

ہم خطاکار گنہگار ہیں غوث الثقلینؓ

وعظ فرما کے کہا مانگ لو جو چاہو شتاب — اب ہے مقبول دعا۔ وا ہیں اجابت کے باب

جس نے جو مانگا ملا آپ کے صدقہ میں جناب — ساری مجلس تو ہوئی جامِ عطا سے سیراب

ایک ہم تشنۂ دیدار ہیں غوث الثقلین رضؓ

نظرِ لطف جو کی چوروں نے کر لی تو یہ ہو گیا قطبِ زماں کافرِ بدبخت جو تھا
فیضِ عام آپ کا ہے ہر کس و ناکس پہ ہوا لاکھوں قیدی ہوئے حضرت کی عنایت سے رہا

ہم بدستور گرفتار ہیں غوث الثقلین رضؓ

مالِ دنیا ہو کہ ہو فضل و کمالِ عقبیٰ نعمتِ دیں ہو کہ ہو جاہ و جلالِ یکتا
علم ہو یا کہ عمل یا ہو کوئی فیض سوا جو میں پاتا ہوں سمجھتا ہوں وہیں سے پایا

درحقیقت مرے سرکار ہیں غوث الثقلین رضؓ

دہر پرفن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا سب سے اَن بن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا
نفس رہزن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا چرخ دشمن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا

میرے حامی و مددگار ہیں غوث الثقلین رضؓ

غم نہیں ہے جو نہیں ہے کوئی غمخوار مرا خوش ہوں رہتے ہیں اگر مجھ سے احبّا بھی خفا
خوف کیا ہے جو مصائب کی قیامت برپا چرخ دشمن ہو تو ہو مجھ کو نہیں کچھ پروا

میرے حامی و مددگار ہیں غوث الثقلین رضؓ

ہم ہیں آفت زدہ غم دیدہ اسیرانِ الم دور ہیں منزلِ مقصود گرفتار ہیں ہم
آرزومند ہیں چلنے کے مگر ہائے ستم صفتِ نقشِ قدم اٹھ نہیں سکتے ہیں قدم

ہم ترحّم کے سزاوار ہیں غوث الثقلین رضؓ

یہ وہ دربار ہے یکساں ہیں امیر اور فقیر وہ عنایت ہے یہاں جس کی نہیں ملتی نظیر
فاضل آتا ہے جو عاصی بھی تو بنجاتا ہے پیر عرضِ حاجت کی بھی حاجت نہیں اس در پہ امیر

میری حالت سے خبردار ہیں غوث الثقلین رضؓ

جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب قادری فاضل (از نذرانۂ فاضل)

خمسہ بر غزل آغا دہلوی مرحوم

۴

ہزاروں اُنس پیر لاثانی کے صدقے — محمدؐ کے دل و جانی کے صدقے
علیؓ سیرت حسنؓ ثانی کے صدقے — یہ دل محبوب سبحانیؒ کے صدقے
محی الدین جیلانیؒ کے صدقے

تمھیں دکھلاتے ہو حسرت خوگر عشق — میں بتلاؤں سراپا مظہر عشق
ہے ہر قطرہ خون تیر عشق — مرے دل پر چلے وہ خنجر عشق
ملک ہوں جس کی قربانی کے صدقے

تمہارا قربان ہیں تم پر مہ و مہر — لگاتے رہتے ہیں چکر مہ و مہر
مقدر یاورے ہیں بہر مہ و مہر — نثار قبہ انور مہ و مہر
فرشتے قبر نورانی کے صدقے

تمھیں ہو عاشق و معشوق یزداں — تمھیں ہو غوث اعظمؓ شاہ جیلاں
نہ کیوں ہو پھر مرا نقد دل و جاں — تمہارے لطف پنہانی کے قرباں
تمہارے فیض روحانی کے صدقے

تمہارے ذکر پر قربان ہم بھی — بہت کم ہے اگر ہوں دم بدم بھی
یوں ہی سو مرتبہ وقت رقم بھی — یہ زیبا ہے جو ہوں لوح و قلم بھی
تمہارے اسم لاثانی کے صدقے

ولیؔ جب اُن کا دیوانہ ہو لے داغ — نہ کیوں پھر سب سے بیگانہ ہو لے داغ
کسی کا کچھ بھی افسانہ ہو لے داغ — فدائے شمع پروانہ ہو لے داغ
ہم اپنے قطب ربانی کے صدقے

(جناب مولوی سید ولی اللہ صاحب قادری ولیؔ ۔ مؤلف گلزار ولی)

خمسہ

نہ دیکھا آپ جیسا پیر یا محبوبِ سبحانیؒ
خدا کا خاص ولی پنجتن کا راحتِ جانی
ہیں آپ ہی لائقِ صد مرحبا یا شاہ جیلانی
قطب ہیں غوث ہیں اور آپ ہی ہیں مرتضیٰ ثانی
ہماری بھی مدد کیجیے عزیزِ ہر دل و جانی

بیاں ہو کس زباں سے غوثِ اعظم آپ کا رتبہ
نبی کا کر کے نائب آپ کو اللہ نے بھیجا
ہے حضرت کو ہی شانِ طالب و مطلوب بھی زیبا
کہ حق کے آپ شیدا اور حق بھی آپ کا شیدا
غلاموں کی بھی رکھو لاج اے رسولِ پاک کے جانی

ولی ہے آپ جیسا اور نہ کوئی غوثِ اعظم ہے
نہ کوئی پیر ہے ایسا نہ ایسا قطبِ عالم ہے
عجب ذاتِ مکرم ہے عجب شانِ معظم ہے
کریں توصیف جتنی آپ کی ہم وہ بہت کم ہے
لقب ہے آپ کا میراں محی الدین جیلانیؒ

فضیلت میں فزوں تر آپ یوں کل اولیا میں ہیں
کہ جیسے سیدِ لولاک افضل انبیا میں ہیں
اور اس پر طرفہ تر یہ ہے کہ آلِ مصطفےٰ میں ہیں
اسی باعث یہ چرچے ہر گھڑی اہلِ صفا میں ہیں
عیاں ہیں چہرۂ پرنور سے انوارِ ربانی

بھلا کیا ہو ادا مجھ سے جنابِ پیر کی مدحت
کہاں ہے مجھ میں یہ لیاقت کہاں ہے مجھ میں یہ قدرت
ہیں جتنے اولیا سب سے بڑھ کر آپ کی عظمت
زمیں سے عرشِ اعظم تک پہنچی ہے بس یہی شہرت
جنابِ غوثِ اعظم ہیں عجب بے مثل و لاثانی

جنابِ غوثِ اعظم کی جو عزت ہے وہ ظاہر ہے
ولی خیر الوریٰ جیسی جو حرمت ہے وہ ظاہر ہے
ادھر اللہ سے ان کو جو قربت ہے وہ ظاہر ہے
ادھر مخلوق میں ان کی جو عزت ہے وہ ظاہر ہے
نہیں اہلِ ولایت میں کوئی بھی آپ کا ثانی

نہ پوچھو کس قدر یہ طالبِ دیدار حیراں ہے
غمِ فرقت سے ہر دم اور ہر ساعت پریشاں ہے

مدد کیجے کہ وہ امداد کا ہر وقت خواہاں ہے　　طفیلِ بخشش بغداد بلوا لیجے ارماں ہے
جنابِ پیرِ پیراں غوثِ اعظم قطبِ ربّانی

کٹی جاتی ہے میری عمر ساری بیقراری میں　　رہا کرتا ہوں میں مصروف ہر دم آہ و زاری میں
دعا کرتا ہوں میں رو رو کے بھی درگاہِ باری میں　　کہ پہنچا دے مجھے تو پیر کی خدمت گزاری میں
رہوں جب تک رہے اِس آستاں کی اُن کے دربانی

خدا لیجائے مجھ کو بھی اگر بغداد جاؤں گا　　مصیبت کی کہانی پیر کو ساری سناؤں گا
اگر صورت جنابِ پیر کی میں دیکھ پاؤں گا　　نہ پوچھو کیسی کیسی حسرتیں دل کی سناؤں گا

ازل سے ہوں فدائے صورتِ محبوبِ سُبحانی

گنہگاروں سے جیسی کچھ محبت ہے وہ ظاہر ہے　　خطاکاروں پہ جو چشمِ عنایت ہے وہ ظاہر ہے
سیہ کاروں پہ جیسی کچھ شفقت ہے وہ ظاہر ہے　　ہر صورت غلاموں سے جو الفت ہے وہ ظاہر ہے
بلا شک آپ ہیں یا غوث اِک دریائے فیضانی

گنہگاروں کو حق سے بخشوانا آپ سے ممکن　　خدا سے اڑ کے مقصد کا دلانا آپ سے ممکن
جسے چاہو اُسے اپنا بنانا آپ سے ممکن　　غرض ہر بات کو ممکن بنانا آپ سے ممکن
تو پھر کیوں نہیں جاتی دلِ خادم کی حیرانی

یہاں حاجت بر آنے میں نہیں ہوتی کبھی دیری　　یہاں مقصد کے پانے میں نہیں ہوتی کبھی دیری
یہاں غم کے مٹانے میں نہیں ہوتی کبھی دیری　　یہاں حق سے ملانے میں نہیں ہوتی کبھی دیری
لیا جب نام حضرت کا ہوئی مشکل آسانی

ہمیں رنج و مصیبت سے چھڑانا آپ کی سیرت　　کرم کرنا ہر آفت سے بچانا آپ کی فطرت
جو مانگو حق سے وہ اڑ کر دلانا آپ کی جرأت　　عزیزوں کی مدد کو جلد آنا آپ کی عادت
نہیں کیوں مجھ پہ پھر چشمِ کرم یا غوثِ صمدانی

بلالو پاس قدموں کے مجھے اپنی کرامت سے — عطا کر دو زیارت کا شرف چشم عنایت سے
نہ جانے دو کہیں ہرگز مجھے اپنی ولایت سے — رکھو مسرور مجھ کو ہر گھڑی اپنی اعانت سے
غرض ہر دم رہے مجھ پر عنایت کی فراوانی

جناب غوث اعظم کا ولی جب نام لیتا ہے — زباں پر آتے ہی پاس ادب سے تھام لیتا ہے
مگر پھر اسم والا صبح سے تا شام لیتا ہے — سخنور ہے قلم سے بھی یہی وہ کام لیتا ہے
نہ کیوں چمکے مثال مہر پھر اس کی سخندانی

جناب مولوی سید ولی اللہ صاحب ولی (از گلزار ولی)

خمسہ دیگر

نہیں ہے دوسرا تم سا کوئی محبوب سبحانیؓ — محمد کا علی کا فاطمہؓ کا راحت جانی
تو ہے حسنینؓ کا بے شبہ نور چشم نورانی — تیری میراث ہے مشکل کشائی یا حسن ثانی
طفیل پنجتن کر دے مرے مشکل کی آسانی

نبوت تیرے گھر کی ہے ولایت تیرے گھر کی ہے — سخاوت تیرے گھر کی ہے شہادت تیرے گھر کی ہے
ہمارے بخشوانے کو شفاعت تیرے گھر کی ہے — بہر صورت بچا لینا یہ عادت تیرے گھر کی ہے
کرم کر رحم کر مجھ پر تو اے معشوق یزدانی

ترے نزدیک ڈوبوں کو ترانا کچھ نہیں مشکل — ترے نزدیک مرتوں کو بچانا کچھ نہیں مشکل
ترے نزدیک مُردوں کو جلانا کچھ نہیں مشکل — یہ ثابت ہے کہ جو مانگو دلانا کچھ نہیں مشکل
پھر اتنی دیر کیوں ہے یا علیؑ سیرت حسن ثانی

بحق حضرت جل و علا میری مدد کر دے — بحق شافع روز جزا میری مدد کر دے
بحق دوستان مصطفےٰ میری مدد کر دے — بحق جد خود شیر خدا میری مدد کر دے

مدد کر میری للہ یا محی الدین جیلانی رضؓ

خدا سے تجھ کو قربت ہے خدا کو تجھ سے قربت ہے
خدا سے تجھ کو الفت ہے خدا کو تجھ سے الفت ہے

خدا کی تو ہی قدرت ہے خدا کی تو ہی رحمت ہے
تو جو چاہے کرے تجھ کو خدا نے دی یہ قدرت ہے

سبب کیا ہے کہ تو مجھ پر نہیں کرتا مہربانی

اگر میں غرقِ بحرِ غفلت رہتا ہوں سراسر
بجا تجھ میں جہاں کے عیب ہیں عالم سے ہوں بدتر

گناہوں سے سیہ سب ہے مرے اعمال کا دفتر
مگر جب پیر تجھ کو کہہ چکا میں نے تو اے رہبر

مجھے ہر حال میں مت بھول یا معشوقِ ربانی

خدا نے تجھ کو جو حرمت عطا کی ہے وہ ظاہر ہے
خدا نے تجھ کو جو عزت عطا کی ہے وہ ظاہر ہے

خدا نے تجھ کو جو دولت عطا کی ہے وہ ظاہر ہے
خدا نے تجھ کو جو قدرت عطا کی ہے وہ ظاہر ہے

بھلا پھر کیوں نہیں جاتی مرے دل کی پریشانی

مرا مقصد بر آنے میں اس عرصے کا سبب کیا ہے
مرا مطلب بر آنے میں اس عرصے کا سبب کیا ہے

مری حاجت بر آنے میں اس عرصے کا سبب کیا ہے
مری منت بر آنے میں اس عرصے کا سبب کیا ہے

میں تیرا ہوں تو میرا پیر ہے یا قطبِ ربانی

بحقِ حق و ذاتِ پنجتن مشکل کشائی کر
بحقِ عاشقانِ حق مری حاجت روائی کر

خزانے سے تو اپنے قرض کی میری ادائی کر
مرے والی تو قیدِ فکر سے میری رہائی کر

مجھے بے فکر کر دے یا محی الدین جیلانی رضؓ

تو مری التجا کرنے کی بھی حاجت نہ رکھا کر
کہ ہے تو ظاہر و باطن کے سب احوال سے ماہر

نہیں ہے کوئی شئے واللہ تیرے حکم سے باہر
میرے مولا مرے مرشد مرے ہادی مرے رہبر

کرم کر رحم کر مجھ پر تو یا محبوبِ سبحانی رضؓ

ترا در چھوڑ کے بندہ بھلا کس در پہ جائیگا
بجز تیرے کرم کے وہ کہاں سے فیض پائیگا

سوا تیرے وہ کس کو حالِ دل اپنا سنائیگا
ترا ہوں جب کہا اس نے تو پھر کس کا کہائیگا

تم ہی ہر طور سے کر دے ہر اک مشکل کی آسانی

(بندہ صاحب مرحوم)

خمسہ بر غزل حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب بدایونی

ابنِ زہرا منِ زار و پریشاں مددے   حالِ زارم بنگر خسروِ خوباں مددے
تا بکے نالہ کنم یا شہِ جیلاں مددے   غوثِ اعظم منِ بیکس حیراں مددے
مونسِ خستہ دلاں رحمتِ یزداں مددے

مرحبا حسنِ خداداد کا دلکش عالم   قلب پر بیخودیِ شوق ہے طاری ہر دم
خمِ گیسو کی قسم عارضِ انور کی قسم   بخیالِ رخِ تو آئینہ وشم حیرانم
دلِ من در سرِ زلفِ تو پریشاں مددے

لبِ جاں بخش کی جانب ہیں نگاہیں دن رات   گوہرِ آبِ بقا ہیں ترے در کے ذرات
محی دیں کون سنے اب ترے بیمار کی بات   دارو ئے نیست بجز لطفِ تو اے آبِ حیات
سوئے تو آمدہ ام طالبِ درماں مددے

مرحبا قادری نسبت سے سرافراز ہیں ہم   تو ہے اے ابنِ ید اللہ جہاں کا ہمدم
لاتخف سب کے لئے ہے ترا حکمِ محکم   لطفِ عامِ تو مرا چوں نہ نماید بے غم
گفتہ اِنَّ یدی بہرِ مریداں مددے

تیرے خدام میں ہے جاہ و جلالِ سرمد   ہیں سگِ در سے ترے لرزہ بر اندام اسد
پورے ہوتے ہیں ترے در سے جہاں کے مقصد   با گدایانِ جہاں کار ہمامی سازد
مور درگاہِ تو اے مہرِ سلیماں مددے

کیا سمائے مری آنکھوں میں گلستانِ ارم   کہ ہے فردوسِ نظر گلشنِ جیلاں ہر دم
لوحِ دل پر خطِ طغرا ہیں ہے یا غوث رقم   بلبلِ مدح سراے گلِ رخسارِ تو ام
اے بہارِ چمنِ عالمِ عرفاں مددے

برمنِ بے سر و پا تابکجا دورِ غمے   سوئے نا شاد بیا بادشہ خوش قدمے

ابرِ الطاف بکن بارشِ دائم بدرمے — منبعِ لطف و عطا رحمتِ عالم کرمے
معدنِ جود و سخا قلزمِ احساں مددے

جاہ و قرب ہیں اللہ سے یہ شانِ عظیم — ہے ولایت تری یا غوث جہاں کو تسلیم
تو ہے وہ قلزمِ توحید کا اک دُرِ یتیم — کس نہ شد مثلِ تو اے والی و مولا کریم
ہادی و رہبر و حامیٔ مریداں مددے

واسطہ مشفقِ پاک کا غوثِ اعظم — نورِ عرفاں کی ضیا پہ ہو تجلّی پیہم
تو یمِ فیض ہے اے شاہِ عرب شاہِ عجم — قادریؔ را بنگر از رہِ الطاف و کرم
آمدہ بر درِ تو بے سر و ساماں مددے

(جناب لسان الحسان ضیاء القادری بدایونی ضیاؔ)

بغداد والے سے

رخصت اے ضبط کہ اب ضبط کا یارا نہ رہا — صبر تا چند کہ جینے کا سہارا نہ رہا
اختیار اپنی طبیعت پہ ہمارا نہ رہا — تھا جو اقبال کی زینت وہ ستارا نہ رہا
گردشِ چرخ نے تقدیر میں چکّر ڈالا
فلکِ پیر نے برباد ہمیں کر ڈالا

تھیں زمانہ کی ہوائیں جو نشانی اپنی — ہو گئیں آہ وہی دشمنِ جانی اپنی
مل گئی خاک میں سب سحر بیانی اپنی — ہوئی افسانۂ پارینہ کہانی اپنی
اب یقیں کون کرے ہم کبھی خوشحال بھی تھے
سنگریزے ہیں جہاں آج وہیں لال بھی تھے

اک زمانے میں تھے ہم مالکِ انسانیت — تھی ہر اک پھول میں اس باغ کے رضوانیت

آج غالب دلِ وحشی پہ ہے نفسانیت — روح اب ہم میں رہی اور نہ روحانیت

گلِ تر پژمردہ کی مانند فسردہ ہم ہیں
مردنی چہرہ کی شاہد ہے کہ مردہ ہم ہیں

یہی وہ قوم ہے کہتے تھے مسیحا جس کو — تھا میسر شرفِ ملتِ بیضا جس کو
لوگ کہتے تھے ہر اک قوم سے اعلیٰ جس کو — آسماں والے سمجھتے تھے فرشتہ جس کو

تذکرے جس کے سرِ عرشِ بریں چلتے تھے
جس کے پیغام کو جبریلِ امیں لاتے تھے

اس کی فریاد دلِ سنگ میں گھر کرتی تھی — آہِ دلدوز پہاڑوں پہ اثر کرتی تھی
قوم یکسوئی کی حالت میں بسر کرتی تھی — رات دن عیش و مسرت میں گذر کرتی تھی

اب نہ آہوں میں اثر ہے نہ کشش نالوں میں
دن گزرتے ہیں مصیبت کے بُرے حالوں میں

نامرادی کا اب افسانہ سنائیں کس کو — دل پہ جو بیت رہی ہے وہ دکھائیں کس کو
چارہ سازی کے لئے ڈھونڈ کے لائیں کس کو — چارہ گرِ دردِ مصیبت کا بنائیں کس کو

دادخواہی کا بھی دنیا میں سہارا نہ رہا
آج کیا کوئی زمانہ میں ہمارا نہ رہا

لبِ خاموش اب آمادۂ فریاد نہیں — کوئی فریاد نوازِ دلِ ناشاد نہیں
نالے کرنے کا نیا ڈھنگ ہمیں یاد نہیں — آہ! ہم سا کوئی واماندۂ بیداد نہیں

شور بے سود ہے بیکار ہے نالہ اپنا
یعنی اب کوئی نہیں پوچھنے والا اپنا

ہاں مگر ایک درِ فیض و عطا باقی ہے — ایک بام اور پئے آہِ رسا باقی ہے
ایک دربار امیدوں کا بھرا باقی ہے — سانس باقی ہے تو امیدِ بقا باقی ہے

دم ذرا بھی نہیں فریاد و بکا میں باقی

ہے مگر آس دلِ نالہ سرا میں باقی

کون وہ شخص کا در ہے درِ غوث الاعظمؓ منبعِ فتح و ظفر ہے درِ غوث الاعظمؓ
جود و الطاف اثر ہے درِ غوث الاعظمؓ بیکسوں کے لئے گھر ہے درِ غوث الاعظمؓ
حسرت آباد یہیں ہوتی ہے برباد دلوں کی
رات دن بھیڑ لگی رہتی ہے فریادوں کی

انجمن رہتی ہے پروانوں سے بھرپور ان کی قطبِ عالم ہے رسائی ہے بہت دور ان کی
آس رکھتا ہے ہر اک مفلس و مجبور ان کی دستگیری ہے ہر اک قوم میں مشہور ان کی
دردمندوں کے دلِ زار کی تسکیں ہیں یہ
ان سے اسلام ہے زندہ یہ محی الدین ہیں

دلِ ناکام چل اس در کی بھی سیوا کر لیں چل کے روضہ پہ ذرا عرضِ تمنا کر لیں
آستانہ سے علاجِ سرِ سودا کر لیں یہ بھی حسرت نہ رہے اس کو بھی پورا کر لیں
گلۂ جور کریں شکوۂ بیداد کریں
آؤ ذرا منتِ شاہنشہِ بغداد کریں

موجزن بحرِ تمنا میں ہے طوفاں مدد اے پار ہو لے کا نہیں ہے کوئی ساماں مدد اے
ظلمت افزا ہے تاریکیِ ہجراں مدد اے مدد اے بہرِ خدا یا شہِ جیلاں مدد اے
غوث الاعظم میں ہے بے سر و ساماں مدد اے
قبلۂ دیں مدد اے کعبۂ ایماں مدد اے

تھا کیا آپ نے جس دین کا سامانِ حیات آپ کو حق نے کیا جس کے لئے جانِ حیات
آہ وہ دین ہے اب تشنہ لبِ شانِ حیات چند سانسیں فقط اب اس کی ہیں مہمانِ حیات
آئی ہے موجِ فنا سر سے گزرنے کے لئے
اب ہوا ہی نہیں کوئی ابھرنے کے لئے

آپ کا فیض ہے مشہورِ زمانہ یا غوثؓ آپ کا در ہے غریبوں کا ٹھکانہ یا غوثؓ

آپ ہیں اہلِ ولایت میں یگانہ یا غوثؓ
آپ بھی سن لیں مصیبت کا فسانہ یا غوثؓ
پھر نہ کہنا کہ نہ تھی حالتِ ملت معلوم
اب تو یکسوئی کا رونا ہے مسرت معلوم

آپ نور روضۂ پرنور میں آرام کریں
اور فقیر آپ کے نالے سحر و شام کریں
کس سے اب ہم گلہ گردشِ ایام کریں
عرض کس طرح نہ حالِ دلِ ناکام کریں
تا بکے خوابِ گراں خواجۂ دوراں اٹھئے
حشر اٹھنے کو ہے اب یا شہ جیلاں اٹھئے

دستگیری کے لئے آئیے بے چاروں کی
کیجئے جلد دوا ہجر کے بیماروں کی
نہ ہو حسرت کہیں پامال دل افگاروں کی
آپ کے ہاتھ ہے اب شرم گنہ گاروں کی
نظرِ فیض اثر سے جو اشارہ ہو جائے
نام ہو آپ کا اور کام ہمارا ہو جائے

قطب الاقطاب جہاں غذ بیدی غذ بیدی
رونق افزائے زماں غذ بیدی غذ بیدی
قوم ہے نالہ کناں غذ بیدی غذ بیدی
مرشدِ کون و مکاں غذ بیدی غذ بیدی
یوں نہ مقبول اگر عرضِ تمنا ہوگی
قوم سب زاد گزینِ در والا ہوگی

(جناب سیاب صدیقی اکبر آبادی ـ نیستان)

مسدّس

ملک مراد و خیر کے سرور ہیں دستگیرؓ
فیاضی جہاں میں اشہر ہیں دستگیرؓ
میدانِ رہبری کے بہادر ہیں دستگیرؓ
افواج عارفین کے افسر ہیں دستگیرؓ

جو حاضرِ جناب ہے بس فیض یاب ہے
منکر کا نشاتین میں حال خراب ہے

لاریب آپ عشقِ خدا کے فقیر ہیں　　فقرِ محمدی ہیں غنی و امیر ہیں
تقریب میں عدیم مثل بے نظیر ہیں　　عالم کے ملکِ فیض کے پیرانِ پیر ہیں
دنیا و دیں کے ملک کے مالک ہیں دستگیر رح
ہر ایک ناتوان کے حافظ ہیں دستگیر رح

محبوبِ خاصِ ایزدِ اکبر ہیں محی دین رح　　بدرِ منیر برجِ پیمبر ہیں محی دین رح
چرخِ جلالِ رح کے مہرِ منور ہیں محی الدین رح　　گلزارِ احمدی کے صنوبر ہیں محی دین رح
نورِ نبی و سرِ خدا میرے پیر ہیں
دو جگ میں بیکسوں کے وہی دستگیر ہیں

اے پیرِ خلق خواجۂ عالم شہِ ہمام　　یکسر ہیں جن و انس و ملک آپ کے غلام
حائش سا دیو چھوڑ گیا اپنا وہ مقام　　دنیا کے سال و ماہ غلامی کریں مدام
نظمِ جہاں کا حکمِ معلیٰ مدار ہے
رکنِ شریعت مرضیٔ پروردگار ہے

آپ اصل کے امیر ہیں عادات کے غریب　　محبوبِ ایزدی ہیں پیمبر کے ہیں حبیب
اے زبدۂ سیادت و انساب کے نجیب　　کب سے ہے آستانہ پڑا آن بے نصیب
پژمردہ و نحیف کو دیدار دیجئے
انہارِ خلق و فیض سے سرشار کیجئے

اے شیخِ کل و بازِ اشہب و ذوالفقار　　یہ میرا طیرِ نفس کسی وقت ہو شکار
مردے ہوئے ہیں اذنِ مقدس سے جاندار　　یہ مردہ میرے قلب کا زندہ ہو ایک بار
فیضِ جناب جبکہ عدیم المثال ہے
خادم پہ خبثِ نفس کی کیونکر وبال ہے

در پہ پڑا ہوں آپڑا میرے مخدوم الغیاث | رکھیو نہ اپنے رحم سے محروم الغیاث
لایا ہوں دردِ ہجر کا مسموم الغیاث | ہو جاؤں لطفِ شاہ سے محتوم الغیاث

ہر وقت میرا ورد زباں الغیاث ہے
مجھ ناتواں کا زور و تواں الغیاث ہے

اے بادشاہِ ملکِ خدا جن و بحر و بر | نورِ ظہور آپ کا ہے سب سے پیشتر
شہروں پہ ہے وہ چشمِ معلّٰی کی یوں نظر | جیسا کسی کو دانۂ خردل ہو ہاتھ پر

کس کو جدال و بحث کا اس بات میں ہے زور
ہیں قطب و غوث سارے زمانے کے فضلہ خور

اے سیدِ شہانِ جہاں غوثِ عالمیں | عظمت کا آپ کے ہے سبھی خلق کو یقین
سب اولیا کی خوف سے کیا گردنیں جھکیں | مارے ادب کے روح فرشتے نے چھوڑ دیں

پاس ادب میں خلق سے کس کو عدول ہے
خالق کو جبکہ عزت و حرمت قبول ہے

ان سب کو گرچہ اس سے ہے تکلیف بیکراں | اس امر میں ہے لیک مجھے فائدہ عیاں
رکھتا ہوں در پہ نالہ و فریاد کا فغاں | بر داخل جناب ہے اس شور سے بجاں

شاید جو آپ پوچھیں کہ کیا شور و شین ہے
کوئی تو بولدے گا ظہور الحسین ہے

(مولوی شاہ ظہور الحسین صاحب ظہور بٹالوی علیہ الرحمتہ)

تضمین بر رباعی حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز حسینی قدس سرہ

اے شہنشاہِ ولایت مظہرِ ربِّ قدیر | "یا قطب یا غوث اعظم یا ولی روشن ضمیر"

ہاتھ پر تیرے بِکا ہوں لاج تیرے ہاتھ ہے
"بندہ ام درماندہ ام جز تو ندارم دستگیر"

در بدر ہرگاہ والا سائل اے آفتاب
جاؤں گا خالی نہ در سے آپ کے پیرانِ پیر

دامنِ امید کو بھر دے گُلِ مقصود سے
"خاطرِ ناشاد را کن شاد یا پیرانِ پیر"

(جناب سید محی الدین صاحب قادری محی خلف حضرت مولوی سید شاہ محمد یحیی بادشاہ صاحب قادری حسینی صادق)

تضمین

کس کی فرقت نے کیا ہے مجھے آوارہ وطن
کس کی الفت نے کیا ہے مجھے گرمِ شیون

کس کی دوری میں ہوں پابندِ غم و رنج و محن
کس کے باعث سے ہے دل سوختہ برقِ محن

کیا بتاؤں تجھے وہ کون ہے اے مشفقِ من
نوِ نہالِ چمنِ عظمت و رشکِ گلشن

وہ نگارِ عربی دلبرِ جیلاں مسکن
وہ شہنشاہ کہ بغداد ہے جس کا مسکن

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربیؐ
فاطمیؓ و علویؓ و حسینیؓ نسبی

جلوۂ قامتِ موزوں پہ قیامت صدقے
رُخِ پُر نور پہ خورشید کی طلعت صدقے

خلق وہ خلق کہ جس خلق پہ خلقت صدقے
شان وہ شان کہ جس شان پہ رحمت صدقے

نازِ محبوبیت ایسا کہ نزاکت صدقے
حسن و خوبی کا وہ انداز کہ قدرت صدقے

دلِ اسلام فدا جانِ شریعت صدقے
کہہ رہی ہے یہی ہو ہو کے کرامت صدقے

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربیؐ
فاطمیؓ و علویؓ و حسینیؓ نسبی

تجھے اللہ نے جو رتبۂ اعلیٰ بخشا
کب کسی کو یہ شرف اور یہ درجہ بخشا

کیا بتاؤں کہ کرم سے تجھے کیا کیا بخشا
خلعتِ قربتِ خاص سراپا بخشا

چشمِ بینا تجھے بخشی دلِ دانا بخشا — سینۂ روشن و پُرنور و مصفّا بخشا
لبِ جاں بخش کو اعجازِ مسیحا بخشا — مہرِ عارض کو فروغِ یدِ بیضا بخشا

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسینی نسبی

احمدؐ و حیدرؓ و زہراؓ کی نشانی تم ہو — اور حسینؓ و حسنؓ پاک کے جانی تم ہو
قطبِ ربّانی و غوث الصمدانی تم ہو — دینِ اسلام کی بنیاد کے بانی تم ہو
رہبرِ طفلی و پیری و جوانی تم ہو — واقفِ رازِ عیانی و نہانی تم ہو
بحرِ افضالِ الٰہی کی روانی تم ہو — عالم الغیب کے گنجِ ہمہ دانی تم ہو

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسینی نسبی

آپ کے واسطے کی حق نے کرامت پیدا — آپ کے سر پہ ہے اکلیلِ ولایت زیبا
آپ کو منصبِ غوثیتِ اعظم بخشا — آپ کو خلعتِ قطبیتِ کونین ملا
آپ سے اخترِ تقدیرِ شریعت چمکا — آپ سے آئینۂ روئے طریقت کو جلا
آپ نے پایۂ تحقیقِ حقیقت کو دیا — آپ نے معرفتِ حق کا بتایا رستہ

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسینی نسبی

چمنِ وحدتِ حق کے گلِ بے خار ہو تم — تاج و دیہیمِ سعادت کے سزاوار ہو تم
سرمۂ مردمِ چشمِ اولی الابصار ہو تم — دونوں عالم کی حقیقت سے خبردار ہو تم
بیکسوں کے دمِ تکلیف مددگار ہو تم — ہم سے غم دیدوں کے ہر حال میں غمخوار ہو تم
عیسیٔ وقت و علاجِ دلِ بیمار ہو تم — پیشوا دین کے اسلام کے سردار ہو تم

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسینی نسبی

اے گلِ گلشنِ جیلاں و بہارِ بغداد
زینتِ ملکِ عرب زیب و بہارِ بغداد

شوخ و شنگِ عجمی ترک نگارِ بغداد
میں ہوں مجنوں ترا اے ناقہ سوارِ بغداد

کون ہے میری طرح عاشقِ زارِ بغداد
دین و ایمان و دل و جان ہے نثارِ بغداد

کم نہیں یثرب و بطحیٰ سے وقارِ بغداد
سرمۂ چشمِ ملائک ہے غبارِ بغداد

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسنینی نسبی

اے جگر گوشہ و فرزندِ رسولِ کونین
پسرِ فاتحِ جنگِ احد و بدر و حنین

خاص محبوبِ خدا فاطمہؓ کے قرۃ العین
روحِ ایمانِ علیؓ راحتِ روحِ حسنین

خسروِ کون و مکاں چشم و چراغِ حرمین
قبلۂ ہر دو جہاں حضرتِ غوث الثقلینؒ

ہند میں آپ کی دوری سے ہوں از بس بےچین
سنئے للہ کسی دن یہ مرا شیون و شین

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسنینی نسبی

تو ہے محبوبِ الٰہی اسد ذی مجد و ہمم
مجمعِ لطف و کرم منبعِ اشفاقِ اتم

شمعِ طاقِ نبوی رونقِ محرابِ حرم
سبطِ سبطینِ نبیؐ رہبرِ جن و آدم

پسرِ فاطمہ و فخرِ مسیحِ مریم
مہ جبیں مہر لقا نورِ عرب حسنِ عجم

تو گہر دونوں صدف تیرے ہیں ہستی و عدم
اولیا جتنے ہیں وہ سب ہیں ترے زیرِ قدم

مرحبا زندہ کنِ دینِ رسولِ عربی
فاطمی و علوی و حسنینی نسبی

غوثیت کا تجھے اللہ نے بخشا اعزاز
قطبیت سے تجھے خالق نے کیا ہے ممتاز

خلوتِ قدسِ الٰہی کا ہے تو محرمِ راز
کون جانے جو خدا سے ہے ترا راز و نیاز

تیرے رفتار سے پیہم ہے نمایاں اعجاز
تجھ کو زیبا ہے ہر اک ناز و ادا و انداز

نظرِ لطف ادھر بھی ہو کوئی بندہ نواز
آپ کا عاشقِ صادق ہے نظامِ جانباز

مرحبا زندہ کن دین رسول عربی
فاطمی و علوی و حسینی نسبی

(از جشن عشرت)

رُباعیات

۱
کیا فضل و کیا کمال ہے اے غوث آپکا کیا رعب و کیا جلال ہے اے غوث آپکا
قزاق لوٹتے ہیں ولایت کی دولتیں کیا بذل و کیا نوال ہے اے غوث آپکا

(از سلطان الاذکار)

۲
درد دل عالم کے مسیحا ہیں آپ میرے دل بیکس کا سہارا ہیں آپ
اک موج توجہ کی ادھر بھی یا غوث میں تشنہ جگر فیض کا دریا ہیں آپ

(جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر جلیل — معراج سخن)

۳
رکھتا ہے زمانہ مجھ سے نفرت یا غوث رض سب حال ہے پیش خود بدولت یا غوث رض
کب تک نظر دہر کا محتاج رہوں شیئاً للہ چشم رحمت یا غوث رض

دیگر

۴
دنیا کی نہ دین کی ہے دولت یا غوث رض کب تک افلاس کی مصیبت یا غوث رض
حاصل ہوں غیب سے فتوحات مجھے شیئاً للہ بدل دو قسمت یا غوث رض

دیگر

۵ افلاک میں ہے رستہ حضرت یا غوث رض　　حساد ہیں درپئے اذیت یا غوث رض
دن رات ہمارا ورد ہے شیئاً للہ　　سب زیر ہوں زیر کی بدولت یا غوث رض

(جناب ثاقب بدایونی)

---

۶ عاصی کو قیامت میں بچانا یا غوث رض　　دوزخ کے عذاب سے چھڑانا یا غوث رض
پیاسا نہ رہے روز قیامت یہ جمیل　　جام کوثر اسے پلانا یا غوث رض

(از جناب میر تراب علی صاحب جمیل)

---

۷ دلبند نبی جناب غوث اعظم رض　　مقبول خدا قطب جہاں چرخ حشم
بات آپ کی تفسیر حدیث و قرآں　　اسم آپ کا ہم معنیٔ اسم اعظم

(نواب حشمت جاہ بہادر حشمت۔ از رہبر دکن جلد ۱۲ نمبر ۲۵ مورخہ ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ دوشنبہ)

۸ فرزند ہیں مصطفیٰ کے غوث الاعظم رض　　دلبند ہیں مرتضیٰ کے غوث الاعظم رض
کیوں کر نہ دل تسلیم خم ہو سب کی　　سرتاج ہیں اولیا کے غوث الاعظم رض

(جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر جلیل — معراج سخن)

---

۹ ظاہر میں تو سب بشر ہیں ابن آدم　　ہے فضل میں زاید کوئی اور کوئی کم
اللہ نے بخشا جسے عرفاں اختر　　وہ جانتا ہے کون ہے غوث اعظم رض

(حضرت مولانا مولوی سید عبدالرشید صاحب قادری اختر)

---

۱۰ بیٹھوں میں جہاں خدا کا جلوہ دیکھوں　　مکہ کبھی دیکھوں کبھی طیبہ دیکھوں
دل میں مرے مدت سے ٹھنی ہے کاظم　　جا کر شہ بغداد کا روضہ دیکھوں

(نواب کاظم جاہ بہادر ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ از رہبر دکن جلد ۱۲ نمبر ۱۵۳)

۱۱

جاؤں میں جہاں خدا کا جلوہ دیکھوں ‏ مکہ کبھی دیکھوں کبھی طیبہ دیکھوں
دل میں مرے مدت سے ٹھنی ہے کاظم ‏ جا کر شہِ بغداد کا روضہ دیکھوں

(نواب کاظم جاہ بہادر ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ از رہبرِ دکن جلد ۱۳ صفحہ ۱۵۲)

۱۲

پڑ جائے اگر جبین روشن پر چیں ‏ برباد ہو اک آن میں بت خانۂ چیں
اسلام نے پائی ہے نئی تجھ سے ضیا ‏ کیونکر نہ ملے تجھ کو لقب محی الدینؒ

(نواب کاظم جاہ بہادر کاظم - از رہبرِ دکن جلد ۱۳ نمبر ۱۵۲ - ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ)

۱۳

گنجینۂ دل عشق سے معمور رہے ‏ یہ آنکھ تری دید سے پُر نور رہے
خالی نہ رہے سر بھی ترے سودا سے ‏ تو دل کی طرح سینے میں مستور رہے

(نواب حشمت جاہ بہادر حشمت از رہبرِ دکن جلد ۱۳ نمبر ۱۵۲ ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ)

۱۴

محبوب جہاں ہے رب کا پیارا تو ہے ‏ ہر بیکس و بے بس کا سہارا تو ہے
کیا خوف اگر چرخ ہے درپے اپنے ‏ ہر طرح مددگار ہمارا تو ہے

(نواب کاظم جاہ بہادر کاظم از رہبرِ دکن جلد ۱۳ نمبر ۱۵۳ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ)

۱۵

جاتے ہیں جو بغداد کو جانے والے ‏ کرتے ہیں بہت رشک زمانے والے
ہم کو بھی درِ غوث پہ تو پہنچا دے ‏ او طور پہ موسیٰ کو بلانے والے

(نواب کاظم جاہ بہادر کاظم از رہبرِ دکن ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ)

۱۶　بغداد سے رحمت کی ہوا آتی ہے　　ہر جھونکے سے خوشبوئے وفا آتی ہے
یعقوب کے مانند ہے حالت اپنی　　کوچہ سے جو یوسف کی صبا آتی ہے
(حضرت مولوی سید شاہ یحییٰ بادشاہ صاحب قادری حاذق)

رباعی در مدح صبح ولادت آنحضرت رضؓ

۱۷　یہ صبح ظہورِ صاحبِ تاج کی ہے　　کیونکر نہ کہوں کہ شام معراج کی ہے
ایسا کیا دور ہے رجب سے شعباں　　وہ بات جو کل کی ہے وہی آج کی ہے
(جناب پہلوان سخن ثاقب صاحب قادری بدایونی)

—— (ختم شد) ——

قطعۂ تاریخ ترتیب مجموعہ

از امام الکلام پہلوان سخن جناب محمد نجم الدین صاحب قادری بدایونی ثاقب یادگار ظہیر

گشت چو طبع این کتاب — وردِ پئے جوان و پیر
ثاقبِ عبد قادری — راجئ رحمتِ قدیر
گفت زجان فتادہ سر — مدحتِ پیر دستگیر

۱۳ ۵۵ ھ

ولہ

قطعۂ تاریخ طبع کتاب "نذر عقیدت"

اے خوشا ذوق مولوی محمود — سعئ احسن کا پوچھنا کیا ہے
سعی محمود اور خود محمود — بخدا اسم با مسمیٰ ہے
کی ہے تالیف وہ عجیب و غریب — قادریوں میں جس کا چرچا ہے
یعنے مجموعۂ مناقب غوثؓ — قدمی ھذا امر جن کا ہے
اولیائے جہاں میں بعد علیؓ — مرتبہ جن کا سب سے اعلیٰ ہے
محی دیں پیر دستگیر جہاں — غوث اعظم خطاب والا ہے
ان کے صدقے ہو یا خدا پوری — اس مؤلف کی جو تمنا ہے
زیست مسعود و عاقبت محمود — یہ صلہ گر ملے تو پھر کیا ہے

مصرع سال طبع لکھ ثاقب
قادریہ وظیفہ اچھا ہے

۱۳ ۴۶ ھ

قطعۂ تاریخ از ابو الحسنات جناب سید ولی اللہ صاحب قادری ولی

ولی اس بوستانِ منقبت کی — اگر ہو صنعتی تاریخ مطلوب
یہ زیبا ہے کہو از روئے آداب — ہر آنکھوں پر یہ وصفستانِ محبوب

۱۳ ۵۵ ھ

تقریظ و تاریخ

از ابوالحسنات جناب مولوی سید ولی اللہ صاحب قادری ولی

واہ مداحِ محی دیں محمود!
اس عقیدت پہ آفریں محمود!!

نورِ عینِ نبی کی مدحت کے — محی دینِ نبی کی مدحت کے
گل چنے جتنے لاجواب چنے — سچ تو یہ ہے کہ انتخاب چنے

خوش تلاش اور خوب گلچیں ہو
لائقِ آفرین و تحسیں ہو

دستۂ گل ہے یہ کتاب نہیں — جس کا پیدا کہیں جواب نہیں
مرحبا! مرحبا!! جزاک اللہ — حبذا حبذا عفاک اللہ
عربی، اردو، فارسی ہر نظم — ایسی محبوب ہے کہ بر سر و چشم
جو غزل اور جو قصیدہ ہے — خاص ہے منتخب ہے چیدہ ہے
ہو بہو مظہرِ عقیدت ہے — یا کھلا دفترِ عقیدت ہے
وصفِ محبوب کا ترانا ہے — قادریوں کا خاص گانا ہے
وصف اس کا زباں سے کیا ہو ولی — آپ اپنی نظیر ہو جو ولی
ختم تقریظ یک قلم کر دے — کوئی تاریخ اب رقم کر دے
یہ نیا گلستاں ہے کیا لکھوں — "بے بدل ارمغاں ہے" کیا لکھوں
ہاں جوابِ جناں ہے یہ نادر — گلشنِ بے خزاں ہے یہ نادر

۱۳۵۵ ھ

دیگر

کیا کہوں کیا چیز ہے محبوبِ سبحانی کا ذکر — ہے بلند اللہ اکبر قطبِ ربانی کا ذکر
انبیا کے بعد سارے اولیاء اللہ میں — بس مقدم ہے محی الدین جیلانی کا ذکر
ذکرِ احسن ہے جنابِ غوثِ اعظم کی ثنا — وردِ پیارا ہے جنابِ غوثِ صمدانی کا ذکر
بخشتا ہے تازگی دین اور ایماں کو یہ — فرضِ مومن ہے رسول اللہ کے جانی کا ذکر
ہاں اسی سرکار کی یہ خاص مدحیات ہیں — ہے زمین و آسماں پر جن کی سلطانی کا ذکر
برگزیدہ ہستیاں ہیں آپ کی مدحت سرا — تو کہاں اے دل کہاں اس پیرِ لاثانی کا ذکر

فکر کیا تاریخ کی ہے عرض کر دے اے ولی
ہو نہ کیوں محبوب، ہے محبوبِ سبحانی کا ذکر

۱۳۵۵ ھ

رشحات قدسیہ

حضرت سلطان الاولیا محبوب سبحانی سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عربی کلام

(کا وہ بے نظیر مجموعہ)

جو مختلف مستند قلمی اور مطبوعہ نسخوں کے عمیق مطالعے اور اُن کے باہمی موازنہ کے بعد ترتیب دیا گیا ہے اس مجموعے میں اکثر قصائد ایسے ملیں گے جو ہنوز طبع نہیں ہوئے اور اسی لئے جن تک عوام کو دسترس نہیں اور جو قصائد شائع ہو چکے ہیں وہ بھی تصحیح کے بعد شائع کردئے گئے ہیں۔ اس طور پر یہ مجموعہ حضرت کے تمام عربی کلام پر (جو اب تک دستیاب ہوسکا) حاوی ہے۔ وہ لوگ جو عربی ادب سے ذوق رکھتے ہیں اور وہ جو دامان غوثیہ سے وابستہ ہیں ان کے لئے یہ بالکل انمول تحفہ ہے اور یوں بھی بطور تبرک ہر گھر میں رکھنے کے قابل ہے بنظر افادۂ عام جن جن قصائد کا نظم یا نثر میں ترجمہ ملا وہ بھی درج کردیا گیا ہے اکثر حصہ مکمل ہو چکا ہے چند قصائد کی تصحیح ہونی ہے انشاء اللہ عنقریب شائع ہوکر ہدیۂ ناظرین ہوگا۔

سفرنامہ حرمین شریفین

یہ وہ سفرنامہ ہے جس میں مؤلف نے اپنے چشم دید واقعات اور حالات حجاز نہایت دلکش پیرائے میں بیان کئے ہیں اس سفرنامے کے مطالعہ سے حجاز کے موجودہ تمدن و طرز معاشرت پر بھی کافی روشنی پڑتی ہے علاوہ ازیں مناسک حج و ادعیہ و دیگر ضروری مسائل نہایت آسان اور عام فہم طریقے سے بتادئے گئے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سفرنامے کے مطالعہ کے بعد کسی اور سفرنامہ یا کتاب کے مطالعہ کی ضرورت باقی نہیں رہیگی غرض یہ کہ عازمین حج کے لئے یہ سفرنامہ بڑا کارآمد اور ایک اچھا رفیق راہ ہے ہر عازم حج کو روانگی سے پیشتر بمصداق "الرفیق ثم الطریق" اس سفرنامے کو ضرور اپنے ہمراہ رکھنا چاہیے ان تمام خوبیوں کے علاوہ اس سفرنامے میں مقامات مقدسہ کے عکسی فوٹو بھی ہیں جن کا ہر مسلمان کے گھر میں رہنا باعث خیر و برکت ہے عنقریب زیور طبع سے آراستہ ہو جائیگا۔

"نذر عقیدت" ملنے کا پتہ:-

۱۔ از مؤلف - ڈیوڑھی مولوی سید محمود صاحب مرحوم اندرون فتح دروازہ

۲۔ مکتبہ ابراہیمیہ عابد روڈ۔ ۳۔ مکتبہ جلالیہ پتھرگٹی۔ ۴۔ غلام دستگیر صاحب تاجر کتب گلزار حوض۔ ۵۔ عبدالقادر صاحب تاجر کتب چارمینار

قیمت ۱۰ ؎ مطبوعہ شمس الاسلام پریس چھتہ بازار حیدرآباد